**uxoriously,** adv. زن مریدی سے ؛ زن پرستی سے ۔

**uxoriousness,** n. زن پرستی ؛ زن مریدی ۔

# V

**V, v,** n. انگریزی حروف تہجّی کا بائیسواں حرف اور اٹھارواں حرف صحیح ؛ بول چال میں حرف v کی آواز ؛ تحریر و طباعت میں حرف v کی شکل ؛ حرف v کی شکل یا اس سے نامزد کوئی شے ؛ حرف v چھاپنے کے لیے کوئی ترسیمی آلہ ؛ ۵ کا عدد ظاہر کرنے والا رُومی ہندسہ ۔ حرفِ علامت برائے فتح ، خصوصاً دوسری عالمگیر جنگ کے دوران میں اتحادیوں کی جیت ۔ (کیمیا) وینیڈیم عنصر کی علامت ۔ (ریاضی) ویکٹر/سمتیہ/خط حامل ۔ (طبیعیات) سمتی رفتار ۔ (بعض اوقات چھوٹے v سے) (برق) وولٹ ۔ (بول چال) پانچ ڈالر کا نوٹ ۔

**vacancy,** n. خالی جگہ یا اسامی ؛ خالی پن ؛ خالی ہونے کی کیفیت ؛ خالی عمارت یا ہوٹل یا کوئی دفتری جگہ یا کمرہ ؛ خالی اسامی یا عہدہ ؛ خالی مقام ، سوراخ ، جوف ، رخنہ ، شگاف یا درز ؛ بے خیالی ؛ فقدانِ شعور ؛ فقدان خیالات ۔ (قدیم) بے شغلی کا وقفہ ؛ فرصت ؛ تعطیل ۔

**vacant,** a. خالی ؛ تقرّر طلب ؛ سپاٹ ؛ معطّل ؛ بلا مشمولات ؛ محروم ؛ عاری (عموماً of کے ساتھ ، جیسے: vacant of all normal emotions ) ؛ غیر مقبوضہ ؛ خالی یا بھرے بنا (جیسے : a vacant seat on a bus ) ؛ غیر آباد ؛ سُونا ، جیسے کوئی گھر یا عمارت ؛ استعمال میں نہ آنے والا ، جیسے کوئی کمرہ ؛ کسی کارکن یا عہدے دار کے بغیر ، جیسے کوئی اسامی یا عہدہ ؛ کاروبار ، کام یا کسی دوسری مشغولیت سے آزاد (جیسے: vacant time ) ؛ کسی سوچ یا خیال کے بغیر (جیسے: the vacant mind of a fool ) ؛ فقدان خیال یا فقدان عقل ظاہر کرنے والا (جیسے: a vacant stare)۔ (قانون) غیر مقبوضہ یا غیر مستعملہ اراضی ؛ کسی وارث یا مدعی کے بغیر ، جیسے کوئی متروکہ جائیداد ؛ لاوارث ؛ غیر آباد ۔

**vacantly,** adv. بے معنی طور پر ؛ غائب دماغی سے ۔

**vacantness,** n. خالی پن ؛ کھوکھلا پن ۔

**vacate.** خالی کرنا ؛ قبضہ اٹھا لینا ؛ کوئی جگہ چھوڑ دینا (جیسے : to vacate one's job )؛ قبضہ یا استعمال ترک کر دینا (جیسے : to vacate a house ) ؛ غیر مؤثر یا منسوخ کردینا ۔ (فعل لازم) کوئی عہدہ یا اسامی خالی کر دینا ؛ کسی جگہ یا رہایش کا قبضہ ترک کر دینا ۔ (بول چال) ترک کر دینا ؛ چلا جانا ؛ چھوڑ جانا ۔

**vacation,** n. تعطیل ؛ مہلت ؛ وقفہ ؛ چُھٹّی ؛ کسی مستقل کام سے آزادی یا چُھٹّی ؛ مطالعہ ، کام یا کسی دوسرے مستقل فرض کے تعطل کا دورانیہ، مثلاً سفر ، تفریح یا سستانے کی خاطر ؛ درمیانی وقفہ یا چُھٹی ؛ سال کا وہ باقاعدہ مقرر حصہ جبکہ عدالتوں کا کام معطّل ہو جاتا ہے ؛ خالی کرنے کا عمل ۔ (فعل لازم) تعطیل منانا ؛ تعطیل گزارنا ، جیسے کسی خاص مقام پر ۔

**vacationless,** a. بے تعطیل ؛ تعطیل کے بغیر ۔

**vactionist, vacationer,** n. تعطیل گزار ؛ تعطیل منانے والا ؛ چھٹی گزارنے والا ۔

**vacationland,** n. تفریح گاہ ؛ تعطیل گاہ ؛ مقام تعطیل ؛ تعطیل گزاروں کے سستانے اور تفریح کرنے کے لیے دلچسپ اور خوش نما مناظر اور دوسری مُسرّت بخش خصوصیات رکھنے والا مقام یا علاقہ ۔

**vaccinate,** v.t., v.i. جدرین کاری کرنا ؛ ٹیکا لگانا ؛ چیچک سے محفوظ رہنے کی صلاحیت پیدا کرنے یا اس کے حملے سے مامونیت کے لیے گائے کی جدرین یا ویکسین کا ٹیکا لگانا ؛ کسی اور بیماری کے جرثوموں کا ٹیکا لگانا ؛ انسدادی تدبیر کرنا ۔

**vaccinator,** n. جدرین کار ؛ ویکسین کا ٹیکا لگانے والا ؛ ٹیکا لگانے والا ۔

**vaccination,** n. جدرین کاری ؛ ویکسین کا ٹیکا لگانے کا عمل ؛ ویکسین کا ٹیکا ۔

**vaccine,** n. جُدرین ؛ چیچک سے متاثرہ گائے یا انسان کے آبلوں سے حاصل کردہ اور ویکسین کے ٹیکے میں کام آنے والا سمی مادہ ؛ دوسری مختلف بیماریوں میں سے کسی بیماری کے معتدل بنائے ہوئے اور انسدادی ٹیکے میں کام آنے والے باریک جرثومے ؛ ویکسین ۔ (صفت) ویکسین کے متعلق یا ٹیکا لگانے کے متعلق ؛ جدرینی ۔

**vaccinal,** a. جُدرینی ؛ ٹیکا لگانے یا ویکسین کے باعث یا ان کے متعلق ۔

**vaccinia,** n. جدری البقر ؛ گائے کی چیچک ؛ ویکسین کا ٹیکا لگانے سے پیدا ہونے والی مصنوعی چیچک ؛ ویکسینیا ۔

**vaccinial,** a. جدری البقری ؛ ویکسینیا کا ؛ مصنوعی چیچک سے متعلق ۔

**vacillate,** v.i. لڑکھڑانا ؛ ٹیڑھا میڑھا چلنا ؛ پس و پیش کرنا ؛ ڈگمگانا ؛ گھٹنا بڑھنا ؛ ذہنی یا خیالی طور پر پس و پیش کرنا ؛ غیر مستقل ، غیر قطعی یا متزلزل ہونا ۔

**vacillation,** n. لڑکھڑاہٹ ؛ تزلزل ؛ تذبذب ؛ پس و پیش ؛ حیص بیص ؛ ڈگمگاہٹ ؛ لہر چال ؛ گھٹاؤ بڑھاؤ ۔

**vacillator,** n. متذبذب ؛ غیر مستقل ؛ پس و پیش کرنے والا ۔

**vacillating, vacillant, vacillatory,** a. پس و پیش کرنے والا ؛ حیص بیص سے دو چار ؛ غیر مستقل ؛ غیر قطعی ؛ بدلنے والا ؛ مذبذب ؛ بار بار بدلنے والا ۔

**vacillatingly,** adv. تذبذب میں ؛ حیص بیص کرتے ہوئے ؛ پس و پیش کے ساتھ ۔

**vacuity,** n. خالی پن ؛ جوف ؛ خلا ؛ خالی یا بن بھرے ہونے کی حالت ؛ خالی یا بے بھری جگہ ؛ ذہنی محنت سے نجات ؛ بے خیالی ؛ بے شعوری ؛ احمقانہ یا بے مغز بات ۔

**vacuolate, vacuolated,** a. خالیہ دار ؛ جوف دار ؛ کھوکھلا ؛ خلال دار ۔

**vacuolation**, n. خالیّہ داری ؛ جوف داری ؛ جوفوں کا سلسلہ یا نظام ۔

**vacuole**, n. (حیاتیات) خالیہ ؛ بہت سے پودوں کے خلیے کے ابتدائی مادے میں کوئی ایسا خلا جس میں آبی محلول بھرا ہو ؛ کسی عضویاتی نسیج میں پائے جانے والے سیّال مادے یا ہوا سے بھرا ہوا نہایت باریک خلا یا جوف ۔

**vacuolar**, a. خالیوی ؛ جوف دار ؛ خلال کا ۔

**vacuous**, a. خالی ؛ مشمولات کے بغیر ؛ خیالات یا سمجھ سے خالی ؛ احمق ؛ گھامڑ ؛ بے مغز ؛ خالی الذہن نظر آنے والا (جیسے : a vacuous look ) ؛ بے مقصد ؛ غیر مصروف ؛ کاہل ؛ بے معنی ۔

**vacuously**, adv. خالی ذہنی سے ۔

**vacuousness**, n. بے مغزی ؛ خالی ذہنی ۔

**vaccum**, n. خلا ؛ جوف ؛ کیمیائی جوہروں اور سالموں سے خالی جگہ ؛ ایسی گھری ہوئی جگہ جس میں سے مادّہ خصوصاً ہوا کم و بیش نکال دی گئی ہو ؛ خارجی ماحول کے عناصر سے جدا کیے جانے کی حالت ؛ خلا سے صاف کرنے والا ؛ خلائی گرد کش ۔ (صفت) خلا پیدا کرنے یا خلا استعمال کرنے سے متعلق ؛ ہوا سے جزوی طور پر خالی (جیسے : a vacuum container ) ؛ پیکٹ بنانے کے کسی ایسے طریقے سے متعلق جس کے ذریعے اسے مُہر بند کرنے سے پہلے اس میں سے کچھ ہوا نکال دی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) خلائی آلے کے زیر عمل لانا ؛ خلائی گرد کش استعمال کرنا ۔ (فعل لازم) خلائی گرد کش چلانا ۔

**vacuum bottle, thermos**, n. خلا دار بوتل ؛ تھرموس ؛ پانی یا مشروب کی گرمی یا ٹھنڈک وغیرہ کو خارج ہونے سے روکنے والی خلا دار بوتل ۔

**vacuum cleaner**, n. خلائی گرد کش ؛ قالین ؛ فرش اور فرنیچر وغیرہ سے گرد کھینچ لینے والا آلہ ۔

**vacuum guage**, n. خلا ناپ ؛ پیدا شدہ خلا کا درجہ بتانے والا آلہ ، جیسے بھاپ کے آلۂ تکثیف میں ؛ خلا پیما ۔

**vacuum-packed**, a. خلابند ؛ ایسے مہر بند ظرف سے متعلق جس میں سے پوری یا بیشتر ہوا نکال دی گئی ہو ۔

**vacuum pump**, n. خلا پمپ ؛ ہوا پمپ ؛ جزوی خلا پیدا کردینے والا آلہ یا پمپ ؛ ایسا پمپ جس کا جزوی خلا پانی اونچا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

**vacuum tube, electron tube, (Brit.) vacuum valve, valve**, n.
(برقیات) خلائی نلی ؛ ایک مہر بند ہوا سے جزوی طور پر خالی شیشے کا خول جولہریں پیدا کرنے ، افزوں کرنے ، بہتر بنانے یا سیدھی کرنے کے کام آتا ہے اور جس میں ایک منفیرہ ہوتا ہے جسے گرم کرنے سے برقیے خارج ہوتے ہیں ؛ ایک مثبیرہ جس میں دھات کا ایک پترا مثبت قوت پر رکھا جاتا ہے اور ایک گرڈ (جالی) جو منفیرے سے مثبیرے تک برقیوں کے مستقل بہاؤ کو کنٹرول کرتی ہے ؛ کُرکس کی نلکی جیسی ایک مہر بند جزوی طور پر خالی یا لطیف کردہ گیس بھری شیشے کی نلکی ، جو بجلی کے اخراج کے اثرات دیکھنے کے کام آتی ہے ۔

**vade mecum**, n. کتاب یا اور کوئی چیز جو کوئی شخص اکثر استعمال کے لیے مستقل طور پر اپنے ساتھ لیے پھرتا ہے ؛ بیاض ؛ کتابچہ ۔

**vadose**, a. (ارضیات) ویڈوس ؛ بعض زیر زمین پانی ، چشموں وغیرہ سے متعلق جو زمین کی بالائی سطح کے نیچے تھوڑی سی گہرائی پر لیکن پانی کی سطح سیرابی سے اوپر واقع ہوں ۔

**vagabond**, a. آوارہ ؛ سیلانی ؛ کسی مستقل سکونت کے بغیر جگہ جگہ مارا مارا پھرنے والا ؛ خانہ بدوش ؛ بے قاعدہ ، بدنام یا غیر مستقل زندگی بسر کرنے والا ؛ بیکار ؛ بے مصرف یا بدنام ؛ خانہ بدوشانہ یا سیلانی سے متعلق (جیسے : vagabond habits ) ؛ کسی مخصوص مقصد کے بغیر بیکار ، بے سمت گھومنے پھرنے والا ۔ (اسم) وہ شخص جس کا کوئی مقررہ ٹھکانا نہ ہو اور جو جگہ جگہ مارا مارا پھرتا ہو ، خصوصاً روزی کے ظاہری وسائل کے بغیر نکمّا ، مارا مارا پھرنے والا ؛ آوارہ گرد ؛ بے مصرف آدمی ؛ بدمعاش ؛ لُچّا ؛ نگھرا ۔

**vagabondish**, a. آوارہ گردوں کا ؛ خانہ بدوشانہ ؛ آوارہ مزاج ۔

**vagabondism**, n. آوارگی ؛ آوارہ گردی ۔

**vagabondage**, n. آوارگی ؛ آوارہ گرد لوگ ۔

**vagal**, a. تائیوی ؛ عصب تائی ؛ کھوپڑی کے نیچے جانے والے عصبے سے متعلق ؛ عشیریہ کے متعلق ۔

**vagary**, n. وہم ؛ خودسری ؛ غیر یقینی یا عجب خیال یا عمل ؛ موج یا ترنگ ؛ سنک ؛ انوکھا خیال ؛ انوکھی حرکت ؛ تلوُّن مزاجی ۔

**vagarious**, a. وہمی ؛ انوکھا ؛ خود سر ؛ ڈانوا ڈول ۔

**vagariously**, adv. انوکھے انداز سے ؛ تلوُّن مزاجی سے ۔

**vagile**, a. (حیاتیات) آزادانہ حرکت کرسکنے والا ۔

**vagility**, n. حرکت کی آزادی ۔

**vagina**, n. (تشریح الاعضا) فرج ؛ مہبل ؛ اندام نہانی ؛ نیام ؛ غلاف ؛ میمل جانوروں کی مادہ میں بچّہ دانی تک جانے والی نالی ؛ غلاف کی خصوصیات رکھنے والا کوئی عضو یا اس کا حصہ ۔ (نباتیات) پتّیوں کے ڈنٹھل سے بننے والا نلکی نما حصّہ جہاں وہ تنے کو ڈھانپ لیتا ہے ۔

**vaginal**, a. فُرج کا ؛ مہبلی ؛ غلاف نما ؛ فُرج سے متعلق ۔

**vaginate, vaginated**, a. غلاف دار ؛ غلافی ؛ غلاف سے ڈھکا ہوا ۔

**vaginitis**, n. (امراضیات) فُرج کا ورم ؛ التہاب فُرج ؛ سوزش مہبل ؛ ورم مہبل ۔

**vagrancy**, n. خانہ بدوشی ؛ مستقل رہایش کے بغیر سیلانی پن ؛ آوارہ گردی ؛ آوارگی ؛ تقریر و خیال کی آوارگی ۔

**vagrant**, n. خانہ بدوش ؛ آوارہ یا کوئی مستقل گھر یا رہایش نہ رکھنے والا شخص ؛ نکمّا ؛ سیلانی یا آوارہ گرد ؛ اوباش ۔ (قانون) نکمّا اور اکثر بے سلیقہ شخص جو بظاہر قانونی طور پر جائز وسیلہ معاش نہ رکھتا ہو جیسے رنڈی ، بھکارن یا نشے باز ؛ مٹر گشت کرنے والا ؛ مارا مارا پھرنے والا ۔ (صفت) آوارہ ؛ آوارگی سے متعلق ؛ آوارہ گرد سے متعلق ؛ خانہ بدوش ؛ بے ٹھکانا ؛ من موجی ؛ بے سمت یا بے مقصد پھرنے والا ؛ سیلانی ۔ (قدیم) Vagron ۔

**vagrantly**, adv. خانہ بدوشانہ ؛ آوارہ گردی سے ؛ سیلانی پن سے ۔

**vague,** a.
مبہم ؛ دھندلا ؛ ماند ؛ مدھم ؛ بے معنی ؛ غیر واضح ؛ مقصد سے خالی ؛ ناصاف ؛ غیر قطعی ؛ غیر یقینی ؛ مشکوک ؛ غیر حتمی ؛ غیر مستند ؛ پراگندہ ؛ بے سروپا ؛ گول مول ۔

**vaguely,** adv.
مبہم طور پر ؛ دھندلے پن سے ؛ غیر قطعی انداز سے ؛ گول مول الفاظ میں ۔

**vagueness,** n.
ابہام ؛ دھندلا پن ؛ پراگندگی ۔

**vagus, vagus nerve,** n.
(تشریح الاعضا) عصبِ ثانیہ ؛ عِشریہ ؛ قحفی ؛ اعصاب کے دسویں جوڑے کا ایک عصبہ جو گردن اور سینے سے ہوتا ہوا شکم کے اوپری حصے تک جاتا ہے اور اپنی شاخوں سے حنجرے ، پھیپھڑوں ، دل ، معدے اور پیڑو کے احشا و امعا وغیرہ کو حسّی ، حرکی اور افرازی یا اخراجی تحریکات فراہم کرتا ہے ؛ شش معدی عصبہ ، عصب شش معدی ؛ پھیلنے والا عصبہ ؛ آوارہ عصبہ ۔

**vail,** v.t.
نیچے لانا یا گرانا ؛ اور نیچے جانا ؛ گرنے دینا ؛ ڈوبنے دینا ؛ نیچا ہونے دینا ۔ (قدیم) اتارنا ، جیسے تعظیم و تکریم کی خاطر ٹوپی ۔

**vail,** v.i., v.t.
(قدیم) مفید ہونا ؛ فائدہ اٹھانا ۔ (اسم) (قدیم) انعام یا کشش ۔

**vain,** a.
خالی خولی ؛ کھوکھلا ؛ شیخی باز ؛ بے ثمر ؛ بے حقیقت ؛ بے بنیاد ؛ بے فائدہ ؛ لا حاصل ؛ کورا ؛ مغرور ؛ نخرے باز ؛ جھوٹا ؛ دکھاوٹی ؛ گھمنڈی ؛ نخریلا ؛ خود بین ؛ جو حقیقی قدر و قیمت نہ رکھے (جیسے : a vain promise ) ؛ بے اثر ؛ بیکار ؛ لا حاصل یا ناکام (جیسے : a vain endeavor ) ۔

**in vain,**
بیکار ؛ لا حاصل ؛ بے نتیجہ ؛ فضول ؛ بے فائدہ ؛ اکارت ؛ بے اثر ؛ ناکام (جیسے : to try in vain ) ؛ سبک ؛ حقارت آمیز یا بھدے انداز سے (جیسے : to use god's name in vain ) ۔

**vainly,** adv.
بے ادبی سے ؛ گھمنڈ سے ۔ لا حاصلی سے ۔

**vainness,** n.
لاحاصلی ؛ گھمنڈ ۔

**vain glorious,** a.
شیخی باز ؛ لاف زن ؛ شیخی خورا ؛ ڈینگیا ؛ شیخی ہانکنے والا ۔

**vaingloriously,** adv.
شیخی بازی سے ۔

**vaingloriousness,** n.
شیخی بازی ۔

**vainglory,** n.
شیخی ؛ لاف زنی ؛ ڈینگ ؛ اتراہٹ ؛ خودستائی ؛ ریاکاری ؛ کھوکھلی نمایش ؛ شان ۔

**vair,** n.
سمور ؛ از منۂ وسطیٰ میں استعمال ہونے والا ایک قسم کا سمور جسے کالے رنگ والی پیٹھ اور سفید رنگ والے پیٹ کی ایک قسم کی گلہری کی کھال سے بناتے ہیں ۔ (نقابت) ایک قسم کا سمور جس کا نمونہ عموماً باری باری سے نقرئی اور نیلی ناقوس نما شکلوں سے دکھایا جاتا ہے ۔

**valance,** n.
مسہری جھالر ؛ مسہری کافریم یا الماری اور شامیانے وغیرہ کے اوپر کے سرے سے لٹکنے والا پردہ ؛ کھڑکی کے اوپر لگی ہوئی پردہ لٹکانے والی کھونٹیوں کو ڈھانپنے والا ایک مختصر سا آرایشی پردہ ۔

**valanced,** a.
پردے والا ؛ آرایشی ؛ پردے پڑا ۔

**vale,** n.
درّہ ؛ پہاڑیوں کے درمیان نشیبی زمین کا ایک قطعہ ۔ (مجازاً) زمینی زندگی اور اس کی آفات ۔

**vale,** interj., n.
خیر باد ؛ الوداع ؛ خدا حافظ ؛ ایک الوداعی کلمہ ۔

**valediction,** n.
وداع ؛ رُخصت ؛ بدا ؛ ایک الوداعی کلمہ یا خطاب ۔

**valedictorian,** n.
الوداعی خطاب ، عموماً لائق ترین طالب علم کا وہ خطاب جو اپنی جماعت کی مشقوں کے آغاز یا گریجویٹ ہونے کے موقع پر کرتا ہے ۔

**valedictory,** a.
الوداعی ؛ رخصتی ؛ الوداعی خطاب کے متعلق خصوصاً لائق طالب علم کی تقریر ۔ (اسم) الوداعی خطاب ۔

**valence, valency,** n.
(کیمیا) گرفت ؛ کسی ایک ایٹم کی وہ صلاحیت جو یہ پتا دیتی ہے کہ وہ کیمیاوی طور پر کتنے دوسرے ایٹموں کے ساتھ متحد ہو سکتا ہے ، خصوصاً ہائیڈروجن کے ساتھ سالمے بنانے میں (جیسے : a valance of one, the capacity to unite with one atom of hydrogen or its equivalent ) ۔

**Valenciennes, Valenciennes lace, Val lace,** n.
ویلن لیس ؛ فرانس کے قصبے ویلن سینس میں ہاتھ سے بنی جانے والی لیس ۔

**valentine,** n.
ویلنٹائن تحفہ ؛ یوم ویلنٹائن کے موقع پر ایک شخص کی جانب سے دوسرے کو بھیجا ہوا ایک جذباتی بعض اوقات طنز آمیز مطبوعہ کارڈ یا احترامی تحفہ یا نذرانہ ؛ یوم ویلنٹائن پر منتخب کی ہوئی محبوبہ ؛ محبت بھرا تحریری پیغام یا نقش و نگار ؛ اُلفت نامہ ۔

**Valentine's Day, Valentine Day,** n.
سینٹ ویلینٹائن کا دن ؛ یوم سینٹ ویلینٹائن (۱۴ فروری) ۔

**valerian,** n.
جنس سنبل ؛ بالچھڑ ؛ اسی نام و نسل کی کوئی سی سدا بہار بوٹی جیسے سورج مکھی کا سفید یا گلابی پھولوں کا ایک پودا جس کی جڑیں اعصاب کو سکون بخشنے اور تشنج روکنے کی دوا کے طور پر مستعمل تھیں ،اس کی جڑ سے حاصل ہونے والی دوا ؛ بلّی لوٹن ۔

**valeric,** a.
سنبلی ؛ بالچھڑ سے متعلق یا حاصل شدہ ۔

**valeric acid,** n.
(کیمیا) تیزابِ سُنبل ؛ اس پودے کی جڑوں سے نکالا ہوا یا کیمیائی طور پر بناہوا ،عطریات و ادویات میں استعمال ہونے والا ایک تیزاب ۔

**valet,** n.
نوکر ؛ خادم ؛ مرد ملازم جو اپنے آقا کا ذاتی خدمتگار ہوتا ہے ؛ کسی جگہ ملازم شخص جیسے ہوٹل میں (مہمانوں کی مختلف ذاتی خدمات انجام دینے کے لیے) ؛ ٹہلوا ؛ چاکر ۔ (فعل متعدی و لازم) بطور خادم کام کرنا یا خدمات انجام دینا ۔

**valet de chambre,** n.
[فرانسیسی] ویلٹ ؛ ذاتی نوکر ؛ خانگی خادم ۔

**valetudinarian,** n.
دائم المرض ؛ سدا کا روگی ؛ کمزور یا بیمار جثے کا آدمی ؛ دوبارہ صحت مند ہونے کی کوشش میں لگا ہوا شخص ؛ وہ شخص جو کمزور صحت کے باعث زیادہ متردد ہو ۔

**valetudinarianism,** n.
دائم المرض ہونے کی حالت ؛ سدا روگ ۔

**valetudinary,** n., a.
دائم المرض ؛ سدا روگی ؛ خراب صحت اور کمزور جثے والا ۔

**valgus, n.** (امراضیات) روحُ القدم ؛ ٹانگ یا پاؤں
کی مڑی ہوئی ہڈیوں کی حالت ، جیسے چلنے میں رگڑتے ہوئے گھٹنے ۔
(سابقاً) کماں جیسی ٹانگ ؛ اس مرض میں مبتلا انسان ۔ (صفت) بنگا ۔
(سابقاً) بینڈا ؛ کج پا ؛ کماں جیسی ٹانگوں والا ؛ نیوڑ لگنے والا ۔

**valiancy, valiance, n.** بہادری ؛ حوصلہ مندی ؛ دلیری ۔

**valiant, a.** بہادُر ؛ حوصلہ مند ؛ دلیر ؛ نڈر ؛ دلیرانہ ؛
بہادری سے انجام دیا ہوا ۔

**valiantly, adv.** بہادُری سے ۔

**valiantness, n.** بہادری ؛ دلیری ؛ جُرات ؛ بل ؛ شجاعت ؛ طاقت ۔

**valid, a.** درست ؛ حقائق کی بھرپور حمایت
کرنے والا ؛ مضبوط بنا ہوا ؛ صحیح یا ٹھیک ؛ درست یا موثر ؛ کافی
قانونی تقویت یا زور رکھنے والا ؛ قانونی نقطۂ نظر سے بجا یا کافی ؛
اصولی ؛ آئینی ؛ معقول ؛ معتبر ؛ مستحکم ؛ باضابطہ ۔ (منطق) پہلے
کے مسلّمہ مقدمات سے صحیح صحیح اخذ کردہ ۔

**validly, adv.** جوازاً ؛ صحیح طور پر ؛ ٹھیک ٹھیک ۔

**validness, n.** قانوناً صحت یا جواز ؛ درستی ۔

**validate, v.t.** جواز دینا ؛ قانوناً درست بنانا ؛
توثیق کرنا ؛ جائز ٹھہرانا ۔

**validation, n.** جواز کاری ؛ صحت ؛ توثیق ؛ درستی ۔

**validity, n.** جواز ؛ صحت ؛ قانوناً درست ہونے
کی حالت یا صفت ، تقویت یا زور ۔

**valine, n.** (حیاتی کیمیا) ایک امائنو تیزاب ؛
لحمیات کی آب باشیدگی سے حاصل شدہ اور علاج میں تکملہ/اضافی
غذا کے طور پر استعمال ہونے والا جو پانی میں حل پذیر سفید قلموں کی
صورت میں ملتا ہے ؛ ویلین ۔

**valise, n.** [فرانسیسی] بقچی ؛ جامہ دانی ؛ مسافر کے
کپڑے اور متعلقہ چیزیں رکھنے کے لیے ایک چھوٹا سا تھیلا یا پیٹی ؛
سوٹ کیس ۔

**vallate, a.** کاسی ؛ پیالہ نما ؛ مینڈھ یا
بلندی سے گھرا ہوا ۔

**vallation, n.** فصیل ؛ مینڈھ ؛ مورچہ ؛ شہرپناہ ؛ عموماً فوجی
دفاع کے لیے پشتے یا خندق کا حصار ؛ دفاعی استحکامات کی نقشہ
کشی ، منصوبہ بندی اور تعمیر کی مہارت اور طریق کار ؛ مورچہ
بندی ؛ فصیل کاری ۔

**vallecula, n.** (تشریح الاعضا) شیار ؛ خیارہ ؛
تجویف ؛ لیک ؛ لکیر یا نالی جیسے زبان کے پچھلے حصے میں ۔
(نباتیات) گہری نالی یا نشیب ۔

**vallecular, valleculate, a.** شیار دار ؛ جھری دار ؛ لیک نما ۔

**valley, n.** وادی ؛ گھاٹی ؛ پہاڑیوں یا پہاڑوں سے گھرا ہوا
زمین کا نشیب جس میں عموماً کوئی چشمہ یا دریا بہتا ہے یا وہ وسیع
میدان جس میں سے کوئی ندی گزرتی ہے ؛ قعر ؛ گہرائی ؛ مرغزار ۔ (فن
تعمیر) چھت کی دو ڈھلوانوں کے ملاپ سے بننے والا زاویہ ۔

**valonia, n.** کاس بلوط ؛ ولونیا ؛ ایک قسم کے
شاہ بلوط کے پھلوں کے پیالے جو بحیرۂ روم کے علاقے سے چمڑا کمانے
اور رنگنے میں استعمال کرنے کے لیے برآمد کیے جاتے ہیں ۔

**valor, Brit. valour, n.** دلیری ؛ مردانگی ؛ شجاعت ؛ ہمت ؛
وہ وصف جو انسان کو ڈٹ کر خطرے کا سامنا کرنے کے قابل بناتا ہے ؛
بہادری،خصوصاً لڑائی میں ؛ نڈر پن ؛ جواں مردی ۔

**valorize, v.t.** قیمت مقرر کرنا ؛ حکومت کا کسی تجارتی
شے کو کسی مقررہ یا امدادی قیمت پر خرید کر اس کی قیمت مقرر کرنا
یا قائم رکھنا ۔

**valorization, n.** قیمت بندی ؛ کسی شے کی قیمت کا سرکاری
طور پر تعین ۔

**valorous, a.** دلیر ؛ بہادر ؛ حوصلہ مند ؛ شجاع ؛ نڈر ؛
جوانمرد ؛ منچلا ۔

**valorously, adv.** دلیرانہ ؛ شجاعانہ ؛ بہادرانہ ؛
جوانمردانہ ۔

**valorousness, n.** دلیری ؛ جیالا پن ؛ شجاعت ؛ بہادری ؛
جوانمردی ۔

**valse, n.** [فرانسیسی] والز ، خصوصاً وہ والز ناچ
جس میں دو شخص مل کر ایک دوسرے کے گرد پھرتے ہوئے ناچتے
ہیں ۔

**valuable, a.** قیمتی ؛ گراں قیمت ؛ بیش قیمت ؛ مہنگا ؛
قابل قدر ؛ قابل احترام خوبیوں کا حامل ؛ فائدے کا یا اہمیت والا ؛ گراں
بہا ؛ بیش بہا ؛ مفید ؛ کارآمد ۔ (اسم ، عموماً جمع) قیمتی اشیا جیسے
ذاتی ملکیت یا سوداگری کی ، خاص طور پر نسبتاً چھوٹی جسامت کی
چیزیں ۔

**valuableness, n.** بیش قیمت ؛ مہنگا پن ؛ گراں قدری ۔

**valuably, adv.** مہنگے پن سے ؛ بیش قدری سے ۔

**valuate, v.t.** قیمت لگانا ؛ آنکنا ؛ قدروقیمت کا
اندازہ لگانا ؛ تشخیص مالیت کرنا ۔

**valuator, n.** تشخیص کُنندہ ؛ آنکنے والا ؛ قیمت لگانے
والا ؛ تخمین کار ۔

**valuation, n.** تشخیص مالیت ؛ تشخیص قدر ؛ مقررہ
قیمت ؛ تخمین کاری ؛ استحسان صفات و اقدار ، قدروقیمت کا اندازہ ۔

**valuational, a.** تشخیصی ؛ تخمینی ۔

**valuationally, adv.** تشخیص کرتے ہوئے ؛ تشخیص قدر
کے لحاظ سے ۔

**value, n.** قدر ؛ قیمت ؛ مالیت ؛ کسی شے کی قدروقیمت ؛
اہلیت ؛ افادیت ؛ دام ؛ مُول ؛ افادہ ؛ اہمیت (جیسے the value of an
education ) ؛ مادّی یا مالی قیمت جیسے کاروبار میں ؛ اشیا کے مبادلے
کی رقم سے لگائی جانے والی یا کسی ذریعہ مبادلہ سے تشخیص کی
جانے والی شے کی قیمت ؛ متبادل قیمت یا مناسب معاوضہ ؛ تشخیص یا
مقرر کی ہوئی قیمت ؛ قُوّت ؛ اہمیت یا وقعت (جیسے the
value of a word ) ؛ عزت یا احترام ۔ (ریاضی) کسی ہندسے یا علامت
سے ظاہر ہونے والی تعداد یا رقم ۔ (موسیقی) کسی سُر سے ظاہر دُھن کا
متعلقہ دورانیہ ۔ (مصوری) رنگ کا ہلکے اور گہرے پن کے لحاظ سے
متعلقہ تاثر ۔ (صوتیات) کسی حرف کی مخصوص آواز کی نوعیت ۔
(جمع) (عمرانیات) کسی قوم کی وہ خصوصیات ، رسوم ، معیارات اور
اصول جو اچھے سمجھے جاتے ہیں ؛ سماجی اقدار ۔ (فعل متعدی) قیمت
تشخیص کرنا ؛ آنکنا ؛ قیمت کا تعین کرنا ؛ اہلیت ، قابلیت ، افادیّت یا
اہمیّت کے لحاظ سے جانچنا ؛ بہت عزت اور احترام کرنا ۔

**valueless, a.** ناچیز ؛ بے مصرف ؛ بے قدر ؛ بے وقعت ؛ نکما ؛ ناکارہ ۔

**valuelessness, n.** بے مصرفی ؛ نکما پن ؛ بے وقعتی ؛ بے قدری ۔

**valuer, n.** تشخیص کنندہ ؛ آنکنے والا ۔

**value-added tax, n.** اضافی قدری محاصل ؛ مال کی پیدائش کے ہر مرحلے پر اضافہ شدہ مالیت پر مبنی محصول جو اس مقصد سے لگایا جاتا ہے کہ اس کا بار بالآخر صارفین کو برداشت کرنا پڑے ۔

**valued, a.** بہت مقبول یا محترم ؛ جانچا یا آنکا ہوا (شخص یا چیز) ؛ مخصوص قیمت کا حامل ۔

**valuta, n.** قدر مبادلہ ؛ کسی سکّے کی وہ قیمت جو اس کی کسی دوسرے سکے کے ساتھ شرح مبادلہ سے ظاہر ہوتی ہے ۔

**valvar, a.** دیکھیے : Valvular ۔

**valvate, a.** صمامی ؛ درہ دار ؛ کھل مندن لگا ہوا یا اس کی طرح کام کرنے والا ؛ صمام نُما ۔ (نباتیات) صمام دار ؛ کھل مندنی ؛ صمام کے ذریعے کھلنے والا جیسے بعض زیرہ دان ؛ ایسے حصوں سے بنا ہوا یا ان سے متصف ۔

**valve, n.** صمام ؛ کھُلمندن ؛ والو ؛ پانی ، گیس یا بھاپ کے داخلے اور اخراج کو کنٹرول کرنے کے لیے استعمال ہونے والا آلہ ؛ ایسے کسی آلے میں بنا ہوا ایک متحرک ڈھکن یا پردہ جس سے ایک سمت میں راستہ کھل جائے اور دوسری سمت میں بند ہو جائے ۔ (تشریح الاعضا) کسی کھوکھلے عضو کے اندر ایک ایسی ساخت جو ایک سمت میں سیّال مادے کے بہنے کے لیے کھل جاتی ہے یا اس کی واپسی کو روکنے کے لیے بند ہو جاتی ہے (جیسے : the valves of the heart) ۔ (موسیقی) پیتل کے بعض سازوں میں ایک ایسا آلہ جو ہوائی لاٹ کی لمبائی کی تبدیلی سے آواز میں زیروبم پیدا کرتا ہے ۔ (حیوانیات) صدفیہ یا سیپ کے خول کے الگ الگ ہو جانے والے حصوں میں سے ایک حصہ ۔ (نباتیات) کسی کشادہ ، شگفتہ جسم کا ایک حصّہ ؛ مختلف زیرہ دانوں کی ڈھکن جیسی پوشش ۔ (برطانوی) کوئی خلا دار نلی یا برقیہ نلی ۔ (فعل متعدی) کسی حرکت کرنے والے ڈھکن کے استعمال سے مانع ، گیس وغیرہ کے بہاؤ پر قابو رکھنے کے لیے صمام لگانا ۔

**valveless, n.** بے صمام ؛ کھل مندن کے بغیر ۔

**value-in-head engine, n.** صمامی سر انجن ؛ ایک دروں احتراقی انجن جس کے بلاک کے بجائے سلنڈر میں داخلے اور اخراج کے صمام/والو لگے ہوتے ہیں ۔

**valular, a.** صمامی ؛ صمام دار ؛ کھل مندنی ؛ کھل مندن کا کام کرنے ، اس سے تعلق رکھنے یا اس کی خصوصیت رکھنے والا ۔

**valvule, n.** صمیم ؛ چھوٹا کھل مندن ؛ ایک چھوٹا سا صمام یا اس سے ملتا جلتا آلہ ۔

**valvulitis, n.** (امراضیات) ورم صمام ؛ التہاب صمام ؛ دل کے صماموں کی سوجن ۔

**vamoose, vamose, v.t., v.i.** (عوامی) جلدی سے چلا جانا ؛ چھوڑ جانا ؛ فرار ہو جانا ؛ بھاگ جانا ؛ چل دینا ۔

**vamp, n.** پیوند ، جوڑ ؛ بوٹ یا جوتے کے اوپر کے چمڑے کا اگلا حصہ جو پنجے کو ڈھانپے رکھتا ہے ؛ پیوند دار یا جوڑ لگی چیز ۔ (موسیقی) گانے کے دوران وقت کے وقت آواز ملانے کی حالت ۔ (فعل متعدی) جوتے کا پنجہ لگانا ؛ مرمت کرنا یا گانٹھنا ؛ بنانا یا گھڑنا (عموماً up کے ساتھ) ۔ (موسیقی) وقت کے وقت تیار یا مرتب کرنا ، جیسے کوئی دُھن بنانا ۔ (فعل لازم) (موسیقی) وقت کے وقت دھنیں ملانا یا آواز ملانا ۔

**vamper, n.** جوڑ لگانے والا ؛ گانٹھنے والا ۔

**vamp, n.** (بول چال) دلکش عورت جو مردوں کو بیباکی سے پھانستی اور لوٹتی ہے ؛ عیارہ ؛ قحبہ ۔ (فعل متعدی) دھوکا دینا اور پھانسنا (جیسے : to vamp men) ۔ (فعل لازم) عیارہ کا کردار ادا کرنا ۔

**vampire, n.** چمگادڑ ؛ خون آشام ؛ خونخوار ؛ مصاص ؛ ومپائر ؛ ایک مافوق الفطرت ہستی : عام عقیدے کے مطابق وہ رات کے وقت سوتے ہوئے انسانوں کا خون چوس لیتی ہے ؛ خون آشام بھوت ؛ سفاک انسان ؛ سختی سے روپیہ وصول کرنے والا شخص ؛ وہ عورت جو مردوں پر ڈورے ڈالتی ہے ؛ وہ عورت جو مردوں سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے اپنی نسائی دلکشیاں یا فریب استعمال کرتی ہے یا ان کی تذلیل سے اپنی انا کو تسکین دیتی ہے ؛ ایک خود غرض یا بیباک کھلاڑن ؛ قحبہ ۔ (حیوانیات) جنوبی اور وسطی امریکا کی خون چوسنے والی کوئی چمگادڑ ؛ قدیم دنیا کی خفاشیہ نسل سے تعلق رکھنے والی ثمر خور چمگادڑ ۔

**vampiric, a.** خونخواروں کی طرح ؛ مصاصی ۔

**vampirism, n.** امتصاص ؛ مصاصیت ؛ مافوق الفطرت بھوت پریتوں کے وجود کا عقیدہ ؛ مفروضہ ہستیاں ؛ بھوت پریت کا کام اور کارگزاری ؛ دوسروں کو پھانسنے کا عمل ؛ خون آشامی ؛ خونخواری ۔

**van, n.** (قدیم) چھاج ؛ بھوسا اڑانے یا پھٹکنے والی مشین یا پنکھا ۔ (شاعری) بازو ۔

**van, n.** دیکھیے : Vanguard ۔

**van, n.** فرنیچر ، تجارتی سامان اور مویشی وغیرہ لے جانے کے لیے استعمال ہونے والا ایک بڑا سا بند چھکڑا عموماً ٹرک یا ویگن ؛ وین ۔ (برطانوی) مال برداری کے لیے مال گاڑی کا بند ڈبہ ۔ (فعل متعدی) وین سے سامان لے جانا ۔

**vanadate, vanadiate, n.** (کیمیا) وینیڈیٹ ؛ وینیڈیم کا نمک ۔

**vanadic, a.** (کیمیا) وینیڈیمی ؛ وینیڈیم کے ایسے مرکب سے متعلق جس میں اس دھات کی گرفت زیادہ ہو ۔

**vanadic acid, n.** (کیمیا) وینیڈک تیزاب ؛ وینیڈیم کا تیزاب ۔

**vanadinite, n.** (کیمیا) وینیڈنائٹ ؛ سیسے کے وینیڈیٹ اور کلورائیڈ کا مرکب جو پیلی ، بھوری یا لال قلموں کی شکل میں پایا جاتا ہے ؛ وینیڈیم کی کچ دھات ۔

**vanadium, n** (کیمیا) وینیڈیم ؛ ایک نقرئی سفید دھاتی عنصر جو بعض فولادوں میں سختی اور لچک بڑھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور کیمیائی صنعت میں مستعمل بہت سے مرکبات

بنانے کے کام آتا ہے۔

**vanadious, vanadous,** n. وینیڈیمی : وینیڈیم کے مرکبؔ والا۔

**Van Allen belt, Van Allen radiation belt,** n. وان ایلن تابکاری پٹی : زمین کے گرداگرد شدید تابکاری کے دو منطقوں میں سے کوئی ایک منطقہ جو تقریباً ایک ہزار کلومیٹر کی بلندی سے شروع ہوتا ہے۔

**vanda,** n. وینڈا : مشرقی نصف کرے کے حاری علاقوں میں پایا جانے والا اسی نام و نسل کا کوئی سا برہنائی تعلیبہ جس میں اکثر ارغوانی، سفید یا نیلے اور سبز رنگ کے بڑے بڑے شوخ پھول لگتے ہیں۔

**vandal,** n. (بڑے V سے) وانڈال : اس جرمنی نسل کا فرد جس نے چوتھی اور پانچویں صدی عیسوی میں فرانس، ہسپانیہ اور شمالی افریقہ پر حملہ کیا اور ۴۵۵ء میں روم کو تاخت و تاراج کیا : وہ شخص جو جان بوجھ کر یا نادانی سے سرکاری یا نجی املاک کو غارت کرتا ہے۔ (صفت) وانڈالوں سے متعلق یا مشابہ۔ (چھوٹے v سے) دانستہ غارت گر۔

**Vandalic, vandalic,** a. وانڈالی : وانڈال جیسا : تہذیب سوز یا غارت گرانہ۔

**vandalism,** a. غارتگری : تہذیب سوزی : لوٹ مار : سرکاری یا نجی املاک کی دانستہ یا نادانستہ غارت گری۔

**vandalistic,** a. وانڈالوں کا سا : تہذیب سوزانہ : غارت گرانہ۔

**vandalize,** v.t. غارت کرنا : تہذیب سوزی کرنا : علوم و فنون کو تباہ کرنا۔

**Van de Graaf generator,** n. (برق۔ طبیعیات) وان ڈی گراف جنریٹر : برق سکونی جنک، جو برقی سروں کے درمیان ایک تیز رفتار متقالہ پٹی کے ذریعے محجوز (insulated) برقیرے کو اونچے برقی دباؤ پر لے جاتا ہے اور اکثر موصل کی وولٹیج کو اسراع ذرات کے لیے استعمال کرتا ہے۔

**Vandyke,** a. وَنڈائیک : فلیمی مصور سر انتھونی وَنڈائیک (۱۵۹۹ء۔۱۶۴۱ء) کے اسلوب سے متعلق یا مشابہ : وَنڈائیک کی تصویروں میں پیش کیے جانے والے لباس سے متعلق۔ (اسم) وَنڈائیک کی تصویر یا مصوری۔

**Vandyke beard, vandyke,** n. ایک چھوٹی نکیلی ڈاڑھی : وَنڈائیک ڈاڑھی۔

**Vandyke brown,** n. گہرا بادامی : سرانتھونی وَنڈائیک کی تصویروں میں استعمال ہونے والا بادامی رنگ : ایسے بادامی رنگوں میں سے کوئی ایک رنگ۔

**Vandyke collar,** n. لیس (کلابتون) اور کتان کا بہت کشادہ اور نکیلا کالر : وَنڈائیک کالر۔

**vane,** n. مرغ باد نما : سمت نما : دیدبان : لمبے پتلے دھات یا لکڑی کے ٹکڑے سے عموماً تیر یا مرغ کی شکل کی بنی ہوئی چیز جسے محور پر لگا کر بلند مقام، مینار یا کلس پر نصب کیا جاتا ہے تا کہ وہ گھوم کر ہوا کا رخ بتاتی رہے : کسی مرکزی چرخی سے جڑی ہوئی ہوا سے گھومنے والی پتریوں میں سے کوئی پتری جیسے ہوا چکی پر یا پانی سے گھومنے والی چرخابی انجن کی پتری۔ (راکٹ سازی) میزائل کو چلانے کے لیے اس کے باہر یا اس کی دم میں لگی ہوئی کوئی چپٹی چیز۔ (طیوریات) ڈنڈی کے دونوں جانب پر کا کشادہ یا جھلی نما حصہ : پنکھ : جناح۔ (مساحت) تسطیح کار سلاخ پر پھسلواں ہدف : کسی ربع آلے کا دیدبان۔ (تیر اندازی) تیر کے زد گیر میں لگا ہوا پر۔

**vaned,** a. جس میں بادنما، پنکھا یا دیدبان لگا ہو : پتری والا۔

**vaneless,** a. بے دیدبان : جس میں بادنما، پنکھا یا دیدبان نہ لگا ہو۔

**vanguard,** n. ہراول دستہ : طلایہ : مقدمۃ الجیش کے اگلے حصے میں چلنے والا دستہ : صف اول : کسی میدان، کوچ یا تحریک میں آگے آگے چلنے والا گروہ، جیسے سیاست، فنون لطیفہ وغیرہ میں : علمبردار : پیش پیش۔ نیز Van. (بڑے V سے) ایک قسم کا راکٹ جو مصنوعی سیارے کو مدار میں بھیجنے کے کام آتا ہے۔

**vanilla,** n. ونیلا : ونیل، خصوصاً سادہ پتوں والا ونیلا نسل کا ثعلبی پودا جو حاری خطوں میں پیدا ہوتا ہے اور جس میں لگنے والے ڈوڈوں سے نکالا ہوا خوشبودار عرق کھانا مہکانے اور دوائیں اور عطریات بنانے کے کام آتا ہے : اس پودے کی پھلی یا ڈوڈا : ونیلا کا بیج۔ نیز Vanilla bean۔ ڈوڈے نما پھلی کا خوشبودار عرق۔

**vanillic,** a. (کیمیا) ونیلی : ونیلا یا ونیلین سے حاصل شدہ۔

**vanillin, vanilline, vanillic aldehyde,** n. (کیمیا) ونیلین : ونیلا پھلی سے حاصل کردہ یا اس کی لکڑی کے گودے سے مصنوعی طور پر تیار کردہ ایک سفید قلمی مرکب : ونیلا پھلی کا عامل جزو۔

**vanish,** v.i. مٹ جانا : معدوم ہونا : غائب ہونا : غیر مرئی حالت میں چلے جانا : نظروں سے اوجھل ہو جانا : کھو جانا : باقی نہ رہنا۔ (ریاضی) کم سے کم ہوتے جانا یہاں تک کہ قیمت صفر رہ جائے۔ (اسم) (صوتیات) بعض اصواتِ علت کا آخری کمزور حصہ جیسے لفظ main میں آواز علت کو مکمل کرنے والی حرف e کی خفیف آواز۔

**vanisher,** n. غائب ہونے والا : مٹ جانے والا۔

**vanishing cream,** n. وینشنگ کریم : کولڈ کریم سے ملتی ہوئی ایک سنگھاری کریم، جو عموماً چہرے کے پاؤڈر کی بنیاد کے طور پر لگائی جاتی ہے۔

**vanishing point,** n. (فن) معدومی نقطہ : کسی تصویر یا منظر کا وہ نقطہ جہاں تمام ہم سطح متوازی خطوط باہم ملتے نظر آتے ہیں : وہ نقطہ جہاں کوئی چیز ختم یا غائب ہو جاتی ہے : نقطہ انعدام (جیسے Her tolerance had reached the vanishing point)۔

**vanity,** n. عجب : خودنمائی : مغرور ہونے کی حالت یا صفت : اپنی صورت، املاک، صفات یا اکتسابات پر بہت زیادہ فخروناز : صلاحیت، افادیت یا حقیقی اہلیت کا فقدان : وہ صفت یا شے جس پر انسان گھمنڈ کرتا ہے : بے کار : بے مصرف یا بے حقیقت شے یا ذرا سا ہمراہی سامان یا عورتوں کا سنگھار بٹوا : سنگھار میز : وینیٹی۔

**vanity fair,** n. مجمع یا مقام، جیسے اونچی سوسائٹی جہاں حماقت، بے ہودگی اور نمودونمایش کا راج ہو۔

**vanity plate,** n. وینیٹی پلیٹ : آٹو موبائل کے اجازت نامے کی تختی جس پر کوئی لفظ، نام یا وہ اعداد درج ہوتے ہیں جو مالک نے منتخب کیے ہوں۔

**vanquish,** v.t. لڑائی میں برا دینا ؛ غالب آنا یا پسپا کر دینا ؛ کسی مقابلے یا جنگ میں شکست دینا ؛ مغلوب کرنا ؛ فتح کرنا ۔

**vanquishable,** a. قابل فتح ، قابل شکست ۔

**vanquisher,** n. فاتح ؛ غالب ؛ ہرانے والا ؛ شکست دینے والا ۔

**vantage,** n. تفوق ؛ فوقیت ؛ برتری دلانے والی حالت یا مقام ؛ برتری دلانے والا موقع ؛ فائدہ ؛ فائدے کی چیز ۔

**vanward,** a., adv. صف اول میں یا آگے کی طرف ۔

**vapid,** a. بے مزا ؛ بے لطف ؛ ٹھنڈا ؛ پھیکا ؛ سیٹھا ؛ بے جان ؛ بے رس (جیسے : vapid remark) ۔

**vapidity, vapidness,** n. پھیکا پن ؛ خشکی ؛ بے لطفی ؛ سیٹھا پن ۔

**vapidly,** adv. پھیکے پن سے ؛ بے لطفی سے ۔

**vapor,(Brit.)vapour,** n. بخارات ؛ بھاپ ؛ ہوا میں معلق کوئی نظر آنے والا دھندلا مادہ ، جیسے کہر ، دھند ، دھول ، دھواں ؛ کوئی اخراج یا صعود ، جیسے بھاپ یا گیس ؛ صنعتی استعمال یا دوا میں سنگھانے کے لیے بخارات کی صورت کوئی مادہ ۔ (طبیعیات) گیس کی وہ شکل جو کوئی ٹھوس یا مائع گرم کیے جانے پر اختیار کر لیتا ہے ؛ اپنے تغیری درجہ حرارت سے نیچے کی گیس ؛ کوئی غیر حقیقی ، گزراں یا عارضی چیز ؛ وہم باطل ؛ موہوم بات ۔ (فعل متعدی) بھاپ بنانا ۔ (فعل لازم) بھاپ نکلنا ؛ شیخی بگھارنا یا دون کی لینا ۔

**vaporer,(Brit.)vapourer,** n. شیخی خورا ۔

**vaporish,(Brit.)vapourish,** a. مراقی ؛ خفقانی ۔

**vaporishness, Brit. vapourishness,** n. مراقیت ؛ خفقانیت ۔

**vaporific, Brit. vapourific,** a. بخارات زا ؛ تبخیری ؛ بھاپ بنانے والا ؛ بھاپ یا بخارات کی شکل میں لانے والا ؛ بخارات سے بھرا ہوا ؛ تبخیر پیدا کرنے والا ۔

**vaporing,(Brit.)vapouring,** a. لاف زن ؛ بکی ؛ باتونی ؛ شیخی باز ؛ ڈینگیا ۔ (اسم) بکواس ؛ گپ ؛ لاف گزاف ؛ زبانی جمع خرچ ۔

**vaporize,(Brit.)vapourize,** v.t. تبخیر کرنا ؛ بخارات بنانا ؛ بھاپ میں تبدیل کرنا ؛ بھاپ بنا کر اڑا دینا ۔ (فعل لازم) بخارات میں تبدیل ہو جانا ۔

**vaporizable,(Brit.)vapourizable,** a. تبخیر پذیر ؛ بخارات بننے کے قابل ۔

**vaporization,(Brit.)vapourization,** n. تبخر ؛ تبخیر ؛ بخارات بنانے کا عمل ۔

**vaporizer,(Brit.)vapourizer,** n. مبخرہ ؛ بخارات زا ؛ بخارات بنانے والا شخص یا آلہ یا چیز ؛ مائع کو خاص طور پر تنفس کی بیماریوں کے علاج کے لیے بہت ہلکے بخارات یا باریک پھوار میں تبدیل کرنے کا آلہ ۔

**vapor lock,** n. (میکانیات) ایندھن روک ؛ ایندھن میں تبخیری عمل یا ہوا کے بلبلوں کے نتیجے میں دروں احتراق انجن کے لیے ایندھن کے بہاؤ میں پیدا شدہ رکاوٹ ؛ سدۂ بلبلہ ۔

**vaporous,(Brit.)vapourous,** a. تبخیری ؛ بخارات کی شکل یا خصوصیات رکھنے والا ؛ ابخرات سے بھرا ہوا ؛ بخاراتی ، بخارات زا ؛ بادل سا ؛ غیر حقیقی ؛ خیالی ؛ موہوم ؛ غیر واقعی ؛ بخار نما ۔

**vaporously,(Brit) vapourously,** adv. بخاراتی طور پر ۔

**vaporousness, Brit. vapourousness, vaporosity,(Brit.) vapourosity,** n. بخارات داری ؛ بخارات سے پُر ہونے کی حالت ؛ خیالی پن ۔

**vapor pressure, vapor tension,** n. (طبیعیات) تنش تبخیر ؛ تبخیری دباؤ ؛ بخاراتی تناؤ ؛ بخاراتی دباؤ ؛ مقید بخارات کا دباؤ جب وہ ایک خاص درجہ حرارت پر اپنی ٹھوس یا مائع حالت کے ساتھ توازن میں ہوتے ہیں ۔

**vapor trail,** n. انجمادی لکیر ؛ خط انجماد ؛ خط تبخیر ۔

**vapory,(Brit.)vapoury,** a. بخارات سے بھرا ہوا ؛ پُر بخارات ؛ کہریلا ؛ بے مغز ۔

**vaquero,** n. (مغربی امریکا) چرواہا ؛ گوالا ؛ گلہ بان ۔

**vara,** n. ویرا ؛ ہسپانیہ ، پرتگال یا ان کا پرانی نو آبادیوں میں تقریباً ۳۲ انچ سے تقریباً ۴۳ انچ تک کی لمبائی کی مختلف اکائیوں میں سے ایک ۔

**square vara,** رقبے کی اکائی کے طور پر ایک ویرا کی لمبائی کا مربع ۔

**varactor or varactor diode,** n. وریکٹر ڈائیوڈ ؛ نیم موصل دو برقیرہ جس میں برقی گنجایش استعمال کیے جانے والے وولٹیج کے ساتھ گھٹتی بڑھتی رہتی ہے ۔

**varia,** n. مختلف اشیا کا ذخیرہ خصوصاً ادب پاروں کا ۔

**variable,** a. متغیرہ ، متنوع ؛ تغیر پذیر ؛ قابل تغیر ؛ متلون ؛ غیر مستقل یا کمزور ، جیسے کوئی انسان ؛ مختلف ہو جانے یا بدل جانے کے لائق ؛ لائق تبدیلی ؛ مختلف ۔ (فلکیات) چمک بدلنے والا (ستارہ) ۔ (حیاتیات) اپنی صحیح قسم سے ہٹا ہوا جیسے کوئی نسل یا مخصوص کردار ۔ (موسمیات) رخ بدلنے والی (ہوا کے بارے میں) ۔ (اسم) کوئی قابل تغیر چیز ۔ (ریاضی) متغیرہ مقدار یا علامت جس کی کوئی قیمت معین نہ ہو اور جو صرف اپنی مختلف ممکنہ قیمتوں کے لحاظ سے شمار کی جاتی ہو ۔ (فلکیات) کوئی متغیر ستارہ ۔ (موسمیات) تجارتی ہوا کے برعکس کوئی بدلتی ہوئی ہوا ۔ (جمع) وہ خطہ جہاں تغیر پذیر ہوائیں چلتی ہوں ۔

**variability, variableness,** n. تغیر پذیری ؛ بدلنے کی حالت ؛ تبدیل پذیری ۔

**variably,** adv. تغیر پذیر طریقے سے ؛ بدلتے ہوئے ۔

**variable cost,** n. (معاشیات) تغیر پذیر قیمت ؛ کسی کاروبار یا صنعت کی وہ لاگت جو بار بار کے لین دین یا پیداواری مقدار کی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ بدلتی رہتی ہے ۔

**variable star,** n. (فلکیات) متغیر ستارہ ؛ نجم متغیرہ ؛ وہ ستارہ جس کی چمک مستقل وقفوں پر سلسلہ وار سکڑاؤ اور پھیلاؤ کے باعث گھٹتی بڑھتی رہتی ہے ۔

**variance,** n. تغیر ؛ مقدار تغیر ؛ بدلنے کی حالت یا کیفیت ؛ فرق یا اختلاف ؛ عدم اتفاق ؛ نزاع یا منافات ؛ اختلاف رائے ۔ (قانون) کسی قانونی کارروائی کے دو حصوں کا اختلاف جیسے الزام اور ثبوت میں جو قانون کا مطالبہ صرف اسی وقت پورا کرتے ہیں جبکہ وہ قطعی طور پر ہم آہنگ ہوں ؛ معیاری ضابطوں سے ہٹنے کی قانونی اجازت ، عموماً منطقائی قانون/علاقائی قانون ۔ (شماریات) معیاری اختلاف کا مربع ۔ (طبیعیات ، کیمیا) کوئی ایک یا تمام بدلنے والے اسباب جیسے دباؤ ، حرارت یا ارتکاز جو کسی مادی نظام کی حالت بنانے کے لیے ضروری ہوتے ہیں ۔

**at variance,** غیر متفق ؛ عدم مطابق ـ

**variant, a.** متغیر ؛ منحرف ؛ بدل پذیر ؛ اختلاف ظاہر کرنے والا یا اختلافی ؛ بدلنے والا ؛ مختلف ؛ قابل تغیر ؛ کسی چیز کی بدلی ہوئی یا مختلف صورت (جیسے : a variant spelling ) ـ (اسم) ایک مختلف صورت خصوصاً کسی لفظ کے تلفظ یا املا میں ، کسی عبارت یا متن کی خواندگی یا تاویل میں ـ (لسانیات) کسی لسانی اکائی کی وہ صورت ، جو اس کے مقام یا سیاق پر مبنی صوتی شکل سے متعین ہوتی ہے ، جیسے ہم صوت یا ہم شکل ـ

**variate, n.** کوئی قابل تغیر یا اختلافی شے ؛ مقدار متغیرہ ـ (شماریات) قابل تغیر مقدار جس کی تخمینی عددی قیمتیں دیے ہوئے نمونے سے طے ہوتی ہیں ـ نیز : random variable ـ

**variation, n.** اختلاف ؛ تغیر ؛ حالت ، خاصے یا درجے کے بدلنے کا عمل ، طریقہ یا نتیجہ ؛ تبدیلی کی مقدار یا شرح ؛ انحراف یا اختلاف ؛ تبدیلی یا ترمیم ؛ کسی شے کی مختلف یا بدلی ہوئی صورت ـ (موسیقی) کسی نغمے یا موضوع کی تبدیلیوں یا تفصیلات کے ساتھ تکرار ، عموماً ایسی تبدیلیوں کے کسی سلسلے کی ایک تبدیلی ـ (فلکیات) کسی جرم فلکی کا اپنے مدار یا حرکت کی حد اوسط سے انحراف ـ (جہاز رانی) مقناطیس کی سوئی کا جھکاؤ ـ (ریاضی) کسی تغیر پذیر مقدار یا تفاعل کی تبدیلی کی پیمائش کا کوئی کلیہ ـ (حیاتیات) مورث جانداروں یا اسی نسل یا گروہ کے دوسرے افراد سے کسی جاندار کا اپنی ساخت یا کارکردگی میں انحراف یا تجاوز ؛ ایسا انحراف ظاہر کرنے والا کوئی جاندار ـ (گرامر) تصریف ؛ تصریفی شکل ـ

**variational, a.** اختلاف یا انحراف کا ؛ اختلافی ؛ انحرافی ؛ تصریفی ـ

**variationally, adv.** انحراف کے طور پر ؛ اختلافی طریقے سے ـ

**variative, a.** اختلاف یا انحراف سے متعلق یا انہیں ظاہر کرنے والا ؛ انحرافاتی ـ

**variatively, adv** انحراف یا اختلاف ظاہر کرنے کے انداز میں ـ

**varicella, n.** (امراضیات) خسرہ ؛ ستیلا ؛ جدیری ـ

**varicellar, a.** خسرہ زدہ ـ

**varicocele, n.** (امراضیات) فوطے کی رگوں کے پھولنے سے پیدا ہو جانے والی گلٹی ـ

**varicolored,(Brit.)varicoloured, a.** مختلف اللون ؛ بوقلموں ؛ رنگا رنگ ؛ رنگ برنگا ـ

**varicose, a.** پھولا ہوا ؛ دوالی ؛ غیر معمولی طور پر سوجا یا پھولا ہوا جیسے کوئی ورید ؛ پھولی ہوئی نسوں سے متعلق یا پھولی ہوئی نسوں والا ـ

**varicosity, n.** (امراضیات) دوالیت ؛ نسوں کا پھلاؤ ؛ نسوں کے پھولے ہونے کی حالت ـ

**varied, n.** مختلف یا اختلافی (جیسے : a varied assortment ) ؛ بدلا ہوا یا متغیرہ (جیسے : a varied form of a word ) ؛ بھانت بھانت کا ؛ بوقلموں ـ

**variedly, adv.** بدلتے ہوئے ؛ مختلف طور پر ؛ تغیر کے طریقے سے ـ

**variedness, n.** تغیری کیفیت ؛ مختلف ہونے کی حالت ؛ بوقلمونی ـ

**variegate, v.t.** صورت میں مختلف کر دینا خصوصاً رنگ اور ساخت کے اختلافات سے ؛ مختلف قسم بنا دینا ؛ گونا گوں کر دینا ـ

**variegator, n.** رنگا رنگ بنا دینے والا ـ

**variegated, a.** رنگ برنگ ؛ شکل یا رنگ میں بدلا ہوا ؛ مختلف اللون ؛ دھبہ دار ؛ چھینٹ دار ؛ بدلا ہوا ؛ رنگ برنگا ؛ بوقلموں ؛ گونا گوں ـ

**variegation, n.** رنگ برنگی ؛ گونا گونی ؛ رنگ برنگا پن ؛ بوقلمونی ؛ رنگا رنگی ـ

**varietal, a.** کسی قسم سے متعلق یا مختص ؛ کوئی الگ قسم قائم کرنے والا ؛ کسی خاص قسم کا ایک فرد ـ

**variety, n.** تنوع ؛ گونا گونی ؛ بوقلمونی ؛ مختلف یا بدلے ہوئے ہونے کی حالت یا خصوصیت ؛ اختلاف یا یکسانی کا فقدان ؛ فرق یا تناقض ؛ مختلف اقسام کی بہت سی چیزیں ؛ کسی چیز کی مختلف درجہ بندی ؛ کسی شے کی مختلف شکل ، حالت یا رخ ؛ ایک قسم یا جنس ـ (حیاتیات) کسی نسل کی ایک تقسیم ؛ اصلی نسل سے قدرے وراثتی فرق کے ساتھ کسی خود رو یا لگائے ہوئے پودے کی ایک شکل ؛ مصنوعی انتخاب سے پیدا کی ہوئی جانوروں کی نسل یا گروہ ـ (تھیٹر) بہت سے انفرادی کرتبوں جیسے ناچ گانوں ، قلا بازی کے مظاہروں یا ڈراموں پر مشتمل ایک ملے جلے قسم کا تفریحی پروگرام ـ

**variety show, n.** ورائٹی شو ؛ رنگ رنگ تماشا ؛ بوقلموں مظاہرہ ـ

**variety meat, n.** گوشت جیسے بچھڑے کے لبلبے یا زبان کا جو جسمانی بافتوں کا حصہ نہ ہو ـ

**variety store, n.** ورائٹی اسٹور ؛ متفرق ذخیرہ ؛ دوکان جس میں بہت سی اقسام کا کم قیمت مال ملتا ہے ـ

**variform, a.** مختلف الاشکال ؛ مختلف شکلوں کا ؛ مختلف النوع ؛ طرح طرح کا ـ

**variocoupler, n.** (برق) ایک بدل گر (transformer) جس کے لچھوں کی باہمی مقاومت کو دو میں سے ایک لچھے کی تبدیلی سے بقدر ضرورت بدلا جا سکتا ہے ، جبکہ خود مقاومت برقرار رہتی ہے ـ

**variola, n.** (امراضیات) چیچک ؛ جدر ـ

**variolar, variolous, a.** چیچک کا ؛ چیچک کے سے داغ رکھنے والا ؛ چیچک زدہ ـ

**variole, n.** چتی ؛ چیچک کے آبلے کا باقی رہ جانے والا نشان یا گڑھا ـ (صخریات) چتھا ؛ چتی دار چٹان کے گول ٹکڑے ـ

**variolite, n.** (صخریات) چتی دار چٹان ؛ کوئی اصلی آتشی چٹان جس میں ہلکے رنگ کے گول گول گڑھے ہوں ، جن کے باعث وہ چیچک زدہ سی نظر آئیں ـ

**variolitic, a.** چتی دار چٹان کا ـ

**varioloid, a.** (امراضیات) چیچک سے مشابہ ؛ ہلکی چیچک سے متعلق ـ (اسم) (امراضیات) چیچک کی ہلکی قسم ، خصوصاً ان لوگوں کے لگنے والی چیچک جن کو چیچک کا ٹیکا لگ

چکا ہو یا جن کے پہلے چیچک نکل چکی ہو۔

**variometer,** n. (برق) تغیر پیما ؛ اماله ناپ آله جو ایک لچھوں والے اماله گر پر مشتمل ہوتا ہے ، جس میں لچھوں کی جگه (بلحاظ ایک دوسرے کی تبدیلی سے) امالے میں تبدیلی کی جاسکتی ہے ؛ ایک ایسا آله جو مقناطیسی قوت کی تبدیلیاں بتاتا ہے۔

**variorum,** a. متعدد تفسیری طبع ؛ ایک ایسے جامع ایڈیشن کے متعلق جس میں متن کے مختلف بیانات و روایات یا مدیروں اور نقادوں کی متعدد شرحیں اور تفاسیر جمع کر دی گئی ہوں۔ (اسم) کثیر روایتی کتاب ؛ جامع التفاسیر ؛ جامع المتون۔

**various,** a. مختلف ؛ کئی ایک ؛ متعدد ؛ طرح طرح کے ؛ گونا گوں ؛ قسم قسم کے ؛ جدا جدا ؛ بھانت بھانت کے ؛ ایک دوسرے سے مختلف یا مختلف اقسام کے ؛ تفریق یا اختلاف ظاہر کرنے والے ؛ مختلف خصوصیات یا صفات والے ؛ مختلف اللون یا رنگ برنگے ؛ بے میل یا مختلف رخ پیش کرنے والے ؛ الگ یا منفرد (جیسے approval by various offices) ؛ فرداً فرداً یا بہت سے۔ (قدیم) غیر مستقل یا تغیر پذیر۔

**variously,** adv. الگ الگ طریقوں سے۔

**variousness,** n. گونا گوں ؛ مختلف ہونے کا عمل ؛ جدا جدا ہونے کی حالت۔

**varisized,** a. مختلف یا طرح طرح کے سائزوں کا ؛ مختلف جسامتوں/حجموں کا۔

**varistor,** n. (برق) مزاحم جس کی مزاحمت اس پر لگائے جانے والے وولٹیج کی مناسبت سے بدلتی رہتی ہے۔

**varix,** n. (امراضیات) جسم کی کسی نس یا رید کا غیر معمولی پھیلاؤ ، عموماً بھدے پن کی حد تک ؛ ایک پھولی ہوئی ورید۔ (حیوانیات) گھونگھے کے خول پر پڑا ہوا نشان جو شگاف کے ایک کنارے کی پچھلی پوزیشن ظاہر کرتا ہے۔

**varlet,** n. (قدیم) مرد خدمت گار ؛ خادم ؛ کسی نائٹ کا خدمت گزار یا کم عمر خدمتگار ؛ چاکر ؛ کم مایه شخص یا غلام ؛ بدمعاش ؛ حاشیه نشین۔

**varletry,** n. (قدیم خدام ؛ امرا کے کم عمر خدمتگاروں کا مجمع ؛ ہجوم۔

**varmint, varment,** n. (بولی) حشرات الارض ؛ موذی یا ضرر رساں جانور ؛ ذلیل یا آزار رساں شخص۔

**varnish,** n. وارنش ؛ لکڑی اور دھات وغیرہ پر لگانے کے لیے رال ، لاکھ کو تیل یا اسپرٹ یا کسی اور طیران پذیر (اڑ جانے والے) سیال مادے میں گھول کر تیار کیا جانے والا روغن جو خشک ہو کر عموماً سخت اور چمکیلی ته چھوڑ جاتا ہے ؛ بعض درختوں کا عرق جو اسی غرض کے لیے کام میں لایا جاتا ہے ؛ اسی طرح استعمال ہونے والے دوسرے مرکبات ، جیسے ایک مرکب جس میں ہندوستانی ربڑ ، پائروکسلین یا اسفالٹ کے خاص اجزا شامل ہوتے ہیں ؛ وارنش کی سطح یا ایک ته ؛ وارنش کی ایک ته سے ملتی ہوئی کوئی شے ؛ چمک ؛ ملمع کاری یا ظاہری ٹیپ ٹاپ خصوصاً عیب پوشی کے لیے۔ (فعل متعدی) وارنش لگانا ؛ چمکانا ؛ اچھی شکل دینا ؛ آراسته کرنا ؛ سجانا ؛ مصنوعی لیپا پوتی کرنا یا رنگ آمیزی کرنا۔

**varnisher,** n. وارنش کرنے والا۔

**varnishy,** a. وارنش سے متعلق ؛ وارنشی۔

**varnish tree,** n. ان مختلف درختوں میں سے کوئی ایک درخت جس کا عرق یا کوئی اور حصه وارنش میں استعمال ہوتا ہے۔

**varsity,** n. ورزشی مقابلے میں کسی کالج ، یونیورسٹی ، اسکول وغیرہ کی نمائندگی کرنے والی خاص یا درجه اول کی ٹیم۔ (برطانوی' بول چال) یونیورسٹی۔

**varus,** n (امراضیات) کسی ہڈی یا جوڑ کی بدنمائی یا بدشکلی ، خصوصاً کج ساق ؛ معوج الساقین ؛ ٹیڑھی ٹانگیں۔

**varve,** n. (ارضیات) وارو رسوب ؛ کوئی سالانه پرتیلا رسوب جو عام طور سے موسمی رسوب کی دو تہوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

**vary,** v.t. بدل دینا ؛ شکل ، دکھاوے ، اصلیت یا مقام میں بدل دینا ؛ جزوی تبدیلی سے مختلف بنا دینا ؛ طرح طرح کا بنا دینا۔ (موسیقی) ابھارنا ، جیسے کوئی نغمه یا موضوع ہلکی دھنوں یا گتوں سے۔ (فعل لازم) کسی طریقه سے بدلنا یا بدلا جانا ؛ تبدیل ہونا ؛ مختلف شکلوں میں ظاہر ہونا ؛ اختلاف کرنا یا مختلف ہو جانا ؛ بدل جانا ، جیسے مقصد یا رائے میں ؛ انحراف کرنا۔ (ریاضی) مسلسل زیادہ ہونا یا کم ہونا۔ (حیاتیات) بدل جانا یا بدلا جانا۔

**varier,** n. بدلنے والا۔

**varyingly,** adv. بدلنے والے انداز سے ؛ بدلتے ہوئے۔

**varying hare,** n. بدلتا خرگوش ؛ وہ خرگوش جس کا سمور جاڑوں میں سفید ہو جاتا ہے ، خصوصاً برفانی خرگوش (snow shoe rabbit)۔

**vas,** n. (حیاتیات) رگ یا نالی ؛ عرق ؛ قنات۔

**vascular,** a. (حیاتیات) رگ دار ؛ عروقی ؛ قناتی ؛ رگ یا نالیوں کے نظام سے متعلق یا اس پر مشتمل جو رس لے جاتی ہیں جیسے جانوروں میں خون اور پودوں میں پانی یا غذائی اجزا۔

**vascularity,** n. عروقیت ؛ خلیه یا نالی ہونے کی حالت۔

**vascular bundle,** n. (نباتیات) حزمه قناتی : جلد ، چوبی ریشے اور دھاگوں پر مشتمل نسیجوں کو چلانے اور مضبوط بنانے والا ریشه جو پودے کے تمام حصوں میں پایا جاتا ہے۔

**vascular cylinder,** n. (نباتیات) ستون عروقی ؛ استوانه قناتی۔

**vascular plant,** n. (نباتیات) وہ پودا جو اعلیٰ پودوں کا مخصوص عروقی نظام رکھتا ہے ؛ نبات عروقی ؛ عروقی پودا۔

**vascular ray,** n. (نباتیات) عروقی کرن ؛تنوں کے اسفنجی خلیوں کی شعاعی ڈوری جو غذائی اجزا جمع رکھتی اور منتقل کرتی ہے۔

**vascular tissue,** n. نسیج عروق ؛ قناتی بافت ؛ وہ مرکب نسیج جو اصلا بالترتیب پانی اور خوراک لے جانے والے چوبی ریشے اور چھال سے بنتی ہے۔

**vasculum,** n. نبات دان ؛ پودوں کے جمع کیے ہوئے نمونے رکھنے کے لیے ماہر نباتیات کا ڈبه/کیس۔

**vas deferens,** n. (تشریح الاعضا) حبل المنی ؛ وہ نالی جو نطفے کو اخراج کے لیے خصیے سے قضیب میں منتقل کرتی ہے ؛ قنات برنده۔

**vase,** n. گلدان ؛ واز ؛ خالی ظرف کھوکھلا برتن

جو اپنے افقی قطر کے لحاظ سے عموماً زیادہ اونچا ہوتا ہے اور گلدان کے طور پر آرائش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

**vasectomy,** n. (جراحی) حبل المنی تراشی ؛ قنات برندہ یا اس کا حصہ کاٹ ڈالنے کا عمل ۔

**Vaseline, vaseline,** n. ویسلین ؛ ویزلین ؛ ایک نیم شفاف زرد یا سفیدی مائل ، نیم ٹھوس پٹرولیم کی مصنوع یا پٹرولیم کی ایک شکل جو دوا اور دوسرے مقاصد کے لیے مختلف مرکبات میں استعمال ہوتی ہے ؛ ایک قسم کا خوشبودار مومی روغن ۔

**vasoactive,** a. شریان انگیز ؛ شریانوں کو متاثر کرنے والا ۔

**vasoconstrictor,** a. (فعلیات) قابض شرائین ؛ تحریک دینے پر خون کی نالیوں کو بھینچنے والا جیسے بعض اعصاب ۔ (اسم) (فعلیات) خون کی نالیوں کو بھینچنے والی کوئی دوا ، عصبہ یا کوئی اور عامل ؛ قابض عروق ۔

**vasoconstriction,** n. انقباض عروق ؛ خون کی نالیوں میں بندش ۔

**vasoconstrictive,** a. عروق انقباضی ۔

**vasodilator,** a. (فعلیات) باسط عروق ؛ تحریک دینے پر خون کی نالیوں کو ڈھیلا کرنے یا پھیلانے والا ؛ باسط شرائین ۔ (اسم) (فعلیات) کوئی دوا ، عصبہ یا کوئی اور عامل جو خون کی نالیوں کو ڈھیلا کرتا یا پھیلاتا ہے ؛ متمدد عروق ۔

**vasodilatation, vasodilation,** n. انبساط عروق ؛ انبساط شرائین ؛ تمدّد عروق ؛ خون کی نالیوں کا ڈھیلا پن ۔

**vasoinhibitor,** n. عروق روک شے ؛ کوئی دوا یا کوئی اور عامل جو متحرک عروقی اعصابی عمل کو روکتا ہے ۔

**vasoinhibitory,** a. عروق روک ؛ متحرک اعصاب کے عمل کو روکنے والا ۔

**vasomotor,** a. محرک عروق ؛ وہ نظام اعصاب جو خون کی نالیوں کے عضلاتی غلافوں پر پھیلا ہوا ہے اور جو ان کے سائز کو منضبط رکھتا ہے ؛ عروق حرکی ۔

**vasopressor,** n. تنش خون افزائندہ ؛ ایڈرینالین یا شریانی عضلات کو بھینچ کر فشار خون بڑھانے والی غدودی رطوبت یا دوسرے مادّے ۔ (صفت) شریانی عضلات کو بھینچنے والا ۔

**vassal,** n., a. جاگیری اسامی ؛ رعیت ؛ مزارع ؛ جاگیردارانہ نظام کا وہ شخص جو جاگیر کے بدلے میں اپنے آقا کی فوجی یا مساوی خدمات انجام دیتا ہے ؛ ایک جاگیری لگان دار ؛ محکوم ؛ تابعدار یا مصاحب ؛ ملازم یا وابستۂ دامن ۔

**vassalage,** n. جاگیردارانہ نظام کی لگان داری ؛ خدمت جو جاگیردار پر اس کے آقا کی طرف سے واجب ہوتی ہے ؛ انحصار ، محکومی یا حلقہ بگوشی ؛ جاگیر ؛ جاگیرداروں کی جماعت ۔

**vast,** a. وسیع ؛ غیر محدود ؛ وزن اور جسامت میں بہت بڑا ؛ تعداد اور مقدار میں بہت بڑا ؛ بیکراں ؛ زبردست ؛ حد یا شدت میں بہت زیادہ ۔ (اسم) (شاعری) بیکراں وسعت یا مکان ؛ بے پایانی ۔

**vastly,** adv. نہایت ؛ بہت ۔

**vastness,** n. انتہائی وسعت ؛ بے پایانی ؛ بے کرانی ۔

**vasty,** a. بہت وسیع ؛ کشادہ ۔ (شاعری) وسیع ؛ بے پایاں ؛ بے حد ؛ بے کراں ۔

**vastitude, vastity,** n. بے انتہا وسعت یا عظمت ؛ بے پایاں وسعت یا فضا ؛ نہایت وسیع ہونے کی حالت ؛ بے کرانی ؛ بے پایانی ۔

**vat,** n. سیال چیزیں رکھنے کے لیے ایک بڑا ظرف ، جیسے حوض ، ناند ، ٹنکی ۔ (کیمیا) بھگویا ہوا سیّال رنگ ۔ (فعل متعدی) ناند یا حوض میں بھگونا یا رکھنا ۔

**vat dye,** n. (کیمیا) قابل تحلیل رنگ ؛ رنگوں کا کوئی ایک سلسلہ جو عموماً ریشوں میں سرایت کرنے کے لیے قابل تحلیل بے رنگ شکل میں تبدیل کیا جا سکے اور پھر آکسائڈ کی مدد سے ناقابل تحلیل گہرے رنگوں میں نمایاں کیا جا سکے ۔

**vat-dyed,** a. تحلیل شدہ (رنگ) ؛ بے رنگ شکل میں تبدیل کیا ہوا ۔

**vatic, vatical,** a. الہامی ؛ نبوی ؛ نبی کا یا اس سے متعلق ؛ الہام پر مبنی ؛ پیغمبرانہ ۔

**Vatican,** a. ویٹیکن ؛ پاپائی ؛ پاپائی حکومت سے متعلق ۔ (اسم) پاپائی محل جو روم میں ویٹی کن پہاڑی پر واقع ہے اور جو ایک کُتب خانہ ، آرٹ میوزیم ، رہایشی مکانات اور دفاتر پر مشتمل ہے ؛ پاپائی اقتدار یا حکومت ۔

**Vatican Council,** n. ویٹی کن کونسل ؛ دنیا بھر کے عیسائیوں کی وہ مجلس جو ۱۸۶۹ء تا ۱۸۷۰ء میں ویٹی کن میں منعقد ہوئی اور جس میں یہ طے ہوا کہ پاپائے رُوم اپنی منصبی حیثیت میں معصوم ہے ۔

**Vaticanism,** n. عصمتِ پاپائی ؛ پاپائی معصومیت یا برتری کا عقیدہ ؛ پاپائی اقتدار کا عقیدہ ۔

**Vaticanist,** n. پاپائی معصومیت کا معتقد یا قائل ۔

**Vaticinate,** v.t., v.i. پیش گوئی کرنا ؛ مستقبل کی باتیں بتانا ؛ آنے والے واقعات کی خبر دینا ۔

**vaticinal,** a. پیش گو ؛ پیش گوئی سے متعلق ۔

**vaticination,** n. پیش گوئی ؛ خبر غیب ۔

**vaticinator,** n. پیش گوئی کرنے والا ؛ پیش گو ۔

**vaudeville,** n. غنائی ناٹک ؛ واڈول ؛ پچ میل تماشا ؛ ایک رنگا رنگ ناٹک جو بہت سے انفرادی ایکٹوں پر مشتمل ہوتا ہے ، جیسے گانا ، ناچنا ، شعبدہ بازی ، مزاحیہ خاکے اور جانوروں کے کرتب جو ریاست ہائے متحدہ امریکا میں تقریباً ۱۸۹۰ء سے ۱۹۳۰ء تک بہت مقبول رہا یا بعض اوقات کوئی ہلکا سا ڈراما یا خاکہ جس کے بیچ بیچ میں گانا بجانا بھی ہوتا ہے ؛ کوئی طنزیہ یا مسائل حاضرہ سے متعلق گیت ۔

**vaudevillian,** n. واڈول سے متعلق کوئی شخص (اداکار یا مصنّف) ۔

**vault,** v.i. کودنا یا پھلانگنا ، جیسے کسی چیز کو ؛ رسّی یا بانس پر ہاتھ جما کر ان کی مدد سے کُودنا یا اچھلنا ۔ (فعل متعدی) پھلانگنا یا اچھل کر پار کر جانا ، جیسے کسی رکاوٹ کو ۔ (اسم) کسی چیز پر ہاتھ جما کر اُس کی مدد سے اچھل جانے کا عمل ؛ جَست ؛ زقند ؛ کود ؛ چھلانگ ؛ پھاند ۔

**vaulter,** n. اچھلنے والا یا جست لگانے والا شخص ۔

**vaulting,** a. جست لگانے سے متعلق ؛ جست لگانے کے کھیل سے متعلق (جیسے a vaulting pit or pole) ۔ (مجازاً) فریب دہندہ ، جیسے جیتنے کی خواہش میں ۔

**vault,** n. محراب ؛ گنبد ؛ قبّہ ؛ محرابی یا قوسی تعمیر ؛ عام طور پر اینٹ پتھر سے بنی ہوئی محرابی چھت ؛

**vector product, cross product,** n. (ریاضی) حاصل ضرب سمتیات ؛ کوئی سمتیہ جس کا طول کوئی سے دو معینہ سمتیوں کی لمبائیوں اور ان کی مثبت سمتوں کے درمیانی زاویے کی جیب (sine) کے حاصل ضرب کے مساوی ہو۔

**vector sum,** n. (ریاضی) ماحصل سمتیہ ؛ ماحصل حامل خط ؛ ایک سمتی خط جو بیک وقت وقوع پذیر دو یا دو سے زیادہ سمتیوں کے مساوی ہو اور جس کی لمبائی اور سمت (اس حوالے سے) ایک نقطے سے نکلتے ہوئے کسی دو سمتیوں کی متوازی الاضلاع کے وتر کے برابر ہو۔

**Veda,** n. [سنسکرت] وید ؛ مقدس ہندو تحریروں کا مکمل مجموعہ ، جو چار الگ الگ حصوں پر منقسم ہے : رگ وید ، سام وید ، یجر وید ؛ اتھرب وید ؛ چاروں الگ الگ مجموعوں میں سے ہر ایک۔

**Vediac,** a. ویدی ؛ وید یا ویدوں سے متعلق۔

**Vedaism,** n. ویدی اصول یا فلسفہ۔

**vedalia,** n. (حشریات) ایک سیاہ چتی دار بھونرا ، جس کا اصل وطن آسٹریلیا ہے اور جو پودوں کو چوسنے والے کیڑوں پر قابو پانے کے لیے کتنے ہی دوسرے ملکوں میں درآمد کیا جا چکا ہے۔

**Vedanta,** n. ویدانت ؛ ویدی فلسفہ ؛ ہندو فلسفے کا ایک نظام جو بنیادی طور پر انسان کی انفرادی روح یعنی آتما اور برہما یعنی دنیا کی روح یا اعلیٰ ترین روح یعنی پرماتما کے وحدانی تعلق کے اپنشدی اصول پر قائم ہے ؛ وحدت الوجود۔

**Vedantic,** a. ویدانتی ؛ ویدانت سے متعلق۔

**Vedantism,** n. ویدانت ؛ ویدانت پسندی۔

**Vedantist,** n. ویدانتی ؛ ویدانت پسند۔

**vedette,** n. (بحریہ) جاسوسی کے لیے کام کرنے والی ایک کشتی ۔ نیز : vedette boat ۔ (عسکری) پہلے گھڑ سوار سنتری کو کہتے تھے۔

**Vedic,** a. [سنسکرت] ویدی ؛ وید یا ویدوں یا ان کی زبان کا یا اس سے متعلق ؛ ۱۵۰۰ ق ۔ م سے ۵۰۰ ق ۔ م کے درمیان کی ہندو ثقافت یا تاریخ یا اس سے متعلق ۔ (اسم) وید کی زبان۔

**veep,** n. (بول چال) کوئی نائب صدر ؛ امریکی نائب صدر۔

**veer,** v.i. ہٹنا یا سمت بدلنا ، جیسے ہوا ؛ گھوم کر اپنے راستے کی سمت بدل دینا ، جیسے پانی کا جہاز ؛ پھر جانا ؛ گھوم جانا ؛ بدل جانا ؛ خیال تبدیل کر لینا (انسانوں ، جذبوں یا ارادوں کے بارے میں بولا جاتا ہے) ۔ (جہاز رانی) دوسرا راستہ اختیار کر لینا ۔ (فعل متعدی) (جہاز رانی) رخ کرنا ، جیسے جہاز کا مختلف راستے پر ؛ مجبوراً راستہ بدلوانا یا اس کا باعث ہونا ، جیسے کسی جہاز کا ۔ (اسم) رخ کی تبدیلی۔

**veeringly,** adv. رخ یا راستہ بدلتے ہوئے۔

**veer,** v.t. (جہاز رانی) زیادہ حد تک بڑھنے دینا ، جیسے کوئی رسی ، ڈوری یا تار ؛ گھمانا ؛ رخ بدلنا ؛ روش بدلنا ؛ پھرانا ؛ بدل دینا ؛ پھیرنا ؛ موڑنا۔

**veery, Wilson's thrush,** n. مشرقی امریکا کی ایک بھوری الانچی کے رنگ کی طوطی جس کے سینے پر ہلکی سی چتیاں پڑی ہوتی ہیں ؛ ولسن کی طوطی۔

محرابی چھت سے مشابہ کوئی چیز (جیسے : the vault of heaven) ؛ کوئی محرابی جگہ ، کمرہ یا دالان، خصوصاً زمین دوز تہ خانہ ، سرداب یا سرداب کا حصہ ؛ حجرہ یا مقبرہ، عموماً مکمل یا جزوی طور پر زیر زمین (مردے گاڑنے کے لیے) ؛ خاص طور پر چیزوں کو حفاظت سے رکھنے کے لیے بنایا ہوا کوئی کمرہ ؛ کوئی شگاف یا قدرتی جوف جیسے کسی گلیشیر میں ۔ (تشریح الاعضا) کسی جوف کی محرابی چھت ۔ (فعل متعدی) محراب بنانا یا محراب سے ڈھانکنا ؛ محراب نما بنانا ؛ کمان بنانا ؛ محراب باندھنا یا محراب کی طرح چھانا۔

**vaulted,** a. محرابی ؛ قبہ دار ؛ محراب دار ؛ محراب سے ڈھکا ہوا ، جیسے کوئی کمرہ ، عمارت یا غلام گردش ؛ محرابی شکل میں یا محرابوں سے بنا ہوا۔

**vaulting,** n. محرابی عمارت ؛ محراب یا محرابیں تعمیر کرنے کا فن یا عمل ؛ عقود ؛ محرابیں ؛ قبہ داری۔

**vaunt,** v.i. شیخی بگھارنا ؛ لاف مارنا ؛ ڈینگیں ہانکنا ؛ شان جتانا ؛ اترانا ۔ (فعل متعدی) ناز کرنا ؛ نازاں ہونا ؛ فخر یا ٹھسّے سے دکھانا ۔ (اسم) فخریہ نمایش ؛ ڈینگ ؛ شیخی ؛ لاف گزاف ؛ کلہ درازی۔

**vaunter,** n. شیخی خورا ؛ لاف زن ؛ ڈینگیا ؛ کلہ دراز۔

**vauntful,** a. نازاں ؛ شان جتانے والا ؛ لاف زن ؛ شیخی باز۔

**vauntingly,** adv. شان جتاتے ہوئے ؛ شیخی کے طور پر ؛ ڈینگ مارتے ہوئے۔

**vaunt-courier,** n. (قدیم) پیشرو یا ہراول ؛ نقیب ؛ چاؤش ؛ مقدمۃ الجیش۔

**vavasor, vavasour,** n. بڑا جاگیردار ؛ ایسا شخص جو آقا سے جاگیر پاتا اور آگے چھوٹے چھوٹے لگان دار رکھتا ہے۔

**vaward,** n. (قدیم) ہراول ؛ پیش سوار ۔ دیکھیے : Vanguard۔

**V-Day,** n. یوم فتح ؛ وہ دن جب آخری فوجی فتح حاصل ہوتی ہے۔

**'ve,** لفظ have کا مرخم جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : I've seen it before)۔

**veal,** n. بچھڑا ؛ بچھڑے کا گوشت جو پکایا اور کھایا جاتا ہے ؛ بچھڑا خصوصاً وہ جو کھانے کے کام آتا ہے ۔ نیز : vealer۔

**vectograph,** n. ابعاد نگار ؛ اوپر تلے قائم کیے گئے دو مشابہ عکسوں کی ایک مرکب تصویر جو تقطیب شدہ عدسوں سے سہ ابعادی نظر آتی ہے ؛ ویکٹو گراف۔

**vectographic,** a. ابعاد نگارانہ ؛ ویکٹو گراف کی یا اس سے متعلق۔

**vectography,** n. ابعاد نگاری۔

**vector,** n. سمتیہ ؛ خط حامل ؛ ویکٹر ؛ وہ فرضی خط جس کا طول اور سمت معین ہو ، جیسے قوت یا رفتار لیکن مقام معین نہ ہو ؛ کسی خط کا ایک ٹکڑا جو ایک وجود ظاہر کرتا ہے ۔ (طیرانیات) کسی شے جیسے ہوائی جہاز یا میزائل کا ایک نقطے سے دوسرے نقطے تک رخ عموماً معینہ وقت کے دوران میں ۔ (طب) بیماری پیدا کرنے والے جرثوموں کا حامل ، جیسے کوئی حشرہ ؛ مرض دار۔

**vectorial,** a. سمتی ؛ حاملی ؛ خط حامل سے متعلق۔

**vegan,** n. نبات خور جو دُودھ اور دودھ سے بنی ہوئی اشیا نہیں کھاتا ۔

**veganism,** n. نبات خوری ؛ نبات پسندی ۔

**vegetable,** n. سبزی ؛ ترکاری ؛ نبات ؛ بقولات ؛ بناسپتی ؛ سبزی جس کے پھل ، شاخیں یا تنے ، پتیاں ، جڑیں یا دوسرے حصے کھانے کے کام آتے ہیں ، جیسے ککڑی ، مارچوبہ ، پالک ، کرم کلہ ، بند گوبھی ، چقندر ، آلو اور پیاز ؛ ایسے پودے کا کھایا جانے والا حصہ ؛ بے قاعدہ طور پر پودوں کی دنیا کا کوئی سا رکن ۔ (مجازاً) مجہول اور گھامڑ انسان ؛ نکما ۔ (صفت) سبزیوں کا ؛ نباتی ؛ سبزیوں پر مشتمل یا سبزیوں سے بنا ہوا (جیسے : a vegetable diet ) ؛ پودوں سے متعلق یا مخصوص (جیسے : vegetable growth ) ؛ پودوں یا پودوں کے بعض حصوں سے حاصل کیا ہوا (جیسے : vegetable oils ) ؛ پودوں کا جزو یا باقیات پر مشتمل (جیسے : decomposing vegetable matter ) ؛ پودے کی فطرت کا (جیسے : a vegetable organism ) ۔

**vegetably,** adv. سبزی کے طور پر ۔

**vegetable butter,** n. روغن سبزی ؛ سبزی کی مختلف سخت جمی ہوئی چکنائیوں میں سے کوئی سی چکنائی جو عام درجہ حرارت پر ٹھوس ہو جاتی ہے ۔

**vegetable ivory, ivory nut,** n. عاج نباتی ؛ جوز سفید کا سخت سفید گودا ، جس سے بٹن اور دوسرے زیورات بنتے ہیں ۔

**vegetable marrow,** n. گھیا کدو ؛ بیضاوی شکل کا کوئی کھایا جانے والا کدو ؛ اسی جنس کا پھل جو ترکاری کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

**vegetable oil,** n. نباتی تیل ؛ کسی پھل یا پودے کے بیجوں سے نکلنے والا تیل جو دواؤں اور کھانا پکانے میں اور چکنانے یا تدہین کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ بناسپتی روغن ۔

**vegetable silk,** n. بناسپتی ریشم ؛ بعض پودوں کا ریشمی ریشہ جو عام طور پر تکیے اور رضائیاں بھرنے کے کام آتا ہے ، جیسے سنبل کا ریشہ ۔

**vegetable sponge,** n. صافی ؛ ترئی جس کا سوکھا ہوا اندرونی جالی دار حصہ اسفنج ، چھلنی یا برتن دھونے کی صافی کے طور پر کام آتا ہے ؛ رام ترئی ؛ منجرال ؛ سبی ؛ جُونا ۔

**vegetable tallow,** n. بناسپتی چربی ؛ پودوں سے حاصل ہونے والی کسی قسم کی بناسپتی چربی یا روغن جس سے موم بتیاں ، صابن یا اور دوسری چیزیں بنتی ہیں ۔

**vegetable wax,** n. نباتی موم ؛ بہت سے پودوں،جیسے مومی کھجور سے حاصل ہونے والا موم یا موم جیسا مادہ ۔

**vegetal,** a. نباتی ؛ پودے یا سبزی کی خاصیت رکھنے والا ؛ اس قسم کے حیاتی وظـائف سے متعلق جو پودوں اور جانوروں میں مشترک ہیں جیسے خورش اور بالیدگی کے اعمال ۔

**vegetarian,** n. سبزی خور ؛ وہ شخص جو اخلاقی یا غذائی اسباب سے گوشت یا مچھلی یا بعض اوقات لحمیاتی غذا سے پرہیز کرتا ہے اور اس کی بجائے صرف سبزیوں ، غلے ، پھل اور مغزیات پر بسر کرتا ہے ۔ (صفت) سبزی خوروں کا یا ان سے متعلق ؛ سبزی خوری کی وکالت کرنے یا اس کے لیے وقف ہو جانے والا ؛ خالی سبزیوں پر مشتمل ۔

**vegetarianism,** n. سبزی خوری کا فلسفہ ؛ سبزی خوری پسندی ؛ یہ نظریہ کہ انسان کو لحمیات کے لیے گوشت وغیرہ کی بجائے سبزی خوری پر انحصار کرنا چاہیے ۔

**vegetate,** v.i. پودوں کی طرح اگنا،بڑھنا ؛ بے حسی ، بے حرکتی کرنا ؛ مجہول حالت میں رہنا ۔ (امراضیات) غیر صحت مند بالیدگی سے بڑھنا جیسے بدگوشت ۔

**vegetation,** n. سبزہ ؛ روئیدگی کا عمل یا طریقہ ؛ نباتی زندگی بحیثیت مجموعی ، خصوصاً کسی رقبے یا علاقے کی نباتی زندگی (جیسے : The vegetation of the mountain tops ) ؛ بے عمل ، بے شغل ، مجہول زندگی یا وجود ۔ (امراضیات) غیر صحت مند بالیدگی یا بدگوشت یا پھوڑا پھنسی وغیرہ ۔

**vegetational,** a. نباتاتی ؛ نباتات سے متعلق ۔

**vegetationless,** a. نباتات کے بغیر ؛ روئیدگی سے محروم ؛ بنجر ؛ چٹیل ۔

**vegetative, vegetive,** a. روئندہ ؛ نموئی ؛ زرخیز ؛ پودوں کی طرح اگنے یا بڑھنے والا ؛ نباتات یا نباتاتی بالیدگی سے متعلق ؛ بالیدگی یا غذا ، جیسے غیر ارادی اور غیر شعوری جسمانی وظائف کے متعلق (لیکن تناسلی و توالدی خصوصیات میں دوسروں سے مختلف) ؛ وہ جس میں تناسلی و توالدی افعال شامل نہ ہوں ؛ پودوں کو بڑھانے یا ان کی بالیدگی میں مدد دینے پر قادر (جیسے : vegetative mold) بے کار ، مجہول یا بے شغل (جیسے : Vegetative way of life ) ۔

**vegetatively,** adv. روئیدگی کے طور پر ؛ نباتاتی بالیدگی کے طریقے سے ؛ بے کاری یا بے شغلی کی حالت میں ۔

**vegetativeness,** n. نمو پذیری ؛ زرخیزی ؛ بے کاری ؛ بے شغلی ۔

**vehemence, vehemancy,** n. شدت ؛ شدید ہونے کی صفت یا خصوصیت ؛ زور ؛ سختی ؛ سرگرمی ؛ تندی ؛ غلبہ ۔

**vehement,** a. تیز و تند جذبات والا ؛ پرزور یا جذباتی ؛ نہایت قوت اور جوش سے کام کرنے والا (جیسے : Vehement wind or fire ) ؛ تیز مزاج ؛ طوفانی ؛ نہایت زور دار ؛ جوشیلا ؛ پرشوق ؛ سرگرم ۔

**vehemently,** adv. تندی سے ؛ زوردار طریقے سے ؛ شدت سے ؛ جوش سے ۔

**vehicle,** n. گاڑی ؛ سواری ؛ کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے یا ڈھونے کا کوئی ذریعہ جیسے پہیوں پر ، سڑک یا پٹڑی سے ؛ کوئی سواری ؛ ترسیل یا مواصلات کا کوئی آلہ (جیسے : Language is a vehicle for conveying ideas ) ۔ (طب) کوئی بے ضرر مادہ جو طبی اجزائے ترکیبی کے لیے بطور ذریعہ کام میں لایا جائے ۔ (مصوری) رنگ ملانے کے لیے کام میں آنے والا کوئی محلول ۔

**vehicular,** a. سواری کا ؛ جو سواری کے ذریعے منتقل ہو ۔

**V-eight,** a. آٹھ وی ؛ V کی شکل میں زاویے پر بنے ہوئے دو حصوں والے دروں احتراقی انجن (ہر حصے میں چار سلنڈر ہوتے ہیں) کا یا اس سے متعلق یا اسے ظاہر کرنے والا ۔ (اسم) وی ایٹ انجن ؛ وی ایٹ انجن کی کوئی گاڑی ۔

**veil,** n. نقاب ؛ پردہ ؛ غشا ؛ جھلی ؛ حجاب ؛ مقنع ؛ آڑ ؛ بھیس ؛ ہلکے اور عموماً شفاف مادے کا کوئی ٹکڑا جو چہرے کو چھپانے ، محفوظ رکھنے یا سجانے کے لیے سر پر ڈالا یا اوڑھا جاتا ہے ؛ کپڑے کا ایک ٹکڑا جو اس طرح سر پر ڈالا جائے کہ وہ چہرے کے دونوں جانب شانوں پر پڑا رہے ، جیسے راہبہ کے سر کے لباس کے بیرونی حصے ؛

رابہ یا امیدوار پادری کا اٹھایا ہوا حلف یا منتخب کردہ زندگی ؛ کوئی ایسی چیز جو ڈھانپتی ، اوٹ کرتی یا چھپاتی ہے (جیسے a veil of smoke) ؛ مصنوعی چہرہ ، بھیس ، خول یا ڈھونگ (جیسے a criminal's veil of honesty) ـ (حیاتیات) جھلی ؛ غشا ـ (بولی) جالی یا بال جالی ؛ سر جالی ـ (فعل متعدی) ڈھانکنا یا چھپانا ، جیسے نقاب سے ؛ اصل حقیقت کو چھپانا ؛ مصنوعی چہرہ لگانا یا بھیس بدلنا ـ (فعل لازم) نقاب اوڑھنا ـ

**take the veil,** گوشہ نشینی اختیار کرنا ؛ تارک الدنیا ہونا ؛ راہبہ بننا ـ

**veiled,** a. نقاب پوش ؛ مقنع سے ڈھکا ہوا ؛ برقع پوش (جیسے : a veiled woman)؛ درپردہ (جیسے : a veiled threat) ؛ غیر واضح یا مبہم (جیسے : a veiled noise) ـ

**veiling,** n. نقاب ڈالنے یا برقع سے چھپانے کا عمل ؛ نقاب ؛ نقاب بنانے کا کپڑا ـ

**vein,** n. رگ ؛ نس ؛ دھاری ؛ جسم کے مختلف حصوں سے دل کی طرف خون لے جانے والی بٹی ہوئی نالیوں یا نلکیوں کے نظام میں سے ایک نالی ؛ عموماً خون کی کوئی سی نالی ؛ کیڑے کے پر کی رگ ؛ پتے کی مخصوص ساخت والے قناتی ریشوں میں سے کوئی ایک ریشہ ؛ واضح حدود کے اندر کچ دھات یا کوئلے کی کان (جیسے : a vein of gold) ؛ رگ معدن ؛ وہ درز یا شگاف جس میں کچ دھات ہوتی ہے ؛ آتشی چٹان کا ڈھیر یا چٹان کے شگاف میں جمع شدہ دھات ؛ زیر زمین چھوٹی سی قدرتی پانی کی نالی ؛ ایسی نالی میں بہنے والا پانی ؛ سنگ مرمر ، لکڑی یا دوسرے قدرتی مواد میں کسی رنگ کی دھاری ؛ ذہن کی ایک خاص حالت ، انداز یا رخ ؛ کردار ، عمل یا تحریر میں پائی جانے والی کوئی صفت یا صفات کا مرکب یا رجحان ؛ زبان یا بیان کا کوئی خاص اسلوب (جیسے : in a poetic vein) ؛ نالی کے انداز کی کوئی لیک یا راستہ ـ (فعل متعدی) رگوں یا نسوں سے بھرنا ؛ رگ نما لکیریں اور دھاریاں بنانا ؛ نسوں کے ذریعے سے پھیلنا ـ

**veinal,** a. نسوں کا ؛ نسوں سے متعلق ـ

**veiny,** a. نس دار ـ

**veined,** a. رگ دار ؛ نس دار ؛ وہ جس میں نسیں ہوں یا نظر آتی ہوں ؛ نسوں والا ؛ دھاری دار ـ

**veining,** n. رگ بندی ؛ نسوں یا نس جیسی دھاریوں کی ترتیب ـ

**veinlet,** n. رگیزہ ؛ رگ کوچک ؛ بڑی نس سے نکلنے والی ایک نسبتاً چھوٹی نس ـ

**veinstone,** n. دیکھیے Gangue ـ

**velamen,** n. (تشریح الاعضا) غشائے دماغ ؛ جھلی ؛ باریک پردہ ـ (نباتیات) طفیلی ثعلبی بوٹیوں کی ہوائی جڑوں کو ڈھانکنے والی جلد کا بالائی حصہ یا موٹا اسفنجی چھلکا ـ

**velamentous,** a. جھلی خصوصاً غشائے دماغ سے متعلق ـ

**velar,** a. غشائی ؛ جھلی یا پردے ،خصوصاً حنک یا تالو کے نرم حصے سے متعلق ـ (صوتیات) حنکی حرف ؛ تالو کے نرم حصے کو زبان سے چھونے پر ادا ہونے والی آواز یا حرف ـ

**velarium,** n. غشا حاشیہ ؛ قدیم رومی تھیٹر یا ایمفی تھیٹر پر کھلے ہونے کی وجہ سے تانا جانے والا سائبان یا نمگیرا ـ

**velarize,** v.t. (صوتیات) حلقی آوازوں یا لفظ سے صوت علت ادا کرنا ـ

**velate,** a. (حیاتیات) غشا پوش ؛ جھلی دار ؛ بچھڑے کی کھال والا ـ

**velation,** n. غشا ؛ جھلی سازی ـ

**velcro,** n. جابذ کپڑا ؛ ہُک دار کپڑے کا تجارتی نام جو دُوسرے کپڑے سے منسلک کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے اور جسے گھنڈیوں کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے ـ

**veld, veldt,** n. گھاس کا میدان ؛ کھلی زمین جس میں گھاس ، جھاڑیاں ، جڑی بوٹیاں ہوں اور درخت بہت کم اگتے ہوں ؛ جنوبی افریقہ کا وہ حصہ جو درختوں سے خالی ہو یا جس میں بہت کم درخت اگتے ہوں ـ

**velitation,** n. جھڑپ ؛ معمولی مباحثہ ؛ نزاع ـ

**velleity,** n. (فلسفہ) تمائل ؛ خفیف ارادہ ؛ کمزور ترین قسم کا ارادہ ؛ معمولی سی خواہش یا آرزو ـ

**vellum,** n. رق ؛ چمڑے کی جھلی ؛ لکھنے ، چھاپنے ، مصوری یا جلد سازی کے لیے استعمال ہونے والی چمڑے کی باریک جھلی ؛ رق پر لکھا ہوا مسودہ یا تحریر ؛ رق سے مشابہ کاغذ ـ (صفت) رق سے متعلق ـ

**veloce,** adv. (موسیقی) نہایت تیزی سے ؛ تیز تال سے ـ (صفت) نہایت تیز تال والی ـ

**velocimeter,** n. زیر آب صدا پیما ؛ ایک آلہ جس سے پانی میں آواز کی رفتار کی پیمایش کی جاتی ہے ـ

**velocipede,** n. اولین سائیکل ؛ عموماً دو یا تین پہیوں والی ایک ہلکی سی چھوٹی گاڑی یا سواری جو سوار کے پیروں سے چلائی جاتی ہے خاص طور پر بائیسکل یا قدیم طرز کی ٹرائی سائیکل ؛ کسی بچے کی ٹرائی سائیکل ؛ ٹھیلہ خاص طور سے وہ جو پٹڑیوں پر چلتا ہے ؛ پاؤں گاڑی ـ

**velocity,** n. رفتار ؛ سمتی رفتار ؛ حرکت یا کام کی تیزی ؛ عجلت ؛ جلدی ـ (میکانیات) حرکت کی رفتار ؛ وقت کی اکائی کے لحاظ سے کسی نقطے کے مقام کی تبدیلی ؛ رفتار حرکت جو چال اور سمت سے شمار ہوتی ہے ؛ سمت دار چال ؛ شرح رفتار ـ

**velours, velour,** n. مخمل ؛ ایک قسم کا مخملی کپڑا جس پر ملائم بال یا رُواں ہوتا ہے اور جس کے اوور کوٹ ، کمروں کے پردے اور فرش ، نمدے اور کمبل بنتے ہیں ـ

**veloute, veloute sauce,** n. (طباخی) بچھڑے یا مرغی کے گوشت کی بنی ہوئی چکنی سفید چٹنی ـ

**velum,** n. (حیاتیات) غشا ؛ کوئی نقاب جیسا جھلی نما غلاف یا پردہ ـ (تشریح الاعضا) نرم تالو ؛ شراع الحنک ـ

**velure,** n. ویلور؛ مخمل یا اس سے مشابہ کپڑا ؛ ایک ریشمی یا مخملی گدی جس سے ریشمی ہیٹ صاف کیا یا جھاڑا جاتا ہے ـ (فعل متعدی) مخملی گدی سے صاف کرنا ـ

**velutinous,** a. مخملی ؛ نرم ، مخملی سطح رکھنے والا جیسے بعض پودے ـ

**velvet,** n. مخمل ؛ مخملی سمور ؛ ریشمی ، سوتی ، نائیلون یا ریان کا کپڑا جس کے ایک طرف تانے کے دھاگوں کے حلقوں

پر مشتمل موٹی تہ ہو اور پشت سادہ ہو ؛ مخملی کپڑے سے مشابہ کوئی چیز (نرمی میں) ؛ بارہ سنگھے کے بچے کا مخملی سمور ۔ (عوامی) جوئے یا سٹے سے حاصل ہونے والی رقم ؛ فائدہ یا منفعت ۔ (صفت) مخملی یا مخمل میں لپٹا ہوا ۔

**velveted,** a. مخمل سے مشابہ ؛ مخملی ؛ مخمل دار ۔

**velvetlike,** a. مخملیں ؛ مخمل نما ؛ مخمل سے ملتا ہوا ۔

**velvetant,** n. بیر بہوٹی ؛ ایک شوخ رنگ کی زنبور جس کا جسم روئیں دار پروں سے ڈھکا ہوتا ہے اور جو چیونٹیوں کی طرح نظر آتی ہے ۔

**velveteen,** n. مخمل کی بناوٹ کا ایک سوتی کپڑا ؛ نقلی مخمل ۔ (جمع) کپڑے عموماً نقلی مخمل کے بنے ہوئے مردوں کے پاجامے ۔ (صفت) نقلی مخمل کے بنے ہوئے ، جیسے نقلی مخمل کا لباس ۔

**velvet sponge,** n. مخملی اسفنج ؛ ایک بڑے نرم اسفنج کا تجارتی نام جو ویسٹ انڈیز کے ساحلوں کے قریب پایا جاتا ہے ۔

**velvety,** a. مخملیں ؛ مخمل نما ؛ ہموار ، نرم یا بناوٹ میں نازک ؛ خوشگوار اور مناسب چاشنی کا ، عام طور پر شراب (جیسے : velvety bourbon ) ۔

**vena,** n. (تشریح الاعضا) ورید ؛ نس ۔

**vena cava,** n. (تشریح الاعضا) دائیں اطاقِ قلب میں کھلنے والی دو بڑی وریدوں میں سے کوئی سی ایک ورید ؛ ورید جوف ۔

**venal,** a. ضمیر فروش ؛ زرپرست ؛ طامع زر ؛ سامان تجارت کی طرح قابل خرید ؛ ان چیزوں کی طرح جو نہ باضابطہ خریدی جاتی ہیں ، نہ بیچی جاتی ہیں (جیسے :a venal vote ) ؛ اپنی خدمات یا اثر ، گھٹیا پن یا بے ایمانی سے بیچنے پر آمادہ ؛ رشوت خور ناجائز طور پر بکاؤ ؛ ضمیر فروشانہ ۔

**venality,** n. طمع ؛ زر پرستی ؛ ضمیر فروشی ؛ ہوس زر ۔

**venally,** adv. ضمیر فروشانہ طریقے سے ۔

**venatic, venatical,** a. شکار کا ؛ شکار میں مستعمل یا شکار سے متعلق ؛ شکاری ؛ شکار سے متعلق ۔

**venetically,** adv. شکار کے طور پر ۔

**venation,** n. (حیاتیات) نسوں کی ترتیب کا انداز ، جیسے پتیوں یا کیڑوں کے پروں میں ؛ نظام عروقی ؛ قناتیت ۔

**venational,** a. نظام عروقی سے متعلق ۔

**vend,** v.t. بیچنا (اکثر پھیری لگا کر) ؛ کھلم کھلا بیان کرنا ، جیسے خیالات یا آراء ؛ شائع کرنا ۔ (فعل لازم) سامان تجارت بیچنا (اکثر بطور پھیری والے کے) ؛ خریدا یا بیچا جانا ۔

**vendace,** n. وینڈیس ؛ ایک خوشبو دار سفید مچھلی جو برطانیہ اور سویڈن کی جھیلوں میں ملتی ہے ۔

**vendee,** n. (قانون) مشتری ؛ خریدار ؛ وہ شخص جس کو کوئی چیز بیچی جائے ۔

**vender, vendor,** n. (قانون) بائع ؛ فروشندہ ؛ وہ شخص جو بیچتا ہے ؛ کوئی بیچنے والی مشین ؛ پھیری والا ۔

**vendetta,** n. خاندانی دشمنی ؛ دشمن داری ؛ کوئی طویل اور شدید جھگڑا ، رقابت یا فساد ؛ انتقام قتل کا جھگڑا جس میں ایک شخص اپنے قریبی عزیز کے قتل کا بدلہ اس کے قاتل سے لیتا ہے ۔

**vendible,** a. فروختنی ؛ بکاؤ ؛ قابل فروخت ، بکنے کے لائق ۔ (اسم) (عموماً جمع) بکاؤ مال ؛ قابل فروخت چیزیں ۔

**vendibility, vendibleness,** n. بکاؤ پن ؛ فروخت پذیری ۔

**vending machine,** n. بائع مشین ؛ سکوں سے چلائی جانے والی مشین جو مٹھائیاں ، ٹافیاں ، چیونگ گم اور دوسری چھوٹی موٹی اشیا بیچتی ہے ۔

**vendition,** n. فروختگی ؛ بکری ؛ بیچنے کا کام ؛ پھیری کا کام ۔

**vendor,** n. دیکھیے : Vender ۔

**vendue,** n. نیلامی ؛ نیلام عام کے ذریعے فروخت ۔

**veneer,** n. لکڑی یا کسی اور مادے کی ایک پرت جو کسی اور کم قیمت سطح پر بچھائی جائے ؛ پلائی وڈ کی ایک پرت ؛ اوپری نمایش یا دکھاوا (جیسے : to hide one's shortcomings under a veneer of self confidence, ) ۔ (فن تعمیر) کسی چیز کے سامنے کے حصے پر ابرا چڑھانا جیسے اینٹ پتھر کا ، جو کم پائیدار یا آرایشی سطح جیسے لکڑی پر چڑھایا جائے ۔ (فعل متعدی) تہ جمانا یا چہرہ بنانا ، جیسے سجاوٹ یا حفاظت کی خاطر باریک تہ سے بنائی ہوئی سطح ؛ کسی غیر دلکش یا بدنما چیز کو زیادہ خوشگوار سطح سے ڈھانپنا ؛ لکڑی کی پرتیں جوڑ کر پلائی وڈ بنانا ؛ اوپری لیپا پوتی سے ڈھانپ دینا یا چھپانا ؛ ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا ۔

**veneerer,** n. ٹیپ ٹاپ کرنے والا ۔

**veneering,** n. رنگ روغن چڑھانے کا کام ؛ ملمع سازی ؛ لیپا پوتی میں کام آنے والا سامان ؛ رنگ روغن سے نکھرنے والی سطح ۔

**venerable,** a. قابل احترام ؛ واجب التعظیم ؛ اعلیٰ کردار یا عہدے کے باعث قابل تکریم ؛ کلیسائے انگلستان کے آرچ ڈیکن کا لقب ؛ رومی کیتھولک کلیسا میں ان بزرگ پادریوں کا لقب جو ولایت کے منصب پر فائز ہونے والے ہوں ؛ عمر یا وجاہت ظاہری کے باعث واجب التعظیم ؛ مذہبی ، تاریخی یا دیگر اعلیٰ روایات کی بنا پر مقدس ، جیسے مقامات ، عمارات یا شہر ؛ عمر یا قدامتی ظواہر کے باعث اثر آفریں یا دلچسپ (جیسے :Venerable castle ) ؛ سن رسیدہ ؛ پرانا یا قدیم ، بطور طنز مستعمل ؛ تقدس مآب ؛ معزز ؛ مقدس ، محترم ، بزرگ ۔

**venerability, venerableness,** n. عظمت ؛ حرمت ؛ تقدیس ؛ تعظیم ۔

**venerably,** adv. تعظیم و تکریم کے ساتھ ؛ تقدس کے ساتھ ۔

**venerate,** v.t. عزت و احترام کرنا ؛ تعظیم دینا ؛ ادب کرنا ؛ عزیز رکھنا ۔

**venerator,** n. عزت و احترام کرنے والا ؛ تعظیم دینے والا ؛ مقدس ماننے والا ۔

**veneration,** n. انتہائی ادب ؛ عزت و احترام ظاہر کرنے والا عمل ؛ اعلیٰ تعظیم و تکریم کا جذبہ ؛ محترم و معظم سمجھے جانے کی حالت ؛ تقدس مآبی ۔

**venereal,** a. جماعی ؛ جماع سے تعلق رکھنے والا ؛ مقاربتی ؛ امراض خبیثہ میں مبتلا شخص کی ہم بستری سے متعلق یا حاصل ہونے والا (جیسے : venereal diseases ) ؛ اس قسم کے امراض سے متعلق ؛ ایسے امراض کے علاج کے لیے موزوں (جیسے : a venereal remedy ) ؛ آتشکی ؛ زہراوی ؛ مبہی ؛ خبیثہ ۔

**venereal disease,** n. (امراضیات) امراض خبیثہ؛ کسی چھوت زدہ مریض کے ساتھ ہم بستری سے لگ جانے والی بیماری ؛ امراض زہراوی ۔

**venereology, venerology,** n. زہراویات ؛ امراض خبیثہ کے مطالعے اور علاج سے متعلق علم طب کا ایک شعبہ ۔

**venerologist,** n. زہراویات دان ؛ امراض خبیثہ کا ماہر ؛ جماعی امراض کا ماہر۔

**venery,** n. (قدیم) شکار کا عمل یا مشق ؛ صید افگنی ؛ شوق شکار ۔ (قدیم) جنسی خواہش کی سیری ؛ مباشرت ؛ مقاربت ؛ کثرت جماع ۔

**venesection, venisection,** n. فصد ؛ ورید شگافی ؛ فصد کھولنے کا عمل ؛ فصادی ؛ نشتر زنی ۔

**Venetian,** a. اٹلی کے شہر وینس ، اس کے باشندوں یا اس کی ثقافت سے تعلق رکھنے والا ۔ (اسم) وینس کا باسی یا باشندہ ۔

**Venetian blind,** n. پردہ ؛ جھلملی ؛ کھڑکی پر لٹکایا جانے والا ایک پردہ جو لکڑی یا دھات وغیرہ کی پتلی پتلی اور چپٹی پٹیوں سے اس طرح بنایا جاتا ہے کہ جب پردہ بند کر دیا جائے تو وہ ایک دوسرے کو ڈھانپ لیتی ہیں اور جب پردہ کھول دیا جائے تو روشنی اور ہوا کے آنے کے لیے ان کے درمیان جھریاں پیدا ہو جاتی ہیں ؛ وینسی پردہ ۔

**Venetian glass,** n. وینسی شیشہ ؛ نازک ، پرتکلف ، اکثر رنگین شیشے کا بنا ہوا کانچ کا سامان اور گلدان وغیرہ جو اٹلی میں اور زیادہ تر شہر وینس یا اس کے نواح میں بنتے ہیں ۔

**Venetian red,** n. - لوہا ملی یا جلی مٹی یا گیروا رنگ جو لوہے کے آکسائڈ سے حاصل ہوتا ہے ؛ ہلکا بادامی یا گیروا رنگ ؛ گہرا سرخ نارنجی رنگ ۔

**Venezuelan,** a. وینی زوئیلا کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) جنوبی امریکا کی ایک جمہوریہ ،وینی زوئیلا کا باشندہ ۔

**venge,** v.t. (قدیم) بدلہ لینا ؛ انتقام لینا ۔

**vengeance,** n. مکافات ؛ کسی نقصان یا زیادتی کا بدلہ ؛ انتقام ؛ قصاص ؛ بدلہ ؛ جزا ؛ سزا ؛ عداوت ؛ بیر ؛ پاداش ؛ کینہ ۔

**with a vengeance,** سخت قوت یا شدت سے ؛ حیران کن یا بدحواس کر دینے والے اثر کے ساتھ ۔

**vengeful,** a. انتقامی ؛ بدلہ لینے والا ؛ قصاصی ؛ کینہ پرور ۔

**vengefully,** adv. کینہ پروری سے ؛ انتقامی طور پر ۔

**vengefulness,** n. کینہ پروری ۔

**V-engine,** n. وی انجن ؛ ایک دورن احتراقی انجن جس کے دو دو سلنڈر وی (V) کی شکل میں رکھے جاتے ہیں ۔

**venial,** a. قابل عفو ؛ لائق معافی ؛ قابل در گزر ؛ معمولی ۔ (الہیات) لائق بخشش ؛ جو معاف کر دیا جائے یا بخش دیا جائے جیسے کوئی گناہِ صغیرہ ؛ عفو پذیر ۔

**veniality, venialness,** n. عفو پذیری ؛ بخشش ۔

**venially,** adv. بخششے جانے کے طور پر ؛ قابل در گزر طور پر ۔

**venin,** n. (حیاتی کیمیا) وِنین ؛ بِس ؛ سانپ کے زہر کا کوئی ایک کیمیائی جزو ۔

**venipuncture, venepuncture,** n. (طِب) کوئی دوا یا غذا داخل کرنے یا تجزیے کے واسطے نمونے کا خون نکالنے کے لیے کوئی نس کھولنے کا عمل ؛ فصد ؛ رگ زنی ۔

**venire facias, venire,** n. (قانون) شیرف کے نام وُہ حکمنامہ جس میں اسے یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ شہریوں کو جیوری کے فرائض انجام دینے کے لیے طلب کرے ۔

**venireman,** n. (قانون) جیوری کا کوئی ایک رکن جسے شیرف کے نام جاری ہونے والے حکمنامے کے ذریعے طلب کیا جائے ۔

**venison,** n. ہرن کا گوشت ۔

**Venite,** n. مناجات نمبر ۹۵ (انجیل کے لاطینی ترجمے و لگیٹ کا مناجات نمبر ۹۴) جو جمعہ کے روز نغمۂ سلیمان کی حیثیت سے پڑھی جاتی ہے ؛ اس مناجات کے نغمے کی دُھن ۔

**venom,** n. زہر ؛ بِس ؛ زہریلے جانوروں کا وہ سیّال زہر جو ان میں سے بعض اپنے جسم سے خارج کرتے اور دوسرے جانوروں کے جسم میں دانتوں سے کاٹ کر داخل کر دیتے ہیں جیسے سانپ اور بعض ڈنک مار کر جیسے بچھو ، بھڑ یا شہد کی مکھی ۔ (مجازاً) کینہ ؛ بغض ؛ بَیر ۔ (شاذ) کوئی سا زہریلا مادہ ۔ (فعل متعدی) (قدیم) زہر دینا ۔

**venomous,** a. زہریلا ؛ بِس دار ؛ زہر پیدا کرنے والے غدود یا غدودوں والا (جیسے: a Venomous insect ) ؛ زہریلے دانت یا ڈنک مارنے کے قابل ؛ زہر بھرا ۔ (مجازاً) کینہ پرور ؛ بغض بھرا ؛ کپٹی (جیسے: a venamous denunciation ) ۔

**venomously,** adv. زہریلے پن سے ؛ کپٹ سے ۔

**venomousness,** n. زہریلا پن ؛ کینہ پروری ۔

**venose,** a. شاخ در شاخ نسوں والا (جیسے پتیاں) جس میں کثیر تعداد رگیں ہوں ۔

**venosity,** n. کثرت نس ؛ کثیرتعداد میں نسیں رکھنے کی حالت ۔

**venous,** a. وریدی ؛ نسوں سے بھرا یا نسوں سے متعلق ؛ ورید کا ؛ نسوں کا ۔ (فعلیات) اس خون سے متعلق جو وریدوں میں سے ہو کر دل میں واپس جاتا ہے ، جس سے آکسیجن غائب اور جس میں کاربن ڈائی آکسائڈ موجود ہوتی ہے اور جو شریانی خون سے زیادہ سیاہ ہوتا ہے ۔

**venously,** adv. وریدوں یا نسوں کی کثرت کے ساتھ ۔

**venousness,** n. کثیرتعداد میں نسیں رکھنے کی حالت ۔

**vent,** n. نکاس ؛ روزن ؛ موکھا ؛ منفذ ؛ ایک چھوٹا سا رخنہ ، راستہ یا روزن ؛ کسی چیز کے خارج ہونے یا نکلنے کے لیے ایک سوراخ (جیسے : a vent for carbon monoxide and dioxide resulting from coal or natural gas combustion ) ؛ شگاف ؛ نکاس کا راستہ یا نالی ؛ درز جیسے کسی لباس کی اُلٹی سیون میں ؛ اظہار کا ذریعہ (جیسے: giving vent to anger ) ۔ (حیوانیات) پاخانہ خارج کرنے کا سوراخ جیسے مقعد یا مبرز ، خصوصاً چڑیوں اور مچھلیوں کا ۔ (فعل متعدی) نکالنا ؛ راستہ دینا ؛ خارج کرنا یا اظہار کرنا ، جیسے دبے ہوئے جذبے یا غصّے کا ؛ اُنڈیل دینا ؛ کہہ ڈالنا ؛ ہونکنا ۔

**ventage,** n. ثقب ؛ نکاس راہ ؛ چھوٹا سا سوراخ جیسے بانسری کا ۔

**ventail,** n. قُرون وُسطیٰ کے خود کا وہ ہٹایا جانے والا اگلا حصہ جو ٹوپی کے چھجے کے نیچے ہوتا ہے ۔

**venter**, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) بطن ؛ شکم ؛ پیڑو یا معدہ ؛ پیٹ ؛ معدے کا سا گڑھا یا قعر جیسے ہڈیوں کا ؛ معدہ نما ابھار یا گومڑا جیسے پٹھوں کا۔ (قانون) رحم یا بچے کے نکاس کی حیثیت سے بیوی یا ماں۔

**ventilate**, v.t. کسی دفتری عمارت میں تازہ ہوا آنے دینا اور خراب ہوا اس سے خارج کر دینا ؛ آکسیجن ملانا جیسے پھیپھڑوں میں خون کے ساتھ سانس لینے میں ؛ ہوا کا چلنا اور اسے تازہ کر دینا جیسے سمندری ہوا کا ؛ ہوا کی بے روک گزر گاہ میں لے آنا ؛ باہمی اور عوامی غور و فکر کے لیے پیش کرنا ؛ آزادی سے بحث کے لیے پیش کرنا ؛ ایک چھوٹا سا سوراخ یا وزن رکھنا جیسے مضر گیسوں کے اخراج کے لیے۔

**ventilative**, a. ہوا دینے کا ؛ ہوا کی آمد و رفت کے انتظام کا۔

**ventilator**, n. ہوا دان ؛ روشندان ؛ مروح ؛ ہوا دینے والا۔

**ventilatory**, a. ہوا دان کا ؛ روشن دان کا ؛ ہوا کی آمد ورفت کے انتظام کا۔

**ventilation**, n. ہواداری ؛ ترویح ؛ ہوا دینے کا عمل ؛ ہوا کی آمد و رفت کا انتظام ؛ بند جگہوں جیسے عمارتوں یا کانوں کو تازہ ہوا کی ضروری مقدار مہیا کرنے کا کام اور ساز و سامان ؛ مسائل اور موضوعات کی علانیہ جانچ پڑتال اور ان پر کُھلم کُھلا بحث و تمحیص۔

**ventral**, a. (تشریح الاعضا) بطنی ؛ شکمی ؛ تحتانی ؛ معدے یا پیڑو یا پشت کی ؛ مخالف جانب یعنی بدن کے اگلے رخ کی سطح سے متعلق۔ (نباتیات) نچلی طرف یا نچلے رخ پر واقع جیسے پتّے کے۔ (اسم) مچھلی کا نچلا پر ؛ مچھلی کے پیٹ کا پر۔

**ventrally**, adv. پیٹ کے بل ؛ پیٹ کی طرف۔

**ventral fin**, n. بطنی مہیر ؛ مچھلی کے پیٹ کے دوپروں میں سے ایک۔

**ventricle**, n. (تشریح الاعضا) جوف دل ؛ جانور کے جسم کے مختلف کھوکھلے اعضا یا حصوں میں سے کوئی ایک عضو ، خصوصاً دل کے دو جوفوں میں سے ایک ، جو دل کے بالائی خانے سے خون لیتا اور شریانوں میں دھکیل دیتا ہے ؛ دماغ کے ملے ہوئے جوفوں میں سے ایک جوف جس کا سلسلہ حرام مغز کے وسطی جوف تک چلا جاتا ہے۔

**ventricular**, a. بطینی ؛ جوف دل یا جوف دماغ سے متعلق ؛ جوفی۔

**ventricose**, a. پھولا ہوا ؛ سوجا ہوا ؛ توندل ؛ توندیلا ؛ جانبی آماسہ ؛ کسی ایک طرف بڑھے ہوئے حصے یا بڑھے ہوئے پیٹ والا۔

**ventricosity**, n. توندیل پن ؛ توندیلا پن ؛ توند نکل انے کی حالت۔

**ventriculus**, n. ہضم کے لیے ایک کھوکھلا عضو خصوصاً چڑیا کا سنگدانہ یا کیڑے کا پیٹ۔

**ventriloquism, ventriloquy**, n. انتقال صوت ؛ جوف صوتی ؛ بولنے یا آوازیں نکالنے کا ایک ایسا طریقہ ، عمل یا فن جس سے صرف ہونٹ حرکت کرتے نظر آئیں لیکن حلقی عضلات اس طرح کام کریں کہ آواز حقیقی متکلم سے نہیں بلکہ کہیں دور سے آتی ہوئی معلوم ہو۔

**ventriloquial**, a. جوف صوتی سے متعلق۔

**ventriloquially**, adv. **جوف صوتی کے طور** پر۔

**ventriloquist**, n. جوف صوتی کا ماہر یا عامل۔

**ventriloquistic**, a. جوف صوتی کے ماہر یا عامل سے متعلق ؛ انتقال صوت کا۔

**ventriloquize**, v.i., v.t. جوف صوتی کی مدد سے الفاظ یا آوازیں ادا کرنا ؛ انتقال صوت کا عمل کرنا ؛ انتقال صوت کے ذریعے ادا کرنا۔

**venture**, n. قسمت آزمائی ؛ جو کھم ؛ اتفاق ؛ اقدام ؛ خطرے یا جوکھم کا کام خصوصاً تجارتی سودا یا سٹّا ؛ خطرہ ؛ وہ جس کو جوکھوں کا ڈر ہو ، جیسے سرمایہ یا املاک۔ (فعل متعدی) خطرے میں ڈالنا ؛ داؤ پر لگانا ؛ خطرہ مول لینا ؛ جسارت کرنا ؛ پیش کرنا یا ظاہر کرنا ، ایسی صورت میں جبکہ انکار ، اعتراض یا ملامت کا خطرہ ہو۔ (فعل لازم) جرأت کرنا ؛ خطرناک کام کا بیڑا اٹھانا۔

**at a venture**, بے سوچے سمجھے ؛ اٹکل پچو ؛ اتفاقاً۔

**venturer**, n. جری ؛ جوکھم کا سودا کرنے والا ؛ جرأت کرنے والا۔

**venture capital, risk capital**, n. (معاشیات) سٹے میں لگائی ہوئی رقم یا سٹے کے کاروبار میں لگانے کے لیے مختص کی ہوئی رقم خصوصاً نئی کارپوریشنوں کے حصص ؛ زر خطرہ۔

**venturesome**, a. اولوالعزم ؛ من چلا ؛ دلیر ؛ جانباز ؛ خطرہ مول لینے پر مائل ؛ جسارت کرنے والا ؛ ہمت ور ؛ جری ؛ پُر خطر۔

**venturesomely**, adv. دلیری سے ؛ اولوالعزمی سے ؛ پر خطر طور پر۔

**venturesomeness**, n. دلیری ؛ من چلا پن ؛ جسارت۔

**Venturi tube**, n. بہاؤ پیما ؛ سیال مادے کا بہاؤ ناپنے کا آلہ جس کی نلکی بیچ میں سے پچکی اور کناروں پر کھلی ہوتی ہے اور جو اس اصول پر کام کرتا ہے کہ نلکی کے پچکے ہوئے حصے میں سے گزرتے وقت سیّال مادے کی رفتار بڑھ جائے گی اور اس کا دباؤ گھٹ جائے گا۔ (میکانیات) کاربوریٹر کا ایسا ہی حصّہ جو چُوس کر ایندھن کھینچ لیتا ہے۔

**venturous**, a. دلیر ؛ جری ؛ نڈر ؛ خطرہ مول لینے والا ؛ خطرناک ؛ پُر خطر۔

**venturously**, adv. دلیرانہ انداز سے ؛ جسارت کرکے۔

**venturousness**, n. دلیری ؛ جسارت ؛ نڈرپن۔

**venue**, n. (قانون) مقام وِاردات ؛ وہ مقام جہاں قانونی کارروائی کا سبب جنم لیتا ہے ؛ وہ مقام یا جگہ جہاں مقدمہ چلایا جاتا ہے اور جہاں سے جیوری کا انتخاب ہوتا ہے ؛ اعلان کا وہ حصہ جو اس جگہ کی تخصیص کرے جہاں کوئی خاص کارروائی رکی ہوئی ہے ؛ محل وقوع ؛ مقام انعقاد ؛ جائے وقوعہ۔

**venule, veinule**, n. رگیزہ ؛ وریدک ؛ ایک چھوٹی رگ یا نس ؛ کیڑے کے پر میں رگ کی ایک چھوٹی شاخ۔

**venular**, a. چھوٹی رگ یا نس کی چھوٹی شاخ سے متعلق۔

**Venus**, n. (فلکیات) زہرہ ؛ وینس ؛ رتی ؛ ناہید ؛ سورج سے دوسرے نمبر پر اور شمسی نظام کا چھٹا سب سے بڑا ستارہ۔ (رُومی اساطیری) حسن و عشق کی دیوی جسے اکثر یونانی دیوی ایفرو ڈائٹ سمجھا جاتا ہے۔ (شاعرانہ ، بول چال) حسین عورت۔

**venusian**, a., n. زہرہ یا ناہید سے منسوب ؛ وینس کا پرستار ؛ حسن پرست۔

**Venus's-flytrap, Venus-flytrap**, n. زہرائی مگس گیر ؛ ایک حشرات

خور پودا جس کے کانٹے دار حاشیے والی پتیاں ، کیڑے کے اُن پر بیٹھتے ہی بند ہو جاتی ہیں اور کیڑا ان میں پھنس کر رہ جاتا ہے ۔

**Venus's-hair, Venushair,** n. مُوئے زہرہ ؛ بالچھڑ ؛ سنبل سیاہ ؛ لڑکیوں کے بالوں سے مشابہ ایک نازک فرن جس کی بھوری یا کالی ڈنڈیاں ہوتی ہیں ۔

**veracious,** a. صادق ؛ راست گو ؛ سچ سے مخصوص ؛ سچا ؛ قطعی ؛ ٹھیک ۔

**veraciously,** adv. صداقت سے ؛ راست گوئی سے ؛ سچائی سے ۔

**veraciousness,** n. صداقت ؛ راست گوئی ؛ سچا پن ۔

**veracity,** n. راست گوئی ؛ سچ کی فطری پاسداری ؛ صداقت ؛ قطعیت ؛ کھرا پن ؛ راست بازی؛ ایمانداری ۔

**veranda, verandah,** n. [سنسکرت] ورانڈہ ؛ برآمدہ ؛ ایک قسم ک کشادہ دالان عموماً چھت دار اور عمارت کے باہر کی طرف ملا ہوا ؛ غلام گردش ؛ ڈیوڑھی ۔

**veratridine,** n. (کیمیا) ویرا ٹریڈین ؛ ایک بے شکل الکائیڈ جو شعیرک (Sabadilla) کے بیجوں میں ویراٹرین کے ساتھ ملتا ہے ۔

**veratrine,** n. ویراٹرین ؛ ست خربق ؛ ایک زہریلا نباتی مرکب جو شعیرک کے بیجوں میں ملتا ہے اور گٹھیا اور درد اعصاب میں جس کی مالش کی جاتی ہے ۔

**verb,** n. (گرامر) فعل ؛ جملے کا وہ رکن جس کا مخصوص کام وجود ، عمل ، صورت یا وقوع کا ظاہر کرنا ہوتا ہے ؛ کوئی لفظ یا فقرہ جو فعل کا کام کرتا ہے (جیسے: be, eat up, perceive) ۔ (لسانیات) ایک لسانی رُوپ جو بعض صرفی اور نحوی اصولوں جیسے مختلف گردانوں اور تصریفوں کی بنیاد پر پہچانا جاتا ہے جو ضمیر شخصی، زمانے ، پہلو ، طور یا کیفیت اور دوسری معنوی اکائیوں کی مناسبت سے نحوی مقام واضح کرتا ہے ۔

**verbal,** a. لفظی ؛ زبانی ؛ فعلی ؛ الفاظ سے متعلق ؛ الفاظ پر مشتمل ؛ خیالات ، واقعات یا حقائق کے بجائے صرف الفاظ سے متعلق (جیسے: verbal solecism) ؛ زبانی (جیسے: verbal agreement) ؛ لفظ بلفظ ؛ حرف بحرف (جیسے: verbal translation) ۔ (گرامر) فعل سے متعلق یا مشتق و مستخرج (جیسے: a verbal noun or verbal auxiliary) ۔ (اسم) (گرامر) کسی فعل سے بنا ہوا کوئی رکنِ جملہ جو بطورِ اسم ، مصدر یا بطور صفت ، بطور حالیہ تمام یا حالیہ ناتمام کام کرتا ہے، لیکن اپنی کچھ اصلی خصوصیات باقی رکھتا ہے ۔ نیز: verbid ۔

**verbally,** adv. لفظوں میں ؛ الفاظ کے ذریعے ؛ زبانی ۔

**verbalism,** n. لفظیت ؛ کسی خیال کا الفاظ میں اظہار ؛ ایسے جملے کی الفاظ بندی ؛ زبانی جملہ جس میں معنی کا فقدان ہو؛ مہمل لفظ آرائی ؛ معنی کے مقابلے میں الفاظ پر ناروا زور ؛ تنقید لفظی؛ لفظی غور و فکر ۔

**verbalist,** n. ایک لفاظ آدمی ؛ لفاظی میں ماہر؛ خیالات و حقائق پر الفاظ کو ترجیح دینے والا ۔

**verbalistic,** a. لفاظی پر مائل ؛ لفاظی سے متعلق ۔

**verbalize,** v.t. تقریر یا تحریر میں اظہار خیال کرنا ؛ تلفظ کرنا ۔ (گرامر) فعل بنانا ۔ (فعل لازم) ضرورت سے زیادہ الفاظ استعمال کرنا ؛ لفاظی کرنا ؛ طوالت بیانی سے کام لینا ؛ تقریر یا تحریر میں اظہار خیال کرنا ۔

**verbalization,** n. فعل سازی یا لفاظی ۔

**verbalizer,** n. الفاظ میں بیان کرنے والا ؛ طوالت بیانی سے کام لینے والا ؛ فعل بنانے والا ۔

**verbal noun,** n. (گرامر) اسم مصدر ؛ کسی فعل سے مشتق یا حاصل شدہ اسم جو معنویت اور بناوٹ میں اس کا شریک ہوتا ہے ، جیسے بہت سے انگریزی کے اسمائے مصدر ۔

**verbatim,** adv., a. [لاطینی] لفظ بہ لفظ ؛ ان ہی الفاظ میں ؛ بلا کم و کاست ؛ حرف بحرف ۔

**verbena,** n. ساگونی ؛ ساگونی یا وربینا نسل کا کوئی پودا جس کے بے ساق پھول لمبے لمبے بالچھے کی طرح ہوتے ہیں ۔

**verbenaceous,** a. ساگونیہ ؛ ساگونی نسل کے کسی پودے سے متعلق ۔

**verbiage,** n. لفاظی ؛ کثیر تعداد یا غیر ضروری الفاظ کا استعمال ؛ الفاظ کی بھر مار؛ اطناب ۔

**verbid,** n. دیکھیے : Verbal ۔

**verbify,** v.t. (گرامر) فعل بنانا یا بطور فعل استعمال کرنا ۔

**verbification,** n. (گرامر) فعل بنانے یا بطور فعل استعمال کرنے کا عمل ۔

**verbose,** a. کثیرالفاظ استعمال کرنے والا ؛ اطناب پسند ؛لفّاظ ؛ ضرورت سے زیادہ الفاظ استعمال کرنے والا یا ضرورت سے زیادہ الفاظ پر مشتمل ؛ پر گو ؛ پُر نویس ۔

**verbosely,** adv. طول دے کر؛ طوالت کے ساتھ ۔

**verboseness, verbosity,** n. طوالت بیانی ؛ لفاظی ؛ طوالت پسندی ؛ طوالت ؛ طویل ہونے کی حالت ۔

**verboten,** a. ممنوعہ ، جیسے قانوناً ؛ ناجائز ؛ حرام ۔

**verbum sap, verbum sat,** عقلمند کو اشارہ کافی ہے ؛ عقلمند کے لیے تھوڑا کہا بہت ہوتا ہے ۔

**verdant,** a. تازہ ؛ شاداب ؛ سرسبز ؛ لہلہاتا ؛ پتوں سے لدا ہوا ؛ گھاس اور پودوں سے ڈھکا ہوا ؛ ہرا بھرا ؛ ناتجربہ کار یا سادہ لوح ۔

**verdancy,** n. سبزہ ؛ روئیدگی ؛ سرسبزی ؛ شادابی ؛ ہرا بھرا پن ؛ سادگی ؛ ناتجربہ کاری ۔

**verdantly,** adv. سرسبز ؛ شادابی یا تازگی کی حالت میں ؛ سادہ لوحی سے؛ بھولے پن سے ؛ خام کاری سے ۔

**verd antique, verde antique,** n. (معدنیات) عقیق سبز ؛ سفید لہریے دار سبزی مائل بلوری مرمر؛ سبز رنگ کا سنگ سماق ۔

**verderer, verderor,** n. شاہی جنگلات کا نگران برطانوی مجسٹریٹ ۔

**verdict,** n. (قانون) فیصلہ ؛ چھان بین اور فیصلے کے لیے جیوری کے سپرد کیے ہوئے کسی معاملے سے متعلق عدالت کو دیا ہوا جیوری کا جواب ؛ فتویٰ ؛ تجویز یا رائے ؛ قولِ فیصل ۔

**verdigris,** n. زنگار؛ زنگ مس ؛ سبز یا نیلا ہٹ مائل سبز زہریلا مرکب ، تانبے کا کساؤ جو رنگ یا دوا وغیرہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ تانبے ، پیتل یا کانسی کی سطحوں پر طویل عرصے تک ہوا میں پڑے رہنے کے باعث پیدا ہو جانے والی سبز یا نیلی تہ ؛ توتیا ۔

**verdin,** n. (طیوریات) پیلے سر کی ایک چھوٹی سی چڑیا جو شمالی میکسیکو اور امریکا کے جنوب مغربی علاقے میں پائی جاتی ہے ۔

**verditer,** n. توتیا رنگ ؛ تانبے کے کاربونیٹ پر مشتمل رنگ جسے سبز سنگ مرمر یا نیلے سنگ مرمر کو پیس کر بنایا جاتا ہے ۔

**verdure,** n. سبزی ؛ سبزہ ؛ نبات ؛ نباتات کی سبزی یا تازگی ؛ سبز پودے یا پتّے ؛ خوشحالی ؛ قوت ۔

**verdured,** a. سرسبز ؛ نباتات سے ڈھکا ہوا ۔

**verdurous,** a. سبزہ دار ؛ سرسبز ؛ تروتازہ ؛ شاداب ۔

**verdurousness,** n. سرسبزی ؛ تازگی ؛ شادابی ۔

**verge,** n. کنارا ؛ لب یا کسی چیز کا حاشیہ ؛ وہ حد یا نُقطہ جس کے پار کوئی چیز شروع ہوتی یا کوئی واقعہ رُونما ہوتا ہے (جیسے: on the verge of a total collapse) ؛ محدود کرنے والی پٹی یا دھاپ یا کسی شے کی سرحد ؛ کسی کیاری کا گھاس کا کنارا یا حد ؛ لیک ؛ تعمیراتی حصے یا ایسی ہی کسی چیز کا سرا ؛ حدود کے اندر کی جگہ ؛ گنجایش یا سمائی ؛ کسی مخصوص انتظام کے تحت کوئی علاقہ یا ضلع ؛ لوہے کی چھڑ ، ڈنڈا یا عصا خاص طور سے وہ جو اقتدار کی علامت یا عہدے کے نشان کے طور پر رکھا جاتا ہے ۔ (تاریخ) انگلستان کا وہ علاقہ یا ضلع جو مارشل سی کورٹ /شاہی عدالت کے دائرہ اختیار میں آتا ہے اور جس میں شاہی محل بھی شامل ہوتا ہے ۔ (طباعت) لائنو ٹائپ مشین کے سانچے بنانے والی لبلبی ۔ (گھڑی سازی) بال کمانی کا تکلا ۔ (فن تعمیر) ڈھلواں چھت کے تکون سے نکلا ہوا کھپروں کا کنارا ؛ ساق ستون ۔ (فعل لازم) کنارے پر ہونا ؛ حد سے چُھل جانا یا پہنچنا یا جا لینا ۔

**verge,** v.i. جُھکنا ؛ ڈھالو ہونا ؛ مڑنا یا راستے یا سمت میں پھیلنا ؛ مائل ہونا (to یا toward کے ساتھ) ۔

**verger,** n. (برطانوی) چوبدار ؛ عصا بردار ؛ وہ خادم جو عہدے کا عصا ہاتھ میں لیے اسقف ، امیر جامعہ یا دُوسرے معزز شخص کے آگے چلتا ہے؛ کلیسا کا وہ عہدے دار جو دعا کے دوران حاضرین کو ان کی جگہوں پر بٹھاتا اور کلیسا کے اندر انتظام کرتا ہے ؛ نقیب ۔

**Vergilian, Virgilian,** a. لاطینی شاعر ورجل یا اس کی تخلیقات کا یا ان سے متعلق ۔

**verglas,** n. برف کی ایک پتلی سی تہ یا چادر خصوصاً چٹان پر ۔

**veridical, veridic,** a. صادقہ ؛ راست گو ؛ سچا ؛ حقیقی ؛ واقعی ۔

**verdically,** adv. سچائی سے ؛ صداقت شعارانہ ۔

**verification,** n. تصدیق ؛ جانچ ؛ پڑتال ؛ توثیق ؛ جانچنے کا عمل یا جانچے جانے کی حالت ؛ کسی شے کی سچائی کا رسمی اعلان ؛ درستی یا صحت کی تلاش ، جیسے امتحان یا تقابل اور موازنے سے ۔ (قانون) جرح یا عرضداشت کے آخر میں ایک مختصر سا توثیقی حلف نامہ ۔

**verificative, verificatory,** a. تصدیق کنندہ؛ توثیق کنندہ ؛جانچ پڑتال کرنے والا ؛ جانچ پڑتال سے متعلق ۔

**verify,** v.t. تصدیق کرنا؛جانچنا ؛ سچا ثابت کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ صداقت کا پتا لگانا ؛ صحت و صداقت کی جانچ پڑتال کرنا ۔ (قانون) حلف سے بیان کرنا ؛ ثبوت داخل کرنا ؛ حلف نامہ نتھی کرنا ۔

**verifiability, verifiableness,** n. ثبوت پذیری ؛ تصدیقیت ۔

**verifiable,** a. ثبوت پذیر؛ قابل تصدیق ؛لائق پڑتال ۔

**verifier,** n. مصدق؛ تصدیق کُنندہ ؛ پڑتال کنندہ ۔

**verily,** adv. (قدیم) سچ مچ ؛یقیناً ؛ واقعی ؛ بالوثوق ؛ فی الواقع ۔

**verisimilar,** a. اغلب ؛بظاہر صحیح ؛ قرین قیاس ؛ قریب بہ صحت ۔

**verisimilarly,** adv. غالباً ؛ قرین صحت ہونے کے لحاظ سے ۔

**verisimilitude,** n. احتمال؛صدق ؛ شائبہ حقیقت ؛ سچائی کی جھلک ؛ اصلیت سے مشابہت ۔

**verism,** n. کسی فن پارے کی تخلیق کا یہ اسلوب یا نظریہ کہ حقیقت اور صداقت فن کا جزو ہیں اور جو رومانیت کے برعکس اکثر ہم عصری مواد استعمال کرتا ہے ؛ حقیقت پسندی ۔

**verist,** n., a. حقیقت پسند ؛ محولہ بالا نظریہ کا ماننے والا ۔

**veristic,** a. حقیقت پسندانہ ۔

**veritable,** a. حقیقی ؛ حقیقت سے ہم آہنگ ؛ اصلی ؛ واقعیت پذیر ۔

**veritableness,** n. حقیقی ہونے کی حالت ؛ اصلی پن ۔

**veritably,** adv. سچ مچ ؛ فی الاصل ؛ درحقیقت ؛ فی الحقیقت ۔

**verity,** n. حقیقیت ؛سچایا حقیقی ہونے کی صفت ؛ واقعیت ؛ سچائی ؛ سچا بیان ؛ سچی بات ۔

**verjuice,** n. تُرشاب ؛ تُرش عرق ؛ کھٹے جنگلی سیبوں ، کچے انگوروں اور دوسرے خام پھلوں سے نکلا ہوا کھٹا عرق جو پہلے کھانا پکانے اور دوسرے کاموں میں استعمال ہوتا تھا ؛ مزاج ، برتاؤ یا اظہار بیان کی تلخی و تندی ۔

**vermeil,** n. شنگرف ؛ نقرئی کانسی ؛ سیندور کا سا شوخ سرخ رنگ ؛ چاندی ، تانبے یا کانسی کا ملمع ۔ (صفت) شنگرفی ؛ سیندوری ؛ شوخ سرخ ۔

**vermicelli,** n. سویّاں ؛ گندھے ہوئے میدے یا گیہوں کے آٹے کے بنائے ہوئے لمبے ، پتلے اور نازک دھاگے نما لچھے ۔

**vermicide,** n. کرم کش دوا ؛ ایک مادہ جو کیڑوں کو مار ڈالتا ہے ۔ (طِب) آنتوں کے کیڑوں خصوصاً ان کیڑوں کو،جو طفیلی ہوتے ہیں ، مار ڈالنے والی دوا ؛ کیڑے مار دوا ۔

**vermicidal,** a. کیڑے مار دوا سے متعلق ؛ کیڑے مار ؛ کرم کُش ۔

**vermicular,** a. کرم نُما ؛کیڑوں سے متعلق ؛ کیڑے یا جرثومے سے مشابہ خصوصاً شکل یا حرکت میں ؛ کیڑوں کے سے لہریے راستے بنانے والا ؛ کیڑے کی شکل کا ؛ لہردار ؛ کرم شکلہ ؛دُودی ؛ کرم خوردہ ۔

**vermiculate,** a. کرمئی ؛ کیڑے کی سی بناوٹ یا لیک ، حرکت یا شکل رکھنے والا ؛ کرم نما؛ کُلبلانے والا ؛ بل دار ؛ پیچ در پیچ ؛ کڑکھایا ؛ بوسیدہ ۔ نیز: Vermiculated ۔ (فعل متعدی) کیڑوں کے لہریے دار رینگنوں سے مشابہ نُقوش سے آراستہ کرنا ؛ کیڑے ڈالنا یا بھر دینا ۔

**vermiculation,** n. لہر یا نقش ؛ کرمی شکل ؛ لہریا شکل ؛ حرکتِ دودی ؛ حرکت انقباضی ؛ کرم خوردگی ؛ لہریے نقوش ۔

**vermiculite,** n. آب دار سلیکا نمک جو عام ابرقوں کے تغیر سے بنتا ہے اور خاص طور پر حرارت کو محفوظ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ سنگ دودی؛ کرمی پتھر ۔

**vermiform,** a. دُودی ؛ کرم شکل ؛ کیڑے کی شکل کا ؛ کِرم نُما ۔

**vermiform appendix, appendix,** n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) زائدہ دُودیہ ؛ کانی آنت کے سرے سے نکلا ہوا ایک انگشت نما علامتی دنبالہ جو تین سے چھ انچ تک لمبا ہوتا ہے اور انسان اور کچھ

دوسرے میمل جانوروں میں پایا جاتا ہے ۔

**vermifuge,** n
دافع کرم ؛ ایک دوا جو آنتوں کے طفیلی کیڑے نکال دیتی ہے ۔ (صفت) آنتوں کے کیڑے دور کرنے والا ؛ کرم رُبا ۔ نیز : anthalmintic ۔

**vermilion, vermillion,** n.
شنگرف ؛ قرمز ؛ پارے اورگندھک کے مرکب سے بنا ہوا تیز سرخ رنگ جو پہلے شنگرف سے حاصل ہوتا تھا ، لیکن اب مصنوعی طور پر پارے اور گندھک کو ملا کر بنایا جاتا ہے یا اس رنگ سے ملتا جلتا رنگ ۔ (صفت) شنگرفی رنگ کا ؛ شوخ سُرخ رنگ کا ۔ (فعل متعدی) شنگرفی رنگ میں رنگنا یا شنگرفی رنگ دینا ۔

**vermin,** n.
کرم مُوذی ؛ بعض ناپسندیدہ ، مُوذی ، چھوٹے ، میمل جانوروں میں سے کوئی سے جانور جیسے چوہا ، گھونس اور بہت سے طفیلی کیڑے مکوڑے جو انسانوں کے لیے تباہ کُن ہوتے ہیں اور مشکل سے قابو میں آتے ہیں؛ بدمعاش انسان ؛ کمینہ شخص ؛ جرائم پیشہ شخص ؛ موذی جانور ؛ حشرات ۔

**verminous,** a.
کرم زدہ ؛ کیڑے پڑا ؛ کیڑوں سے متعلق ؛ کیڑوں سے مخصوص ؛ کیڑوں کی پیدا کردہ (بیماری) ؛ ذلیل ؛ حقیر ۔

**verminously,** adv.
ذلیل طریقے سے ۔

**vermivorous,** a.
کرم خور ؛ کیڑوں پر پلنے والا ، جیسے بعض پرند ۔

**vermouth, vermuth,** n.
اشتہا آور شراب ؛ ایک سفید شراب جو خوشبودار بوٹیوں سے مہکائی جاتی ہے اور کاک ٹیل شراب کے ایک جزو اور ملیّن اور اشتہا آور کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

**vernacular,** a.
دیسی ؛ مقامی ؛ مُلکی ؛ ادبی یا عالمانہ زبان کے برعکس اپنے عام چلن یا استعمال کے علاقے میں جنم لینے والی زبان یا الفاظ ؛ کسی جگہ کی دیسی زبان میں لکھا یا ظاہر کیا ہوا ، جیسے ادبی تصنیفات ؛ ایسی زبان استعمال کرنے والا جیسے کوئی مقرر یا مصنف ؛ ایسی زبان سے متعلق ؛ کسی ایک مقام یا رواجی مذاق سے مخصوص جیسے کوئی تعمیراتی طرز ؛ سائنسی نام کے برعکس کسی جانور یا پودوں کے عام مقامی نام کا مظہر ۔ (اسم) جنم بولی ؛ مقامی زبان ؛ عام روزمرہ زبان ؛ کسی پیشے کی مخصوص زبان ؛ عام طبقے کی زبان ؛ سائنسی نام کے بجائے کسی جانور یا پودے کے عام مقامی نام ۔

**vernacularly,** adv.
دیسی زبان کے محاورے کے مطابق ۔

**vernacularism,** n.
محاورۂ مقامی ؛ دیسی زبان کا لفظ یا محاورہ ؛ دیسی زبان کا استعمال ، مقامی زبان پسندی ۔

**vernal,** a.
بہاری ؛ موسمی ؛ شبابی ؛ ربیعی ؛ موسم بہار کا ؛ بہاریں؛ بہار میں ظاہر ہونے والا یا نکلنے والا ؛ بہار کا اشارہ کرنے والا (جیسے : vernal temperatures ) ؛ جوانی سے متعلق ۔

**vernally,** adv.
بہاریں ؛ بہار کی طرح ۔

**vernalize,** v.t.
بالیدگی کا وقت گھٹا کر پھولنے پھلنے کا وقت جلدی لے آنا ، جیسے کسی پودے کا اس کی گانٹھ یا بیج کو ٹھنڈک پہنچا کر ؛ پیش بہاری کرنا ۔

**vernalization,** n.
(نباتیات) پیش بہاری ؛ جلدی بہار لے آنے کا عمل ؛ جلدی پھل پھول دینے کا عمل ۔

**vernation,** n.
(نباتیات) بہار میں شگوفے کے اندر پھنکھڑیوں کی بناوٹ ؛ پیش برگ آرائی ؛ قبل برگی ۔

**Verner's law,** n.
(لسانیات) ورنر کا قانون ؛ تاریخی لسانیات کا ایک نظریہ ۔ نیز دیکھیے :Grimm's Law ۔

**vernier,** n.
کسری پیمانہ ؛ ورنیر پیمانہ ؛ کسی قائم پیمانے کے متوازی ایک چھوٹا سا متحرک پیمانہ جیسے ہوا پیما ، زاویہ پیما یا کسی اور آلے پر جو کسی قائم درجہ بند پیمانے کے درجات کے کسری اجزا ناپنے کے کام آتا ہے ؛ کسر پیما ۔ نیز : vernier scale ۔ (میکانیات) دقیق پیمایش ، آلات میں اعلیٰ درجے کی تطابقی صحت حاصل کرنے کے لیے کام آنے والا ایک امدادی آلہ ۔ (صفت) ورنیر پیمانے کا ۔

**vernier caliper,** n.
ورنیر سرل چاپ ؛ ایک قسم کا پیمانہ جس میں ایل کی شکل کے دو متحرک ٹکڑے لگے ہوتے ہیں ، جس میں باہر کے ٹکڑے پر درجوں کے اور اندرونی ٹکڑے پر کسری نشانات ہوتے ہیں ۔

**vernier rocket,** n.
تطبیقی راکٹ ؛ ایک امدادی راکٹ جس کے ذریعے سمت اور رفتار میں تصحیح و مطابقت پیدا کی جاتی ہے ۔

**Veronal,** n
(علم ادویہ) ویرونل ؛ منوّم دوا ؛ خواب آور دوا ؛ افیون گھولنے کی پیالی ۔ (تجارتی نشان) ۔

**veronica,** n.
(نباتیات) ترہ تیزک آبی ؛ ویرونیکا ؛ اسی نام و نسل کی جھاڑیاں اور بوٹیاں جن میں سبزآب کی بہت سی قسمیں بھی شامل ہیں ۔

**veronica,** n.
ویرونیکا نقش : حضرت عیسیٰ کے چہرے کا نقش جو عیسائیوں کی روایت کے مطابق معجزانہ طور پر اس کپڑے پر ابھر آیا تھا جو سینٹ ویرونیکا نے انھیں پیشانی پونچھنے کے لیے اس وقت دیا تھا جب وہ اپنی صلیب ، صلیب گاہ کی طرف لے جا رہے تھے ؛ ایسا کپڑا ؛ حضرت عیسیٰ کے چہرے کی ایسی ہی منقش تصویر ، جیسے کسی کپڑے یا زیور پر ۔

**verruca,** n.
(طِب) مسّا ؛ مہاسا ۔ (حیاتیات) گندمہ ؛ کوئی گومڑی یا ابھار جو جانوروں یا بعض پودوں کے پتّوں پر پایا جاتا ہے ۔

**verrucose, verrucous,** a.
مسّے دار ؛ سطح پر چھوٹے چھوٹے اُبھار یا گومڑے وغیرہ رکھنے والا ؛ گومڑی دار ۔

**verrucosity,** n.
مسے داری ؛ گومڑی داری ۔

**versant,** n.
کسی پہاڑ یا پہاڑی سلسلے کا ڈھال ؛ کسی زمین یا خطے کا عمومی ڈھال ۔

**versatile,** a.
ہمہ گیر ؛ ہمہ دان ؛ ہر فن مولا ؛ وسیع النظر ؛ کسی ایک کام یا مضمون سے دوسرے کی طرف آسانی سے مڑ جانے یا اس کے مطابق ڈھل جانے کے قابل ؛ قابل تبدیلی و تغیر خصوصاً احساس ، مقصد یا حکمت عملی میں ؛ بہت سے طریقوں سے استعمال ہونے کے قابل ۔ (نباتیات) بیچوں بیچ واقع یا جڑا ہوا جس سے وہ آزادی کے ساتھ جھول یا مڑ سکے جیسے زیرہ دان ۔ (حیوانیات) آگے یا پیچھے کی طرف مڑ جانے والا (جیسے : a versatile toe of a bird) ؛ ہمہ جہتی ۔

**versatilely,** adv.
ہمہ جہتی سے ؛ ہمہ گیری سے ۔

**versatileness, versatility,** n.
ہمہ جہتی ؛ ہمہ گیری ؛ ہمہ گیریت ۔

**vers de societe,** n.
[فرانسیسی] ہلکی پھلکی مزاحیہ نظم جس میں رائج الوقت رسوم اور خامیوں کو طنز و مزاح کے پیرائے میں بیان کیا جاتا ہے ؛ طنز بر معاشرہ ۔

**verse,** n. آیت ؛ شعر ؛ نظم ؛ ایک بند یا ہم وزن مصرعوں کا مسلسل مجموعہ ؛ ایک مصرعے کی شکل میں لکھا یا چھپا ہوا عروض ارکان کا سلسلہ ؛ کسی خاص قسم کی عروضی تخلیق (جیسے: iambic verse, twentieth century verse) ؛ شاعری کا ایک ٹکڑا ؛ نظم ؛ عروضی تخلیق ؛ شاعری:نثر کے برعکس؛ گھٹیا یا کم درجے کی عروضی تخلیق ؛ تُک بندی ؛ انجیل میں باب کا ایک چھوٹا حصہ ؛ عموماً ایک جملے یا ایک لمبے جملے کا جزو۔ (موسیقی) کسی نغمے یا ترانے کا ایک حصہ جو ہم آواز ہو کر گایا جائے یا جو منڈلی کی بجائے تنہا گایا جائے ۔ (صفت) نظم کا ؛ نظم سے متعلق ۔ (فعل لازم و متعدی) نظم کہنا ؛ نظمانا ۔ (قدیم) شعر کہنا ؛ شعر میں ڈھالنا ۔

**verse,** v.t. شعر کہلوانا ؛ شاعری کرانا ؛ شعری گوئی میں مہارت دلوانا ؛ واقف کرانا ؛ سکھانا ؛ تربیت دینا ؛ تعلیم دینا (عموماً in کے ساتھ) ۔

**versed,** a. واقف ؛ ماہر ؛ سیکھا ہوا ؛ تربیت یافتہ ؛ تجربہ کار۔

**versed sine, versine, versin,** n. (مثلثیات) جیب معکوس ؛ سہم الجیب ؛ ایک منفی زاویے کا جیب مستوی ۔

**versicle,** n. ایک چھوٹی سی نظم ، چھوٹا سا بند ۔ (کلیسیات) کلیسائی دعا کی ایک چھوٹی سی عبارت جو پہلے کوئی پادری پڑھتا یا گاتا ہے پھر تمام حاضرین اسے دہراتے ہیں۔

**versicular,** a. مصرعہ دار۔

**versicolor,(Brit.)versicolour,** a. رنگ بدلنے والا ؛ بوقلموں ؛ رنگا رنگ ؛ گونا گوں ؛ پچ رنگی ؛ رنگ برنگ ۔

**versify,** v.i. شعر کہنا ۔ (فعل متعدی) نظم میں اندھنا ؛ نظم میں بیان کرنا ۔

**versifier,** n. شعر گو ؛ نظم گو ؛ تُک بند ؛ قافیہ پیما ۔

**versification,** n. شاعری ؛ نظم گوئی ؛ تُک بندی ؛ قافیہ پیمائی ۔

**version,** n. ترجمہ ؛ نسخہ ؛ بائبل یا اس کے کسی حصے کا ترجمہ ؛ کوئی خاص بیان خصوصاً دوسرے بیانات کے مقابلے میں ؛ ایک شکل یا مختلف شکل (جیسے: the movie version of a novel, an earlier version of an invention) ۔ (طب) رحم میں جنین کے جسمانی مقام یا صورت کی ازخود یا دائی کے ذریعے دُرستی ، جیسے ولادت میں آسانی کی خاطر ؛ وہ حالت جس میں رحم اپنے معیاری مقام سے ٹلا ہوتا ہے ؛ سرک رحم ؛ رحم ٹلنے کا عمل ؛ بچہ گردانی ۔

**versional,** a. ترجمے سے متعلق ؛ بیان یا روایت کا ۔

**vers libre,** n. [فرانسیسی] آزاد نظم ؛ آزاد شاعری ۔

**vers-librist,** n. آزاد گو ؛ آزاد نظم کا حامی ۔

**verso,** n. (طباعت) ورق کی پشت یا کتاب کے بائیں طرف کا صفحہ (recto کے برعکس) ؛ پشت ؛ بایاں صفحہ ؛ کسی شے کی الٹی طرف یا دوسری طرف

**verst,** n. ورسٹ ؛ لمبائی کا روسی پیمانہ جو ۱.۰٦۷ کلومیٹر یا ایک میل کے دوتہائی حصے کے برابر ہوتا ہے ۔

**versus,** prep. (قانون) بالمقابل ؛ ایک پارٹی کی دوسری پارٹی کے خلاف حرکت ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ؛ بنام ۔ (کھیل) خلاف ؛ بمقابلہ ؛ دو ٹیموں یا کھلاڑیوں کے مابین مقابلہ ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ؛ دو متبادلات میں سے ایک کو دوسرے کے خلاف یا بالمقابل سمجھنے یا سمجھانے کے لیے ۔

**vert,** n. (برطانوی قانون جنگلات) سبزۂ جنگل ؛ ورٹ ؛ جنگل کی سبز پتوں والی ہر چیز جس میں ہرن چُھپ سکتا ہے؛ جنگل میں درخت یا جھاڑیاں کاٹنے ک حق ۔ (نقابت) ڈھال کا سبز رنگ اور بُندکیاں ؛ خفیف سبز۔

**vertebra,** n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) فقرہ ؛ مہرہ ؛ انسان کی ریڑھ کی ہڈی کا ہر جوڑ ؛ فقاری جانوروں کا ایسا جوڑ ؛ محراب دار استوانے کی شکل کا فقرہ یا مہرہ جس کے زائدہ میں سے حرام مغز گزرتا ہے ۔

**vertebral,** a. فقاری ؛ ریڑھ کی ہڈی سے متعلق ؛ فقرے سے متعلق ؛ ریڑھ کی ہڈی والا ؛ مہرے دار؛ فقرے دار۔

**vertebrally,** adv. فقروں کے ذریعے ۔

**vertebral column,** n. عمود فقرات ؛ ریڑھ کی ہڈی ۔

**vertebrate,** a. فقاری ؛ فقریہ ؛ ریڑھ دار ؛ مہرہ دار ؛ فقرے دار ؛ جس میں ریڑھ کی ہڈی یا جنین کی غضروفی ساخت ہو ؛ جل تھلیوں ، مچھلیوں ، گزندوں ، درندوں ، چرندوں ، پرندوں اور ممیل جانوروں پر مشتمل ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں سے متعلق ؛ حلقہ دار۔ (اسم) فقاریہ جانور ؛ فقری حیوان ۔

**vertebration,** n. فقریت ؛ فقراتی ساخت ؛ فقراتی ریڑھ ؛ تشکیل فقرات ؛ مہرہ بندی ۔

**vertex,** n. راس ؛ قلہ ، سرا ؛ چوٹی ؛ پھننگ ؛ کسی شے کا بلند ترین نقطہ ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) سرکی چاند ؛ چندیا ۔ (فلکیات) آسمانی نقطہ/راس جس کی طرف ستاروں کے ایک جھنڈ کا رُخ ہوتا ہے ۔ (جیومیٹری) مثلث کا وہ نقطہ جو قاعدے سے سب سے زیادہ دوری پر ہوتا ہے ؛ وہ نقطہ جہاں کسی زاویے یا مسطح شکل کے دو ضلعے باہم متقاطع ہوتے ہیں ؛ وہ نقطہ جہاں کسی کثیر الاضلاع کے تین یا تین سے زیادہ رُخ ، اضلاع یا گوشے باہم متقاطع ہوتے ہیں ۔

**vertical,** a. عمودی ؛ ارتفاعی ؛ راس سے متعلق یا راس پر واقع ؛ افق کی سطح پر عموداً قائم ؛ سیدھا کھڑا ؛ سابولی ؛ پنسالی ۔ (تشریح الاعضا) سرکی چاند یا چندیا سے متعلق ۔ (نباتیات) نوک کو عمودی سطح پر رکھنے والا جیسے پتی ، پتا یا پٹھا جس سے اس کی کوئی سطح اوپری یا نچلی نہ کہلائی جا سکے ۔ (معاشیات) کاروباروں کے اس انضمامی گروپ سے متعلق جو کسی مال کی پیداوار اور فروخت کا مجموعی کام کرتا ہے ۔ (اسم) عمودی خط یا سطح ؛ عمودی یا سیدھی حالت ؛ کسی چھت یا پُل کا پیل پایہ یا اڑواڑ ؛ کسی پیل پایہ کا عمودی حصہ ۔

**verticality, verticalness,** n. عمودیت ؛ شاقولیت ؛ عموداً کھڑا ہونے کی حالت یا مقام ۔

**vertically,** adv. عموداً ؛ عمودی حالت میں ؛ شاقولی حالت میں ۔

**vertical circle,** n. (فلکیات) دائرۂ سمتیہ ؛ سب سے اونچے فلکی کُرے کا بڑا دائرہ ؛ ارتفاعی دائرہ ؛ دائرہ سمتیہ جو دیکھنے والے کے سمت الراس اور سمت القدم سے ہو کر گزرتا ہے اور افق پر عمود بناتا ہے ۔

**vertical file,** n. عمودی مِسل ؛ تراشے ، پمفلٹ اور دوسری قلیل العمر اشیا جو سیدھی کھڑی رکھی جاتی ہیں ، جیسے لائبریری میں تاکہ حوالے میں آسانی رہے؛ عمودی فائل ۔

**vertical union,** n. صنعتی یونین ۔

**verticil,** n. (حیاتیات) ایک حلقہ یا دائرہ جیسے پتوں یا بالوں کا جو کسی محوری نقطے کے گرد مُرتّب ہو جاتا ہے ۔

**verticillaster,** n. (نباتیات) پھولوں کا ایک گچھا یا چھوٹا دائرہ جو دو متقابل پتوں کے بعض گوشوں سے ابھرنے والے دو تقریباً بے ساق کلی خوشوں سے بن جاتا ہے ۔

**verticillate, verticillated,** a. (حیاتیات) حلقے دار ؛ حلقے بنانے والا ، جیسے پھول ، پتّے ، بال یا گھونگا ؛ دائروں میں مرتب پھول ، پتے ، بال یا ایسی گھونگھی کی شکل ،پودوں یا جانوروں میں ۔

**verticillately,** adv. حلقہ داری سے ؛ حلقوں میں ۔

**verticillation,** n. حلقے داری ۔

**vertiginous,** a. دواری ؛ چکر دار؛ چکرانے یا گھومنے والا (جیسے: vertiginous motion ) ؛ دورانِ سر میں مبتلا ؛ سرکے چکروں کا مریض ؛ دوران سر پیدا کرنے والا ۔ (مجازاً) جلدی بدل جانے والا ؛ بے ثبات ؛ غیر مستقل ؛ مریض دوّار ۔

**vertiginously,** adv. چکراتے ہوئے ؛ دوران سر کی حالت میں ۔

**vertiginousness,** n. دوران سر ؛ دوّاریت ۔

**vertigo,** n. (امراضیات) دوّار ، دوران سر ؛ سر کے چکّر ؛ ایک مرض جس میں انسان یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ یا اس کا ماحول چکرا رہا ہے یا چکر کھا رہا ہے ؛ گھُمیر ؛ گھومنی ۔

**vertu,** n. دیکھیے : Virtu ۔

**vervain,** n. ساگون ؛ گل شاہ پسند ؛ ساگون کی نسل کا کوئی پودا جس میں بے ساق لمبے نوکدار پھول لگتے ہیں ۔

**verve,** n. [فرانسیسی] جوش ؛ ذوق ؛ شاعرانہ یا فنّی جوش یا اُمنگ ؛ زور ؛ قوّت ؛ ولولہ ؛ زور قلم ؛ طمطراق ؛ شکوہ الفاظ ؛ اوج ۔ (قدیم) قابلیت ؛ صلاحیت ۔

**vervet,** n. بندر ؛ ایک افریقی بندر جو سبز بندر کی نوع سے قریبی تعلق رکھتا ہے لیکن اس کی دُم کے شروع میں کچھ حصے کا رنگ اڑا ہوا ہوتا ہے ۔

**very,** adv. اعلیٰ درجے کا ؛انتہائی یا بہت زیادہ (جیسے : very soon,very tired ) ؛ حقیقت میں یا سچ مچ ؛ صفات کے اعلیٰ ترین درجات پر شدید زور دینے یا مشابہت یا اختلاف پر تاکید کے لیے مستعمل (جیسے : the very,best thing to be done, in the very same place ) ۔ (صفت) بالکل یا قطعی (جیسے: the very thing you should not have done ) ؛ فقط (جیسے: The very thought is distressing ) ؛ محض (جیسے: to weep for very joy ) ؛ واقعی ؛ وہی (جیسے : caught in the very act ) ؛ صحیح یا حقیقی (جیسے: the very God ) ؛ بہت زور دے کر ، لفظ کے صحیح اور پورے معنوں میں یا مطلق (جیسے: the very heart of the matter ) ؛ جو کچھ بتایا گیا اس پر سخت زور دینے کے لیے مستعمل (جیسے: the very ground trembled ) ۔ (قدیم) جائز ؛ مستحق یا سزاوار ؛ سچا یا راست ۔

**very high frequency,** n. (ٹیلی مواصلات) بہت اعلیٰ تعدد ؛ ریڈیائی تعدد کا بینڈ جس میں ۳۰ سے ۳۰۰ میگا سائیکل فی سیکنڈ تک کا موجی تعدد شامل ہے ؛ بہت زیادہ تعدُد ۔ مخفف : VHF ۔

**Very light,** n. (عسکری) اشارہ روشنی ؛ پستول سے چلائی ہوئی شعلہ گیر ہوائی جو خصوصیت سے اشارے یا روشنی کے کام آتی ہے ۔

**very low frequency,** n. (ٹیلی مواصلات) بہت کم تعدّد ؛ ۳۰ کلو سائیکل سے کم ریڈیائی تعدد ۔ مخفف : VLF ۔

**Very pistol,** n. (عسکری) اشارہ پستول ؛ نسبتاً چھوٹی نال کا روشنی کرنے والا پستول جو خاص طور سے اشارہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

**Very Reverend,** n. تقدس مآب پادری ؛ مقدس پادرنی ؛ اعلیٰ کلیسائی عہدیداروں کا لقب ۔

**vesica,** n. (تشریح الاعضا) کیسہ ؛ پھکنا (خصوصاً پیشاب دان) ؛ تھیلی ؛ مثانہ ۔

**vesical,** a. مثانی ؛ کیسوی ؛ پُھکنے کا ؛ مثانے کا ۔

**vesicant, vesicatory,** n. آبلے ڈالنے والا مادہ ؛ آبلہ انگیز مادہ ؛ وہ جس سے آبلے پڑ جائیں ۔ (کیمیائی جنگ) کوئی کیمیائی مادہ جو جلد اور دوسرے اعضا کو جلاتا اوران پر چھالے ڈال دیتا ہے ۔ (صفت) آبلے پیدا کرنے والا ؛ آبلہ انگیز۔

**vesicate,** v.t. آبلے ڈالنا ؛ چھالے پیدا کرنا ؛ پھپھولا ڈالنا ؛ اُپاڑ کرنا ۔

**vesication,** n. آبلہ انگیزی ؛ اُپاڑ ؛ چھالے ڈالنے کا عمل ۔

**vesicle,** n. آبلہ ؛ چھالا ؛ مثانے کی طرح کی چھوٹی ساخت یا جوف ؛ چھوٹی سی تھیلی یا پُھکنا ۔ (تشریح الاعضا، حیوانیات) چھوٹا مثانہ یا مثانے کی طرح کا ہوا کا بلبلہ ۔ (امراضیات) جلد پر رطوبت بھرا بلبلے کا ساگول اُبھار ۔ (ارضیات) چٹان ؛ معدنی دھات میں ایک چھوٹا سا عموماً کُروی جوف ، جو گیس یا بھاپ سے پیدا ہو گیا ہو ؛ پھپھولا ؛ کیسک ؛ حُویصلہ ؛ پُھکنا ؛ پھلکا ؛ حبابہ ؛ بلبلہ چٹان ۔

**vesicular,** a. بُلبلے یا پُھکنے سے متعلق یا اس پر مشتمل ؛ بلبلے یا پھکنے کی شکل کا ؛ آبلے دار ؛ بلبلہ نما ؛ پھپھولے دار؛ چھالے دار۔

**vesicularly,** adv. آبلہ نمائی کے طریقے یا انداز سے ۔

**vesiculate,** a. آبلوں سے بھرا ہوا ؛ آبلے نما ؛ آبلے کی طرح کا ۔ (فعل متعدی و لازم) آبلے ڈالنا ؛ آبلے دار ہونا ۔

**vesiculation,** n. آبلہ داری ؛ بلبلوں کا سلسلہ ۔

**vesper,** n. ناقوسِ شام ؛ شام کی گھنٹی ، خصوصاً وہ جو شام کی عبادت کے لیے بجاتی ہے ۔ نیز: vesper bell ۔ شام کی عبادت ۔ (بڑے V سے) شام کا ستارہ ؛ زہرہ ۔ (قدیم) شام ۔ (صفت) شام کی ؛ شام سے متعلق ۔

**vesperal,** n. (کلیسیات) وہ کتاب یا کتاب کا وہ حصہ جس میں شام کی عبادت کے گیت اور دعائیں شامل ہیں ؛ قربانی کے چبوترے کے کپڑے کو ڈھانکنے والا حفاظتی غلاف ۔

**vespers,** n. (اکثر بڑے V سے) (کلیسیات) عبادت کے سات مقررہ گھنٹوں میں سے چھٹا گھنٹہ یا اس کی عبادت جو قریبِ شام یا شام کو ہوتی ہے ؛ مذہبی عبادت جو قریب شام یا شام کو ہوتی ہے ؛ کلیسا کی شام کی عبادت ۔

**vespertine, vespertinal,** a. شامیا ؛ شام کی یا شام سے متعلق یا شام کو ہونے والی ۔ (نباتیات) شام کو کھلنے یا شگفتہ ہونے والا ، جیسے بعض پھول ۔ (حیوانیات) سرشام نکلنے یا اڑنے والا ، جیسے بعض پتنگے شب پر ؛ شام پر ۔

**vespiary,** n. زنبور خانہ ؛ گروہ پسند بھڑوں کا چھتا یا بستی ۔

**vespid,** n. (حشریات) رنبور ؛ بھڑ، تنہائی پسند اور گروہ پسند دونوں قسم کی بھڑوں پر مشتمل وسیع نسل کا کوئی رکن جس میں سُرخ بھڑیں اور زرد بھڑیں دونوں شامل ہیں اور جس کے نر، مادہ اور کارکن سب مل کر شہد کی مکھیوں کی طرح ساتھ ساتھ گروہوں کی صورت میں رہتے ہیں ۔ (صفت) بھڑوں کا ؛ زنبوری ۔

**vespine,** a. زنبوری ؛ بھڑوں کا ۔

**vessel,** n. ظرف ؛ جہاز ؛ آدمیوں اور سامان کو پانی میں ڈھونے والی کوئی سی سواری (خاص طور سے وہ جو عام ناؤ سے بڑی ہوتی ہے) ؛ بحری جہاز ؛ ہوائی جہاز ؛ بڑی کشتی ؛ کوئی اندر سے خالی چیز ، جیسے کوئی پیالہ یا ناند ، خاص طور سے سیال چیز رکھنے کے لیے (جیسے : a drinking vessel ) ؛ برتن ؛ کٹورا ۔ (تشریح الاعضا) (حیوانیات) نالی یا نس جیسے کوئی شریان ، ورید وغیرہ ، جو خون یا کوئی اور سیال مادہ اپنے اندر رکھتی اور لے جاتی ہے؛ عرق ؛ رگ ؛ قنات ۔ (نباتیات) پودوں کا رس / عَرق رکھنے یا پہنچانے کے لیے خلیوں سے جُڑی ، نفوذ پذیر حصوں میں منقسم نالی ؛ نس ؛ پیکر ؛ کوئی آدمی جو کسی تصور یا مقصد کا پیکر شمار کیا جائے (جیسے : a vessel of holiness ) ۔

**vest,** n. صدری ؛ واسکٹ یا چھوٹا بے آستینوں کا لباس جسے مرد سوٹ کے کوٹ کے نیچے پہنتے ہیں اور جو گردن سے نیچے کمر تک پہنچتا ہے ؛ اس سے ملتا جلتا لباس یا اس کے اگلے حصے سے ملتا جلتا عورتوں کی گون کا گریبان ۔ (برطانوی) بنیان ۔ (قدیم) کپڑے ؛ لباس ؛ جامہ ؛ لبادہ ؛ پوشاک ؛ قبا ؛ جبہ نما لمبا ، بعض اوقات پادریوں کا نیچا کرتا جو چارلس دوم کے عہد میں رائج تھا ۔ (فعل متعدی) کپڑے پہنانا ؛ لباس پہننا ؛ پوشاک پہنا ، جیسے پادریوں کا رسمی لباس ؛ رسماً لباس یا خلعت سے سرفراز کرنا ؛ ڈھانکنا ، جیسے قربانی کے چبوترے کو ؛ گرد لپیٹنا یا گھیرنا ، جیسے کسی لباس سے ؛ عطا کرنا ، جیسے کسی شخص کو کوئی شے ، خاص طور پر اختیارات یا فرائض ؛ دے دینا یا قائم کرنا ، جیسے کسی چیز کی ملکیت یا کوئی عہدہ یا مقام ؛ بخشنا ، جیسے کوئی چیز خاص طور پر املاک ، حقوق یا اقتدار کسی شخص یا اشخاص کے اختیار یا قبضے میں (in کے ساتھ) ۔ (فعل لازم) ملبوس ہونا ؛ عطا ہونا کسی ایک شخص یا اشخاص کو جیسے کوئی حق ؛ قبضے میں آ جانا ؛ کسی شخص کو عطا ہونا بحیثیت قابض ۔

**vestlike,** a. صدری جیسا ۔

**vestless,** a. بے صدری کا ۔

**Vesta,** n. وستا ؛ قدیم رومنوں میں آتش دان اور آتش دان کی آگ کی دیوی جسے اس معبد میں پوجا جاتا تھا جس میں ایک قربان گاہ ہوتی تھی جس پر وستا کی کنواریوں کی نگرانی میں مُقدّس آگ برابر روشن رکھی جاتی تھی ۔ (چھوٹے v سے) (برطانوی) ایک چھوٹی مومی یا لکڑی کی دیا سلائی ۔

**vestal,** a. وستائی ؛ وستا سے متعلق (جیسے : a vestal virgin ) ؛ وستائی کنواری سے متعلق ، مخصوص یا مشابہ ؛ کنواری ؛ ناکتخدا ؛ اچھوتی ۔ (اسم) کوئی وستائی کنواری؛ کنواری ؛ ناکتخدا عورت ؛ عفیفہ ؛ پاک دامن ؛ راہبہ ؛ اچھوتی ۔

**vestal virgin,** n. وستائی کنواری ؛ راہبہ ؛ عفیفہ ؛ وستا کے نام کی ان چار اچھوتی کنواریوں میں سے کوئی ایک جن کی تعداد بعد میں چھ ہو گئی تھی اور جو قربان گاہ کی آگ روشن رکھنے اور اس کی حفاظت کرنے پر مامور تھیں؛ کوئی پاک دامن عورت ۔

**vested interest,** n. وابستہ مفاد ؛ وابستہ غرض ؛ ان نظاموں یا اداروں کے مسلسل وجود میں دلچسپی جو شخصی فوائد یا حقوق عطا کرتے یا ان کی حفاظت کرتے ہیں ۔ (عموماً جمع) وہ جن کی مالی ، سیاسی یا سماجی حیثیت کا انحصار مروجہ نظاموں یا اداروں کی مسلسل بقا پر ہوتا ہے ۔ (قانون) وہ حق یا اختیار جو جائیداد کو الگ کرنے کی اجازت دیتا ہے ، جیسے بذریعہ فروخت یا بطور عطیہ ، لیکن اس سے استفادے یا اس کے قبضے کو کسی آنے والے وقت تک کے لیے ملتوی رکھتا ہے ۔

**vestee,** n. گردن کے گرد یا جیکٹ کے کُھلے حصے کو بھرنے کے لیے عورتوں کے بلاؤز کا آرائشی سامنا یا اگلا حصہ ؛ قمیص کا بر یا سامنے کا حصہ جو الگ سے لگا لیا جاتا ہے یا صدری ، خصوصاً مردوں کی صدری سے مشابہ ۔

**vestiary,** a. صدریوں ، پوشاکوں یا لباس سے متعلق ۔ (اسم) لباس اور پوشاکیں رکھنے کے لیے کوئی کمرہ یا جگہ جیسے کلاک روم یا ڈریسنگ روم ؛ پوشاک خانہ ؛ توشہ خانہ ؛ گرجے کا توشہ خانہ ۔

**vestibule,** n. ڈیوڑھی ؛ دہلیز ؛ پیش طاق ؛ پیش دالان ؛ باہری دروازے سے متصل برآمدہ یا دالان جس میں گھر کے اندر جانے کا راستہ ہو ؛ برآمدہ ؛ غلام گردش ؛ ریل کے ڈبوں کے درمیان ایک ڈھکا ہوا راستہ ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) دو جوفوں کا درمیانی جوف جو راستے کا کام دیتا ہے :(جیسے vestibule of the ear ) ۔ (فعل متعدی) دہلیز یا دہلیز میں رکھنا ؛ دہلیزوں سے ملا دینا ، جیسے ریل گاڑی کے ڈبے ۔

**vestibular, vestibulate,** a. دہلیزی ؛ ڈیوڑھی کا ؛ ڈیوڑھی یا دہلیز کا کام دینے والا ؛ دہلیز دار ؛ ڈیوڑھی کا ؛ دہلیز نما ۔

**vestibuled,** a. دہلیز دار ؛ ڈیوڑھی رکھنے والا ۔

**vestibule school,** n. نو آموز گاہ ؛ کسی صنعتی کارخانے کا ایک شعبہ جس میں نئے ملازمین کو عملی تربیت دی جاتی ہے ۔

**vestige,** n. نشان ؛ سراغ ؛ کسی ایسی شے کا قابل مشاہدہ ثبوت جو باقی یا موجود نہ ہو (جیسے : the vestiges of a fire ) ؛ کسی حالت ، رسم وغیرہ کی باقی رہ جانے والی شہادت یا یاد گار (جیسے: vestiges of a custom ) ؛ کسی چیز کی خفیف سی مقدار یا اس کا سراغ ۔ (حیاتیات) کوئی بگڑا ہوا یا نامکمل طور پر پرورش یافتہ عضو یا ساخت جس کی کوئی افادیت نہ ہو یا بہت کم افادیت ہو لیکن جو فرد کی کسی ابتدائی منزل پر یا اس کی آبائی صورتوں میں مفید وظیفہ سرانجام دیتا تھا ؛ آثار ؛ باقیہ ؛ نقش ؛ علامت ۔

**vestigial,** a. یادگاری ؛ آثاری ؛ باقی ۔

**vestigially,** adv. یادگار یا باقیات کے طور پر ۔

**vestment,** n. پوشاک ؛ جامہ ؛ خلعت ؛ باگا ؛ جوڑا ؛ عبا ؛ قبا ؛ گون ؛ سرکاری یا رسمی خلعت جو کسی منصب سے منسوب ہو ۔ (مجازاً) کوئی ایسی چیز جو چوغے کی طرح ڈھانپ لیتی ہے ۔ (کلیسیات) عبادت کے دوران اور دوسرے رسمی موقعوں پر پادری اوراس کے نائبین کے پہننے کا لباس ؛ وہ لباس جو عشائے ربّانی کے موقع پر مذہبی رسوم ادا کرنے والا پادری، ڈیکن اور نائب ڈیکن پہنتا ہے ۔

**vestmental, a.** پوشاکی ؛ لبس سے متعلق ۔

**vestmented, a.** ملبوس ؛ پوشاک پہنے ہوئے ۔

**vest-pocket, a.** صدری کی جیب کے سائز کا ؛ چھوٹا سا جیبی ؛ ننھا منا ۔ (مجازاً) نسبتاً چھوٹا (جیسے : a vest-pocket battleship ) ۔

**vestry, n.** (کلیسیات) گرجے کا لباس خانہ ؛ کلیسا کی وہ عمارت جہاں پوشاکیں اور عبادت کے لوازمات رکھے جاتے ہیں ؛ کلیسا کی عمارت کا وہ کمرہ جو عبادت گاہ کے طور پر استعمال ہوتا ہو یا حلقے کی مجالس اور اتوار کے دن اسکول کے لیے کام میں لایا جاتا ہو ۔ (اُسقفی کلیسا) انتخابی مجلس منتظمہ ۔ (انگویزی کلیسا) سرکاری کام نمٹانے کے لیے ارکانِ حلقہ کی مجلس ۔

**vestryman, n.** مجلس/حلقہ کا رُکن ۔

**vesture, n.** (قدیم) پوشاکیں ؛ لباس ؛ جامہ ؛ وہ اشیا جو قبا یا چوغے کی طرح ڈھانک لیں ؛ لبادہ ۔ (قانون) درختوں کے سوا زمین پر اُگنے والی ہر شے جیسے فصلیں ۔ (فعل متعدی) ڈھانکنا ؛ پہنانا ۔

**vesuvian, n.** ایک قسم کی مومی دیا سلائی یا بڑے سر والی دیا سلائی جیسے سگار سلگانے کے لیے ۔ (معدنیات) ویسوناٹ ؛ برکان ؛ فیزون ۔ (صفت) (بڑے V سے) کوہ ویسو ویئس سے متعلق یا مشابہ جو نیپلز شہر کے قریب واقع ہے ؛ آتش فشانی ۔

**vesuvianite, idocrase, vesuvian, n.** (معدنیات) ویسوونائٹ ؛ ایک بادامی یا سبز معدنی شے جو سب سے پہلے کوہ ویسوویئس پر پائی گئی تھی ، عموماً قلمی شکل میں ایلومینم اور کیلسیم کا سلی کیٹ جس میں قلیل مقدار میں لوہا اور میگنیشیم موجود ہوتے ہیں ۔

**vet, n.** (بول چال) سلوتری ؛ بیطاری ۔ (فعل متعدی ، بول چال) علاج کرنا ؛ نگہداشت کرنا ، کسی بیطاری کی طرح ۔ (برطانوی) کسی ماہر کی طرح جانچ پڑتال کرنا ۔ (فعل لازم، بول چال) بیطاری علاج یا جرّاحی کرنا ۔

**vet, n., a.** (بول چال) جنگ آزمودہ سپاہی ؛ تجربہ کار ؛ کار آزمودہ ۔

**vetch, n.** باقلا ؛ موٹھہ ؛ ویچ ؛ ایک قسم کی پھلی دار ویسیا نسل کی بیل جو خود رو بھی ہوتی ہے اور بوئی بھی جاتی ہے ، جیسے عام ویچ جو مویشیوں کے چارے کے طور پر اور مٹی کو زرخیز کرنے کے لیے بوئی جاتی ہے ؛ یورپ کا ایک پھلی دار پودا جو خوردنی بیجوں کے لیے بویا جاتا ہے ۔

**vetchlike, a.** ویچ جیسا ؛ پھلی دار ۔

**bitter vetch,** کڑوا ویچ ؛ ویچ کی ایک قسم خصوصاً زہریلا ویچ (Vetch ervilia) ۔

**vetching, n.** ویچ نما ؛ باقلا نُما ؛ اس نسل کا کوئی پودا خصوصاً پھلی دار نسل کا ۔

**veteran, n.** آزمودہ کار ؛ وہ شخص جو کسی پیشے یا مشغلے میں یا عہدے پر ایک عرصے تک کام کرنے کے بعد تجربہ کار ہو گیا ہو ؛ وہ شخص جس نے فوج میں رہ کر اپنے ملک کی خدمت کی ہو خصوصاً لڑائی کے زمانے میں ۔ (صفت) کسی پیشے یا کام کا طویل تجربہ رکھنے والا ؛ فوج کے سابق ارکان سے متعلّق ۔

**Veterans Day, Veteran's Day, n.** یوم متارکہ جنگ ؛ ایک قومی تعطیل جو ۱۱ نومبر کو پہلی جنگ عظیم کے خاتمے کی یاد میں اتحادی ملکوں میں منائی جاتی ہے ، جس میں تمام کار آزمودہ فوجیوں کو اعزاز بخشا جاتا ہے ۔ (سابقاً) پہلی جنگ عظیم کے خاتمے پر صلح کا دن ۔

**veterans' preference, n.** خصوصی جنگی مراعات ؛ وہ خصوصی رعایت جو سول سروس کے امتحان میں کسی اسامی کے لیے پرانے فوجی امیدوار کو دی جاتی ہے ۔

**veterinarian, vet, n.** بیطار ؛ سلوتری ؛ بیطاری کا کام کرنے والا یا مویشیوں کا علاج کرنے والا شخص ۔

**veterinary, n.** بیطاری ؛ مویشیوں کا معالج ؛ بیطار ۔ (صفت) مویشیوں ، گھوڑوں یا دوسرے چار پایوں **خصوصاً** پالتو جانوروں کے علاج یا جراحی کا یا اس سے متعلق ۔

**veterinary medecine, n.** طب بیطاری ؛ علاج مویشیاں ؛ طب کا وہ شعبہ جو جانوروں خصوصاً پالتو جانوروں کی بیماریوں کی روک تھام ، تشخیص ، علاج اور عام مطالعے سے متعلق ہے ۔

**veterinary surgeon, n.** (برطانوی) بیطاری جراح ؛ سلوتری جراح ۔

**vetiver, n.** بیخ خس ؛ شرق الہند کی ایک گھاس زنجان نما (zizanioides) جو خوشبودار جڑوں کے لیے دنیا کے اکثر گرم خطوں میں کاشت کی جاتی ہے جس سے چٹائی بنی جاتی ہے اور عطر خس نکالا جاتا ہے ؛ اس پودے کی جڑ ۔

**veto, n.** ویٹو ؛ حق استرداد ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کے صدر اور گورنروں کا وہ اختیار جس کے تحت ان کی مجالسِ قانون ساز کی منظور کردہ تجاویز کو مسترد کیا جا سکتا ہے ؛ وہ بیان یا سرکاری چھٹی جس میں وہ اسباب بیان کیے جاتے ہیں جن کے پیش نظر صدر امریکا یا دوسرے حاکم نے کسی بل کو مسترد کر دیا ہے ۔ نیز : veto message ، اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل کے مستقل ارکان کا حق استرداد ؛ کسی حاکم کا حکم امتناعی ۔ فعل متعدی) نامنظور کرنا ؛ مسترد کرنا ، جیسے مجلس قانون ساز کا قانون ؛ ویٹو کرنا ۔

**vetoer, n.** ویٹو کرنے والا ؛ مسترد کرنے والا ۔

**vex, v.t.** تنگ کرنا ؛ دِق کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ستانا؛چھیڑنا؛ناراض کرنا، خصوصاً ذرا ذرا سی چھیڑ خانیوں سے (جیسے: his awkwardness vexes his friends ) ؛ آزار پہنچانا ؛ دق کرنا ؛ کوفت میں ڈالنا ؛ اشتعال دلانا ؛ بحث کرنا ؛ استدلال کرنا (جیسے: They vexed the issue ) ؛ ہلا ڈالنا ؛ ابھارنا ؛ متلاطم کردینا (جیسے: Storms vex the water ) ۔

**vexer, n.** دق کرنے والا ؛ ستانے والا ۔

**vexingly, adv.** تکلیف دہ طریقے سے ۔

**vexation, n.** رنجیدگی؛ ستانے کا عمل یا ستائے جانے کی حالت ؛ چڑ چڑا پن ؛ پریشانی ؛ دق کرنے والا شخص یا شے ؛ باعث آزار ؛ باعث تکلیف؛ دکھ ؛ درد ؛ آفت ؛ آزردگی ؛ ملال ؛ خفگی ؛ بیزاری ۔

**vexatious, a.** تکلیف دہ ؛ ستانے والا ؛ پریشان کرنے والا ؛ چھیڑنے والا ؛ ایذا رساں ۔ (قانون) کافی اسباب کے بغیر دائر کردہ اور صرف مدعا علیہ کو ستانے کے لیے ،جیسے کوئی مقدمہ ۔

**vexatiously, a.** تکلیف دہ طور پر؛ ایذارسانی سے ۔

**vaxatiousness, n.** تکلیف دہی ؛ ایذا رسانی ؛ آزار دہی ۔

**vexed, a.** خفا ؛ رنجیدہ ؛ ناخوش ؛ آزردہ ؛ ناراض ؛ دلگیر ؛ دق کیا ہوا ؛ ستایا ہوا ؛ چڑچڑا ؛ آزار رسیدہ ؛ پریشان ؛ جس پر بہت بحث ہو چکی ہو ؛ متنازع فیہ ، جیسے کوئی مسئلہ یا سوال ؛

نزاعی ـ

**vexedly,** adv. تنگ آ کر ؛ دق ہو کر ـ

**vexedness,** n. آزار رسیدگی ؛ پریشانی ؛ رنجیدگی ؛ آزردگی ؛ دلگیری ـ

**vexillary,** n. قدیم روم کا خاص جھنڈے تلے لڑنے والا کوئی آزمودہ کار فوجی ؛ علمبردار ـ (صفت ، نباتیات) لوائے گُل رکھنے والا یا اس سے متعلق ـ

**vexillar,** a. لوائی ؛ نشانِ علَم سے متعلق ؛ علَم کا ؛ پرچم کا ـ

**vexillum,** n. قدیم رومن سپاہیوں کا فوجی جھنڈا یا پرچم ؛ اس جھنڈے تلے لڑنے والے سپاہیوں کا دستہ ـ (نباتیات) پھلی دار پودے کے پھول کی اوپر کی بڑی پنکھڑی ؛ لوائے گل ـ (طیوریات ، شاذ) پرندوں کے پر کا پھیلاؤ ؛ پنکھ ؛ ریشہ پر ؛ پرہ ـ

**vexillate,** a. لوا دار ؛ پنکھ نما ـ

**via,** prep. براستہ ؛ براہ (جیسے: to drive Lahore via Jhelum) ـ (بول چال) ذریعے سے ؛ بذریعہ (جیسے: to travel via airplane) ـ

**viable,** a. زیستنی ؛ مجرد زندگی برقرار رکھنے کے قابل ، جیسے نومولود ؛ بڑھنے اور نشوونما پانے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ نمو پذیر ؛ نامیاتی (جیسے: viable spores, seeds or eggs) ؛ کسی ایسے خیال ، ڈیزائن یا منصوبے سے متعلق جو کسی مفید نتیجے پر ختم ہو ؛ حیوی ـ

**viability,** n. زیست پذیری ؛ نمو پذیری ؛ حیویت ؛ نتیجہ خیزی ؛ صلاحیتِ نمو یا حیات ـ

**viably,** adv. نتیجہ خیزی کے طور پر ؛ نمو پذیری کے ساتھ ـ

**viaduct,** n. پُل ؛ پل درہ ؛ ایک طویل پُل یا محرابوں کا سلسلہ جو سڑک یا ریل کو کسی وادی یا نشیبی قطعۂ اراضی کے اوپر سے لے جانے کے لیے بنایا جائے ـ

**vial, phial,** n. شیشی ؛ وائل ؛ دواکی شیشی ؛ سیّال مادہ رکھنے کی بوتل یا نلی ـ (فعل متعدی) وائل میں بھرنا ؛ وائل میں رکھنا ؛ شیشی یا بوتل میں ڈالنا ـ

**via media,** n. [لاطینی] وسطی طریق ؛ درمیانی راستہ ؛ راہ مفاہمت ؛ بین بین راستہ ـ

**viand,** n. غذا ؛ طعام ؛ بھوجن ؛ کھانے کی کوئی چیز ـ (عموماً جمع) اشیائے خوردنی ؛ کھانے کی چیزیں ؛ کھانا (خصوصاً اعلیٰ درجے کا) ـ

**viaticum,** n. توشہ ؛ زادِ راہ ؛ قدیم روم میں کسی مجسٹریٹ کا سفر خرچ؛ بھتّا ـ (کلیسیات) مرنے والے انسان کو دی جانے والی عشائے ربّانی ـ

**viator,** n. مسافر ؛ راہ گیر ـ

**vibrant,** a. ارتعاش پذیر ؛ مرتعش ؛ تیزی سے لرزنے والا ؛ تھرتھراتا ہوا ؛ لرزاں، جس سے آواز پیدا ہو جیسے کوئی تار ؛ آوازوں والا ؛ گونج دار ؛ قوت ، جوش حیات یا جذبے سے دھڑکنے والا ـ

**vibrancy,** n. ارتعاش ؛ گونج ؛ دھڑکن ؛ لرزش ؛ تھرتھراہٹ ـ

**vibrantly,** adv. مرتعش طور پر ؛ تھرتھراتے ہوئے ؛ دھڑکتے ہوئے؛ گونجتے ہوئے ـ

**vibraphone, vibraharp,** n. وائبرافون ؛ زائیلوفون سے مشابہ ایک باجا جس میں لکڑی کی بجائے دھات کے پردے اور پٹیاں ہوتی ہیں اور ارتعاش پیدا کرنے کے لیے برقی صماموں کی مضرابیں ہوتی ہیں ـ

**vibraphonist,** n. وائبرافون بجانے والا ـ

**vibrate,** v.i. جھولنا ، جیسے شاقول یا پنڈولم کا؛ آگے پیچھے حرکت کرنا؛ اوپر نیچے حرکت کرنا؛ کانپنا؛ لرزنا ؛ مرتعش ہونا ؛ ارتعاش زدہ ہونا ؛ آوازوں کا کپکپانا یا ارتعاش کا تاثر پیدا کرنا ؛ گونجنا ؛ جذباتی طور پر لرزاں ہونا یا کپکپانا؛بدلنا ؛ گھٹنا بڑھنا ؛ قائم نہ رہنا یا دو قطبوں کے بیچ میں حرکت کرتے رہنا ؛ دو انتہاؤں کے درمیان منڈلانا ـ (فعل متعدی) آگے پیچھے ہلانا ؛ جُھلانا ؛ بدلنا ؛ آگے پیچھے یا اوپر نیچے جلدی جلدی اور بار بار چلانا ؛ کپکپی پیدا کرنا یا لرزانا ؛ پھینکنا یا خارج کرنا ؛ ارتعاش دینا ، جیسے کسی آواز کو؛ لرزاں کرنا ؛ لرزش ناپنا یا ظاہر کرنا (جیسے: a pendulum is vibrating seconds) ـ

**vibratile,** a. کپکپی یا تھرتھری والا ؛ تھرتھراہٹ پیدا کرنے یا تھرتھرانے والا ، ارتعاشاتی ؛ تھرتھراہٹ سے متعلق ؛ اہتزازی ـ

**vibratility,** n., a. ارتعاش پذیری ؛ تھرتھری ؛ کپکپی ؛ تھرتھرانے یا کپکپانے کی صلاحیت ؛ اہتزاز پذیری ـ

**vibration,** n. ارتعاش ؛ تھرتھراہٹ ؛ لرزش ؛ اہتزاز ؛ کپکپی ؛ تھرتھرانے کا عمل ـ (طبیعیات) توازن کی حالت سے ہٹائے جانے پر کسی چیز کی دو جانبی یا کوئی اور حرکت ؛ مادے کے اجزا کی اس سے ملتی جلتی سی حرکت ، جیسے ہوا کی جس کے توازن کی حالت بگڑ چکی ہو مثلاً آواز کی ترسیل میں ؛ توازن کی حالت سے ایسی کسی قسم کی واحد مکمل ـ کٹ جب تک کہ حرکت خود کو دہرانا شروع نہ کر دے ؛ حرکت شاقولی ؛ لنگر چال ؛ لٹکن چال ـ

**vibrational,** a. ارتعاشی ؛ اہتزازی ـ

**vibrato,** n. (موسیقی) آواز کا ارتعاش جو گانے میں کسی ایک سُر پر زور دینے سے اور گز سے بجائے جانے والے ساز پر آواز کی لرزش کی تطبیق میں سُر کی جلد تبدیلی سے پیدا ہو جاتا ہے ـ

**vibrator,** n. ارتعاش کُنندہ ؛ اہتزاز کُنندہ ؛ مرتعش ؛ لرزاں ؛ کانپتا ہوا ؛ کپکپاتا ہوا ؛ تھرتھرانے والا ؛ بجلی کا مالش کرنے والا آلہ ـ (برق) اہتزاز گر؛ وہ آلہ جو مستقل رَو کو تغیر پذیر یا مرتعش رَو میں تبدیل کر دیتا ہے ـ

**vibratory, vibrative,** a. ارتعاشی ؛ ارتعاش سے متعلق ؛ لرزاں ؛ لرزشی ؛ ارتعاش انگیز ؛ جھولتا ہوا ؛ جھلانے والا ؛ کپکپانے والا؛ تھرتھراہٹ سے متعلق ـ

**vibrio,** n. ارتعاشیہ ؛ تھرتھریا ؛ اسی نام و نسل کا کوئی لرزاں جرثومہ جو مستقل طور پر کلبلاتا رہتا ہے اور عموماً (و) یا انگریزی حرف S کے برابر ہوتا ہے ـ

**vibrioid, vibrionic,** a. ارتعاشیہ نما ؛ ارتعاشیائی ؛ چُلبُلا ـ

**vibriosis,** n. (بیطاری امراضیات) مرضِ ارتعاشیہ ، اس جرثومے سے پیدا ہونے والی بیماری جو مویشیوں اور بھیڑوں کو ہو جاتی ہے ـ

**vibrissa,** n. محاسہ ؛ بہت سے میمل جانوروں کے منہ اور نتھنوں کے گرد پیدا ہو جانے والے سخت ، لمبے اور خارنما بالوں میں سے کوئی جو اکثر حسّی اعضا کا کام کرتا ہے ، جیسے بلّی کی مونچھ ؛ بعض پرندوں کے مُنھ کے گرد خارنما پروں میں سے کوئی پر جیسے مگس

خور یا مکھی مار چڑیا کے منھ کے گرد ؛ خارنما بال ۔

**vibrissal,** a. خار نما بال سے متعلق ۔

**vibrograph, vibrometer,** n. ارتعاش نگار ؛ ارتعاش پیما ؛ اہتزاز ناپنے کا آلہ ۔

**viburnum,** n. بُداغ ؛ شبدر ؛ زہرۃ العسل خاندان کی پھول دار جھاڑی یا چھوٹا سا درخت جو سجاوٹ کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ۔

**vicar,** n. (انگلستانی کلیسا) ایسے کلیسائی حلقے کا پادری جسے بہت تھوڑی تنخواہ ملتی ہے جب کہ کلیسائی عشر کا بیشتر حصہ اس کا وصول کنندہ یا کلیسائی انتظامیہ لے لیتی ہے ؛ کلیسائی حلقے کا پادری جس کے پاس کلیسا کے متولّی یا ریکٹر کا عہدہ نہ ہو ۔ (پروٹسٹنٹ اسقفی کلیسا) وہ پادری جو عبادت خانے کا نگران ہوتا ہے لیکن کلیسا کا نہیں ؛ اسقف کا نائب جو علی العموم مشن یا چرچ کا نگراں ہوتا ہے ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) وہ پادری جو دوسرے پادری کے نائب یا نمائندے کی حیثیت سے کلیسا کا منصبی کام انجام دیتا ہے ؛ کوئی قائم مقام عہدے دار ؛ نمائندہ ؛ وکار ۔

**vicarial,** a. وکار یا وکار کی خدمت سے متعلق ؛ وکاری ۔

**vicarship,** n. نائب یا وکار کا عہدہ یا فرائض منصبی ؛ وکاریت ۔

**vicarage,** n. وکار کی حیثیت ، فرائض یا جاگیر ؛ وکار کا گھر یا مسکن ؛ نائب کا گھر ۔

**vicar apostolic,** n. (رومی کیتھولک کلیسا) ایک بشپ جس کے پاس بشپ کا تعلقہ نہ ہو لیکن جو پوپ کے براہ راست حکم و اختیار سے کسی کلیسائی حلقے کا انتظام کرتا ہو عموماً ایسے حلقے کا جہاں ابھی اُسقف یا اسقف اعظم کا حکومتی علاقہ قائم نہ ہوا ہو یا جہاں جانشینی میں خلل واقع ہو گیا ہو ۔

**vicar forane,** n. (رومی کیتھولک کلیسا) متعدد کلیسائی حلقوں پر مشتمل اُسقف کے حکومتی علاقے کے ایک حصے کی نگرانی کے لیے کسی بشپ کا مقرر کردہ پادری ؛ ڈین ۔

**vicar-general,** n. بشپ یا آرچ بشپ کا سرکاری معاون عموماً انیگلیکن کلیسا کا ایک عام پادری یا رومی کیتھولک کلیسا کا کوئی پادری جو انتظامی معاون کی خدمت انجام دیتا ہے ۔

**vicariate, vicarate,** n. وکار کا عہدہ یا اقتدار ؛ وکارکے زیر نگرانی کوئی ضلع یا کلیسائی حلقہ ۔

**vicarious,** a. وکاری ؛ نیابتی ؛ دوسرے کے بدل میں ؛ دوسرے کا دیا ہوا ؛ مفوضہ ؛ سپرد کیا ہوا ؛ دوسرے کی جگہ پُر کرنے والا ؛ قائم مقام یا نائب کی حیثیت سے خدمت انجام دینے والا ؛ نمائندہ ۔ (فعلیات) کسی ایسے جسمانی عضو سے متعلق جو کوئی ایسا کام کر رہا ہو جو وہ عام طور پر نہیں کرتا ۔

**vicariously,** adv. نیابتاً ؛ دوسرے کی طرف سے ؛ نمائندے کے طور پر ؛ قائم مقام کی حیثیت سے ۔

**vicariousness,** n. قائم مقامی ؛ نیابت ؛ نمائندگی ۔

**Vicar of Christ,** n. (رومی کیتھولک کلیسا) خلیفہ مسیح ؛ پوپ ؛ زمین پر کلیسا کے انتظامی اور تعلیمی معاملات میں حضرت عیسیٰ کا نمائندہ ؛ نائب مسیح ؛ پاپائے اعظم ۔

**vice,** n. بدی ؛ کوئی مخصوص غیراخلاقی یا بری عادت یا برا عمل ؛ کوئی بے تکا ذاتی عیب ؛ اخلاقی کمزوری ؛ کوئی نقص یا داغ ؛ جسمانی خامی یا بری حرکت جیسے گھوڑے کی ۔ (بڑے V سے) (ڈراما) انگریزی کے اخلاقی ڈراموں کا مسخرا عام طور سے اکسانے،بھڑکانے والا ؛ پھکڑ پن اور ڈھول دھپّے والے مزاحیہ ناٹک کا مرکزی کردار ؛ مسخرا ۔

**vice,** prep. کی جگہ پر ؛ بجائے ؛ بعد میں ۔

**vice-admiral,** n. (بحریہ) نائب امیر البحر ۔

**vice-admiralty,** n. نیابت امیر البحر ؛ نائب امیر البحر کا عہدہ یا منصب ۔

**vice chancellor, vice-chancellor,** n. وائس چانسلر ؛ شیخ الجامعہ ؛ رئیس جامعہ ؛ امیرجامعہ ؛ چانسلر کا نائب ؛ چانسلر کی نیابت کرنے یا قائم مقام بننے والا ؛ چانسری عدالت کا جج ؛ چانسلر کے نائب یا مددگار کی حیثیت سے خدمات انجام دینے والا یونیورسٹی کا اعلیٰ عہدے دار ۔

**vice-chancellorship,** n. وائس چانسلری ؛ امارت جامعہ ؛ وائس چانسلر کا عہدہ یا منصب ۔

**vice consul, vice-consul,** n. نائب قونصل ؛ نائب مشیر ؛ ماتحت درجے پر کام کرنے والا شخص جو مشیر کے قائم مقام کے طور پر کام کرتا ہو ۔

**vice-consular,** a. نائب قونصل کا ؛ نائب مشیر کا یا اس سے متعلق ۔

**vice-consulate,** n. نائب قونصل خانہ ؛ نائب مشیر کا دفتر ، گھر یا عملہ ۔

**vice-consulship,** n. نائب قونصل کا عہدہ یا منصب ۔

**vicegerency,** n. سفارت ؛ نیابت ؛ نائب وکیل کا عہدہ ؛ وہ علاقہ یا حلقہ جس پر نائب حکمرانی کرتا ہے ۔

**vicegerent,** n. نائب مختار ؛ قائم مقام ؛ وہ عہدے دار جو دوسرے کے اختیارات استعمال کرنے پر متعین ہوتا ہے؛ وہ شخص جس کو اختیارات تفویض کر دیے گئے ہوں ۔ (صفت) مفوضہ اختیارات رکھنے والا ۔

**vicennial,** a. بیس سال تک جاری رہنے والا ؛ ہر بیس سال میں ایک بار واقع ہونے والا ؛ بست سالہ ؛ بیس سالہ ۔

**vice-president, vice president,** n. نائب صدر ؛ نائب میر مجلس ؛ صدر سے ایک درجہ نیچے کا عہدے دار جو صدر کی غیر حاضری یا معذوری کی حالت میں اس کے فرائض انجام دیتا ہے؛ بڑی کارپوریشن میں صدر سے ایک درجہ نیچے کا عہدہ دار جو کسی مخصوص شعبے ، کام یا موقع و مقام کی نگرانی کرتا ہے ۔ (بڑے V سے، امریکی حکومت) صدر سے عہدے میں دوسرے نمبر کا عہدیدار جو صدر کے ساتھ منتخب ہوتا ہے اور صدر کے استعفے ، برخاستگی ، موت یا معذوری پر صدارتی عہدے پر فائز ہوتا ہے ۔

**vice-presidency,** n. نائب صدارت ؛ نائب میری مجلس ؛ نائب صدر کا عہدہ یا منصب ۔

**vice-presidential,** a. نائب صدری ؛ نائب میر مجلس سے متعلق ۔

**viceregal,** a. وائسریگل ، وائس رائے سے متعلق ؛ نائب شاہ کا ؛ نائب السلطنت کا ۔

**viceregally,** adv. نائب شاہ کے طور پر ۔

**vice-regent,** n. نائب ولی شاہ ؛ وہ شخص جسے کسی قائم مقام کے نائب کی حیثیت سے کام کرنے پر متعین کیا جائے ۔

کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ دَوری استدلال ۔ (امراضیات) ایسی حالت جس میں ایک بیماری دوسری بیماری پیدا کرتی یا اس میں اضافہ کرتی ہے جو آگے چل کر پہلی کو اور زیادہ بگاڑ دیتی ہے ۔

**vicissitude, n.** نشیب و فراز ؛ گردش ؛ ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیلی ۔ (جمع) تبدیلیاں ، خصوصاً زندگی اور دنیا کے معاملات سے متعلق ؛ تغیر ؛ باری باری سے یا مسلسل تبدیلی ، جیسے سردی کے موسم کی بہار میں اور گرمی کی خزاں میں تبدیلی ؛ باقاعدہ تغیر ؛ نیرنگی ۔

**vicissitudinary, vicissitudinous, a.** تغیر پذیر ؛ متغیر ؛ بدلنے والا ؛ پُر نشیب و فراز ؛ گردشی ؛ نیرنگ ۔

**victim, n.** شکار ؛ نشانہ ؛ بھینٹ ؛ مارا ہوا ؛ قربان کردہ ۔ کسی دوسرے انسان یا کسی صورت حال یا ذریعے سے چوٹ کھایا ہوا انسان ؛ فریب خوردہ ؛ ٹھگا ہوا ؛ کسی دیوتا پر بھینٹ چڑھایا ہوا یا کسی مذہبی رسم کی ادائیگی میں قربان کیا ہوا جانور ؛ کُشتہ ؛ صید ؛ دھوکا کھانے والا ۔

**victimize, v.t.** نشانہ بنانا ؛ پھانسنا یا فریب دینا یا ٹھگنا ؛ قربان کرنا ؛ بھینٹ چڑھانا ؛ شکار بنانا ؛ قربانی کا بکرا بنانا ۔

**victimization, n.** قربانی ؛ نشانہ بنانے کا عمل ۔

**victimizer, n.** قربان کرنے ، نشانہ بنانے یا پھانسنے والا ۔

**victor, n.** فاتح شخص ؛ وہ شخص جو جیتتا ہے یا کسی مقابلے ، جھگڑے یا لڑائی میں فائدہ اٹھاتا ہے ۔ (صفت) فاتح ؛ فتح مند ؛ جیتنے والا ؛ فیروز مند ؛ ظفریاب ؛ غالب ۔

**Victor, n.** حرف V کے لیے ابلاغی مواصلاتی لفظ ۔

**victoria, n.** وکٹوریا ؛ بگھی ؛ ایک نیچی ، ہلکی ، چار پہیوں کی گاڑی جس میں ایک تہ ہو جانے والا ٹپ یا چھت دو مسافروں کے لیے ایک نشست اور کوچوان کے لیے ایک اونچی نشست ہوتی ہے ؛ ایک قسم کی تفریحی سواری جس کا ٹپ یا چھت تہ ہو جاتی ہے اور جو عموماً صرف پچھلی نشست پر سایہ کرتا ہے۔

**victoria, n.** برازیلی کنول ؛ ایک قسم کا کنول کا پھول ، وکٹوریا امیزون جو جنوبی امریکا میں پیدا ہوتا ہے ، جس کے پتوں کا قطر اکثر چھ فٹ کا ہوتا ہے اور جس کے رات کو کھلنے والے پھولوں کا رنگ سفید سے لے کر گلابی تک ہوتا ہے۔

**Victoria Cross, n.** (برطانوی) وکٹوریہ کراس ، دشمن کے مقابلے میں غیر معمولی شجاعت دکھانے پر دیا جانے والا ایک بحری اور فوجی اعزاز یا تمغہ ۔ مخفف : .v.c ۔

**Victorian, a.** وکٹوریائی ؛ برطانیہ پر ملکہ وکٹوریہ کے دور حکومت کے متعلق (۱۸۳۷ء تا ۱۹۰۱ء کا زمانہ) ؛ ملکہ وکٹوریہ کے عہد حکومت میں رائج اخلاق و آداب اور مذاق کی نشاندہی کرنے والا ؛ مصنوعی حجاب والا؛ تنگ نظر ؛ خود پسند ؛ پر تکلف ؛ ریاکارانہ ؛ مرصّع ؛ اصطفائی ؛ تفضیلی ؛ بڑا ؛ بھاری اور ٹھوس (جیسے:Victorian architecture ) ۔ (اسم) ملکہ وکٹوریہ کے عہد حکومت میں زندہ، خصوصاً مُصنف ۔

**Victorianism, n.** وکٹورین پسندی ؛ عہد وکٹوریہ میں رائج علوم و فنون وغیرہ کا مذاق یا اس کا اظہار یا اس سے دلچسپی ۔

**victorious, a.** کسی مقابلے یا لڑائی میں جیتا ہوا ؛

(صفت) حکمران کے ولی کی نیابت کرنے والا ۔

**vicereine, n.** نائب شاہ کی بیوی ؛ وائسرائن ؛ وائسرینہ ؛ وائسرائے کے اختیارات رکھنے والی کوئی عورت ۔

**viceroy, n.** وائسرائے ؛ نائب السلطنت ؛ وہ شخص جو بادشاہ کے نائب کے طور پر کسی ملک یا علاقے پر حکومت کرنے کے لیے مقرر و متعین کیا جائے (جیسے:the viceroy of India ) ۔ (حشریات) شمالی امریکا کی ایک تتلی جس کا رنگ نارنجی مائل سرخ ہوتا ہے ، جس پر سیاہ چتیاں پڑی ہوتی ہیں اور جو شاہ تتلی سے بہت ملتی جلتی ہے ۔

**viceroyal, a.** وائسرائے کا ؛ وائسرائے سے متعلق ۔

**viceroyalty, viceroyship, n.** وائسرائے کا عہدہ ؛ وائسرائے کے زیر حکومت علاقہ ۔

**vice squad, n.** بدی روک دستہ ؛ پولیس کا ایک شعبہ جسے عوام کی اخلاقیات سے متعلق قوانین نافذ کرنے کا کام سپرد ہوتا ہے ؛ محتسب دستہ ۔

**vice versa, adv.** [لاطینی] اور اس کے برعکس ؛ پلٹ کر ؛ الفاظ یا حالت کو الٹا کرکے یا الٹ کر ؛ معکوس طور پر ؛ بالعکس ۔

**vichyssoise, n.** گندنے یا پیاز کی خوشبو والا آلوؤں کا عموماً ٹھنڈا ملائی دار سُوپ ۔

**vichy water, vichy vichy, n.** آبِ وشی ؛ فرانس کے وشی نامی ایک مقام کے چشمے کا معدنی پانی ؛ اس سے ملتا جلتا مصنوعی یا قدرتی معدنی پانی ؛ آبِ معدن ۔

**vicinage, n.** گرد و پیش ؛ قرب و جوار ؛ پڑوس یا قرب ؛ ملا ہوا یا قریب کا مقام یا مقامات ؛ نواح ؛ ہمسائیگی ۔

**vicinal, a.** قربیہ ؛ نواحی ؛ پڑوس یا علاقے سے تعلق رکھنے والا ؛ پڑوس کا ؛ ملا ہوا ۔ (قلمیات) ان سطحوں کی نشان دہی کرنے والا جن کا مقام ان بعض نمایاں بنیادی سطحوں سے بہت کم بدلتا ہے جن کی وہ جگہ لیتی ہیں ۔

**vicinity, n.** قرب و جوار ، پڑوس ؛ نواح ؛ ملا ہوا علاقہ ، جگہ یا رقبہ ؛ مقامی قرب ؛ ہمسائیگی ؛ نزدیکی ؛ قرابت ؛ مشابہت ؛ یکسانی ؛ اطراف ۔

**vicious, a.** بُرائی یا بداخلاقی کا عادی یا مرتکب ؛ فاسق یا بدکار ؛ بدکردار یا بدکرداری پر مائل ؛ قابل ملامت ؛ قابلِ الزام یا غلط (جیسے: a vicious practice ) ؛ بدباطن یا بیر بھرا (جیسے vicious lies ) ؛ بہت سخت یا شدید (جیسے : a vicious headache ) ؛ خامیوں / کوتاہیوں والا (جیسے : vicious reasoning )؛ برے رجحان والا؛ سفّـاک (جیسے: vicious temper )؛ بدخصلت؛ خبیث؛ متمرّد ؛ نااہل ؛ عیبی ؛ شیطانی ۔

**viciously, adv.** سفاکانہ ؛ خباثت سے ۔

**viciousness, n.** بدی ؛ بدطینتی ؛ خباثت ۔

**vicious circle, n.** برائی کا چکر ؛ بدی کا تسلسل ؛ شیطانی چکر ؛ ایسی حالت جس میں ایک مسئلے کے حل ہونے سے بتدریج مشکل تر ہوتے ہوئے مسائل کا سلسلہ شروع ہو جائے اور ہر مسئلہ پہلے حل شدہ مسئلے کے نتیجے میں اٹھ کھڑا ہو۔ (منطق) ایک مغالطہ جس میں کسی مقدمے سے ایک استدلال قائم کیا جاتا ہے یا کوئی ایسی شرط بیان کی جاتی ہے جو آگے چل کر استدلال قائم کرنے یا اس کی تعریف

فاتح ؛ ظفر یاب ؛ فیروز مند ؛ غالب ؛ مظفر ؛ منصور ؛ فتح مند ؛ فتح سے متصف ؛ فتح نصیب ۔

**victoriously,** adv. فتح مندی سے ؛ فاتحانہ طور پر ؛ ظفریابی سے ۔

**victoriousness,** n. فتح یابی ؛ ظفر مندی ؛ فیروز مندی؛ فتح مندی ۔

**victory,** n. فتح ؛ ظفر ؛ کسی لڑائی میں دشمن کی یا کسی مقابلے میں حریف کی شکست ؛ کسی مقابلے یا کوشش میں حاصل ہونے والی برتری یا کامیابی کی حالت ؛ جیت ؛ نصرت ۔

**victress, victrix,** n. جیتنے یا فتح کرنے والی عورت ۔

**Victrola,** n. ایک صوت نگار آلہ ؛ فونوگراف؛ گراموفون ۔ (تجارتی نشان) ۔

**victual,** n. (عموماً جمع) غذا ؛ رسد ؛ کسی قسم کی غذائی اشیا ؛ انسانوں کے لیے غذا جو کھانے کے لیے تیار کی جائے ۔ (فعل متعدی) غذائی اشیا مہیا کرنا یا جمع رکھنا ؛ غذائی ذخیرہ فراہم کرنا ۔ (فعل لازم) کھانا یا رسد ذخیرہ کرنا ۔ (قدیم) کھانا ۔

**victualer, Brit. victualler,** n. غذا فروش ؛ وہ شخص جو کھانے کی اشیا فراہم کرتا ہے ؛ رسد کا سامان لے جانے والا پانی کا جہاز ؛ خوردنی فروش ۔ (برطانوی) سرائے کا محافظ یا بھٹیارا ۔

**vicuna,** n. وکونا ؛ لاما نما جانور ؛ جنوبی امریکا کے اونٹ نما جانور لاما کی قریبی نسل سے تعلق رکھنے والا جانور، لاما وکونیا، جس کے نرم ، چمکیلے اور ریشم جیسے بالوں سے کپڑے بنائے جاتے ہیں؛ وکونا کے بالوں یا ان کی کسی متبادل شے سے بنا ہوا کپڑا ۔

**vide,** impv. دیکھیے ؛ ملاحظہ کیجیے ؛ کسی متن کے اجزا کا حوالہ دیتے وقت مستعمل ۔

**videlicet, viz,** adv. بتفصیل ذیل ؛ یعنی ؛ جس کے نام یہ ہیں ؛ جس کی تفصیل یہ ہے ۔

**video,** a. (برقیات) وڈیو ؛ بصری ؛ بعض برقی لہروں کو طول موجوں میں منتقل کرنے سے متعلق جو ٹیلی وژن کے پردے پر دیکھی جا سکیں ؛ ٹی.وی کے پردے پر ایسی اشیا کی نمایش سے متعلق ؛ سمعی سے ممیز ۔ (اسم) سمعی سے متعلق ٹی.وی کا بصری جزو ۔

**video cassette, videocartridge,** n. وڈیو کیسٹ ؛ وڈیو خانہ ۔

**video cassette recorder,** n. وی.سی.آر ؛ وڈیو کیسٹ ریکاڈر ؛ ٹی.وی سیٹ سے ٹیلی وژن پروگرام ریکارڈ کرنے والا آلہ جسے بعد میں دیکھا یا سنا جاسکتا ہے ۔

**video disk or videodisc,** n. وڈیوڈسک ؛ وڈیو قرص ؛ ٹیلی وژن ریکارڈنگ کا حامل پلاسٹک کا قرص ۔

**video game,** n. وڈیو گیم ؛ بصری کھیل ؛ بصری برقیاتی کھیل جو لعموم گھریلو ٹی.وی اسکرین پر دیکھا جاتا ہے ۔

**videogenic,** a. دیکھیے : Telegenic ۔

**videotape,** n. (ٹیلی وژن) بصری فیتہ ؛ وڈیو ٹیپ ؛ ایک مقناطیسی فیتہ جو ٹی وی اشارے کی مکمل تفہیم محفوظ کر لیتا ہے اور پھر ان کی نمایش بھی کر سکتا ہے ؛ تصویری پٹی ۔ دیکھیے : magnetic tape ۔ (فعل متعدی) تصویری فیتے پر محفوظ کر لینا ؛ بصری فیتے یا مقناطیسی فیتے پر ریکارڈ کر لینا ۔

**vidette,** n. دیکھیے : Vedette ۔

**vidicon,** n. (ٹیلی وژن) ایک ضیا موصل برقیاتی نلی جو مناسب مواد کی ترسیل کے لیے بصری عدسے سے تقطیع کرتی ہے ، جیسے تصویر یا خاکے کی ۔

**viduity,** n. دیکھیے : Widow-hood ۔

**vie,** v.i. برتری کے لیے کوشش کرنا یا جھگڑنا (with یا for کے ساتھ مستعمل) ۔ (فعل متعدی) (قدیم) مقابلہ کرنا یا رقابت میں پیش کرنا ؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ۔

**vier,** n. مقابلہ کرنے والا ؛ حریف ۔

**Vienna sausage,** n. ویانا کی گوشت بھری آنت ؛ پتلی جھلی اور کٹے ہوئے سرے کا فرینک فرٹر کی قسم کا ایک چھوٹا ساسیج جو اکثر بطور اشتہا آور کھایا جاتا ہے ۔

**vietminh,** a. ویت منہی ؛ ہند چینی کی اشتمالی ، قومی ، سیاسی، فوجی جماعت سے متعلق ، جس نے دوسری عالمگیر جنگ میں جاپانی حملہ آوروں سے اور پھر بعد میں فرانسیسی نو آباد کاروں سے ، ہوچی منہ نامی ایک قوم پرست اور اشتمالی رہنما کی قیادت میں جنگ کی تھی ۔ (اسم) ویت منہ کی سیاسی فوجی جماعت ۔ (جمع) اس جماعت کے ارکان اور حامی ۔

**Vietnamese,** a. ویت نامی ؛ شمالی یا جنوبی ویت نام یا ان کے باشندوں سے متعلق ۔ (اسم) شمالی یا جنوبی ویت نام کا باشندہ یا زبان ۔

**view,** n. نظارہ ؛ دیکھنے ، تکنے یا نگاہ کرنے کا عمل ؛ بصری معائنہ دیکھنے یا مشاہدہ کرنے کی قوت ؛ نظر ؛ حد بصارت ؛ وہ چیز جو دیکھی جائے یا جس کا معائنہ یا مشاہدہ کیا جائے ، جیسے کوئی منظر ، تصویر یا نظارہ ؛ کسی منظر یا کسی سین کی نمایش ؛ ذہنی جائزہ ؛ غور ؛ چیزوں کے دیکھنے کا ایک خصوصی انداز ؛ فیصلہ ؛ رائے یا طرز فکر ؛ موضوع فکر بننے یا اس طرح دیکھی جانے والی کوئی شے ؛ قصد ؛ منشا ؛ غرض ۔ (فعل متعدی) دیکھنا ؛ نظر ڈالنا ؛ جانچنا یا ملاحظہ کرنا ؛ ذہنی طور پر جائزہ لینا ؛ غور کرنا ؛ سمجھنا ۔

**in view,** نظر میں ؛ حد نظر میں ؛ زیر غور ، جیسے کوئی شے یا ہدف ۔

**in view of,** کے خیال سے ؛ بوجہ ؛ کے سبب سے ۔

**on view,** معائنے یا جانچ کے لیے کھلم کھلا پیش کیا ہوا، جیسے عوام کے سامنے ۔

**with a view to,** کے مقصد یا ارادے سے ؛ کی امید پر (جیسے : to act with a view to happiness) ۔

**viewer,** n. ناظر ؛ وہ شخص جو کوئی چیز دیکھتا ہے، خصوصاً ٹیلی وژن کے پروگرام ؛ عکاسی کی شفاف فلمیں دیکھنے کا کوئی بصری آلہ ۔

**view halloo, view hallo, view halloa,** n. (لومڑی کا شکار) وہ شور جو شکاری لومڑی کو آڑ سے نکلتے دیکھ کر مچاتے ہیں ؛ ششکار ۔

**viewless,** a. اوجھل ؛ غائب ؛ کوئی رائے یا نقطہ نظر نہ رکھنے والا ۔ (قدیم) غیرمرئی ؛ نادیدہ ۔

**viewlessly,** adv. غیرمرئی طور پر ۔

**viewpoint,** n. مؤقف ؛ رائے ، رویہ یا نقطۂ نظر ؛ زاویہ نگاہ ؛ مقام دیدبانی ۔

**viewy**, a. (بول چال) خیالی ؛ غیر عملی سوچوں والا ؛ تخیّل پرست ؛ وہمی یا خبطی یا بھڑک دار ؛ نمایشی صورت رکھنے والا ۔

**vigesimal**, a. بیستی ؛ بیس سے متعلق یا بیس پر مبنی ؛ بیسواں ؛ بیس بیس کرکے پڑھنے والا ؛ کوڑیوں میں ۔

**vigil**, n. شب بیداری ؛ عبادت شب ؛ سونے کے فطری اوقات میں کسی غرض سے جاگنا ؛ رات کے وقت یا دوسرے اوقات میں دیے جانے والا پہرہ ؛ محتاط توجّہ کا زمانہ یا طریقہ ؛ رت جگا ؛ جگار کا عرصہ یا وقت ۔ (کلیسیات) سونے کے عام اوقات کے دوران دینی پہرا یا عبادت ؛ کسی کلیسائی تیوہار سے پہلے کی شام یا دن اور رات ، خاص طور پر وہ شام جب روزہ ہوتا ہے ۔ (عموماً جمع) کوئی رات کی دینی عبادت یا رسم خصوصاً کلیسائی تیوہار سے قبل یا اس سے پہلے والی شام کو ۔

**vigilance**, n. ہوشیاری ؛ نگہبانی ؛ پہرہ ؛ شب بیداری ؛ چوکسی ۔

**vigilance committee**, n. (امریکی تاریخ) رضا کاروں کی ایک غیر سرکاری امن کمیٹی جو وہ امن قائم کرنے کے لیے اپنے طور پر بنا لیتے ہیں اور کسی جُرم یا خطا پر فوری سزا دیتے رہتے ہیں ، خاص طور پر ان مغربی علاقوں میں جہاں قانون کا اقتدار غیر تسلی بخش تھا ؛ جنوبی ریاستوں کے دہشت پسندوں کی ایک جماعت جو حبشیوں کو تشدد اور دھمکیوں سے دبائے رکھتی تھی ؛ تحفظ امن کمیٹی ؛ چوکس کمیٹی ۔

**vigilant**, a. ہوشیار ؛ چوکس ؛ خطرے سے خبردار ؛ چوکنا ؛ بیدار ؛ نگران ۔

**vigilantly**, adv. چوکسی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ بیداری سے ۔

**vigilante**, n. (امریکی تاریخ) تحفظ امن یا چوکس کمیٹی کا کوئی رُکن ۔

**vigilantism**, n. چوکسی ؛ چوکنا پن ؛ خبرداری ؛ ہوشیاری ؛ تحفظ امن ۔

**vigil light**, n. کسی بُت ، درگاہ یا یادگار پر جلائی جانے والی موم بتی یا کی جانے والی کوئی ایسی ہی روشنی ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) عبادت کی غرض سے کسی بُت یا درگاہ کے سامنے کسی عبادت گزار کی جلائی ہوئی اور عموماً جلا کر چھوڑی ہوئی موم بتی ۔

**vigintillion**, n. امریکا اور فرانس میں مستعمل ایک کے ساتھ ۶۳ صفر لگا کر حاصل ہونے والی رقم ؛ ایک ہزار نووم دیسیلین ؛ برطانیہ اور جرمنی میں دس لاکھ کا بیس گنا جو ایک پر ۱۲۰ صفر لگا کر بنتا ہے ۔

**vignette**, n. گُلکاری ؛ ایک چھوٹا سا نقش و نگار ، جیسے کتاب کے سرورق پر بنی ہوئی انگور کی پتیاں ، سوت اور انگور یا کتابوں کے شروع میں یا خاتمے پر بنے ہوئے بیل بُوٹے ؛ کوئی فوٹو، تصویر یا کندہ نقش جو محدود حاشیے میں گھرے ہوئے ہوں ؛ ایک چھوٹی شبیہہ ؛ ایک چھوٹا ادبی خاکہ ؛ سیرت کا قلمی خاکہ یا بیان ۔ (فعل متعدی) ڈھلواں پس منظر کی نصف تصویر بنانا ۔

**vignetter**, n. (عکاسی) ڈھلواں پس منظر بنانے والا طریقہ یا تصویر کے پس منظری کناروں کو دھیرے دھیرے ہلکا کرنے والا طریقہ ۔

**vignettist**, n. ڈھلواں پس منظر کی تصویر بنانے والا ۔

**vigor**, Brit. **vigour**, n. فعال جسمانی قوت یا زور ؛ جسمانی طاقت ؛ ذہنی قوت ؛ دم خم ؛ قوّت حیات ؛ حیوانی یا نباتاتی فطرت یا عمل کی قوّت ۔ (قانون) قانونی جواز یا تاثیر ؛ ہمّت ؛ قوّت ۔

**vigoroso**, a. (موسیقی) قوی ؛ ڈھب یا اسلوب میں پُرتاثیر یا پر جوش ؛ موسیقار کی ہدایت کے طور پر مستعمل ۔ (متعلق فعل) طاقت سے ؛ زور سے ۔

**vigorous**, a. قوّت حیات یا جسمانی طاقت والا ؛ مضبوط ؛ طاقت ، جوش یا جسمانی یا دماغی قوّت ظاہر کرنے یا اس سے نکلنے والا ؛ طاقتور ؛ پُرتاثیر ؛ زور دار ؛ زور آور ۔

**vigorously**, adv. طاقت سے ؛ پُرزور طریقے سے ؛ شہ زوری سے ؛ بزور ۔

**vigorousness**, n. قوت ؛ شدت ؛ سختی ؛ زور ؛ مضبوطی ؛ شہ زوری ؛ توانائی ؛ طاقتوری ۔

**viking**, n. (بڑے V سے) وائی کنگ ؛ آٹھویں اور دسویں صدی عیسوی کے درمیان یورپی ساحلوں پر حملہ کرنے والے بحری ڈاکوؤں میں سے کوئی ایک ڈاکو ۔ (چھوٹے V سے) کوئی بحری قزاق ۔

**vile**, a. نہایت برا (جیسے: vile weather) ؛ سخت ناگوار یا قابل اعتراض ؛ نفرت انگیز یا کَھلنے والا ، جیسے احساسات یا جذبات کو ؛ پاجی ؛ کمینہ ؛ ذلیل (جیسے: vile thoughts) ؛ گندی جیسے زبان ؛ کم قدر ؛ حقیر ؛ سبک ، جیسے نوعیت یا حالت میں ؛ ذلیل یا گھٹیا جیسے کام ؛ پست ؛ حقیر یا شرمناک جیسے حالت (جیسے: vile servitude) ؛ کم قدر یا کم اہم ؛ ادنی یا ہیچ ؛ بد ذات ؛ نابکار ۔

**vilely**, adv. پاجی پن سے ؛ شرمناک طور پر ؛ نامردی سے ؛ کمینگی سے ۔

**vileness**, n. بدمعاشی ؛ کمینہ پن ؛ کمینگی ؛ سفلگی ؛ نابکاری ؛ ذلت ۔

**vilify**, v.t. رسوا کرنا ؛ بدنام کرنا ؛ بگاڑنا ؛ ذلیل کرنا ؛ برا کہنا ؛ عیب لگانا ؛ کلنک لگانا ۔

**vilification**, n. رسوائی ؛ بدنامی ؛ تشہیر ؛ تذلیل ؛ بدگوئی ۔

**vilifier**, n. تشہیر کُنندہ ؛ بدگو ؛ بدنام کُنندہ ؛ رسوا کَنندہ ۔

**vilipend**, v.t. گھٹیا رائے ظاہر کرنا ؛ تحقیر کرنا ؛ حقیر گرداننا یا حقارت سے پیش آنا یا حقارت سے سوچنا یا ذکر کرنا ۔

**vill**, n. (قدیم) گاؤں ؛ دیہہ ؛ موضع ۔

**villa**, n. دیہی مسکن ؛ عموماً کچھ بڑا اور شاندار ؛ ولا ؛ دیہاتی یا مضافاتی حویلی ۔ (زیادہ تر برطانوی) متوسط درجے کا مضافاتی مکان ۔

**villadom**, n. (برطانوی) مضافاتی ولا اور مضافاتی سماج ۔

**village**, n. دیہہ ؛ گاؤں ؛ موضع ؛ دیہاتی علاقے میں گھروں کا ایک چھوٹا سا مجموعہ جو ولا سے بڑا اور قصبے سے چھوٹا ہوتا ہے ؛ کوئی میونسپل کارپوریشن ، جیسے امریکا کے بعض حصوں میں ؛ بحیثیت مجموعی دیہاتی باشندے ؛ مویشیوں کے باڑوں کا مجموعہ ؛ قریہ ؛ بستی ؛ گرام ؛ دہقان ۔

**villager**, n. دیہاتی باشندہ ؛ گنوار ؛ گاؤں والا ؛ دہقانی ۔

**villagery,** n. دیہاتی پن ؛ گنوار پن۔

**villain,** n. ویلن ؛ بدمعاش ؛ زرعی غلام ؛ لچّا ؛ غنڈا ؛ شریر ؛ خراب یا مضرت رساں انسان ؛ کسی ادبی تخلیق کے پلاٹ میں برے مخالف کا کردار ادا کرنے والا کردار۔

**villainess,** n. بجوڑی ؛ شیطان کی خالہ ؛ ویلن کی مونث۔

**villainous,** a. کسی بدمعاش کا سا کردار رکھنے والا ؛ بدمعاش سے متعلق یا اس کے مطابق ؛ شریر ؛ مُفسد۔ (مجازاً) ناپسندیدہ (جیسے: villainous weather)۔

**villainously,** adv. بدمعاشی سے ؛ پاجی پن سے ؛ خراب طریقے سے۔

**villainousness,** n. پاجی پن ؛ بدمعاشی ؛ شر انگیزی۔

**villainy,** n. بدمعاشی ؛ پاجی پن ؛ ذلالت ؛ کمینگی ؛ سفلہ پن۔

**villanella,** n. ساز کے بغیر گایا جانے والا دیہاتی اطالوی گیت کا حصہ۔

**villanelle,** n. معینہ ہیئت کی ایک چھوٹی سی نظم جس میں عموماً پانچ مثلث اور ایک آخری مربع ہوتا ہے اور یوں ملا کر ۱۹ مصرعے ہوتے ہیں لیکن قافیے صرف دو ہوتے ہیں۔

**villatic,** a. دیہاتی ؛ دیہی ؛ گاؤں یا کھیت سے متعلق۔

**villein, villain,** n. جاگیردار طبقے کا ایک شخص جو اپنے آقا کی تو غلامی کرتا تھا لیکن دوسرے تمام لوگوں میں آزاد انسانوں کے حقوق رکھتا تھا ؛ زرعی غلام۔

**villeinage, villainage,** n. زرعی غلامی ؛ آقا کی خوشنودی سے زرعی غلاموں کا اراضی پر حقِ لگان داری؛ زرعی غلام کی حیثیت ، حالت یا طبقہ۔

**villiform,** a. پشم نما ؛ مخملی ؛ روئیں دار ؛ مخمل صورت ؛ ایسی شکل کا اور پاس پاس جڑا ہوا کہ مخمل یا فلالین کے روئیں سے مشابہ ہو ، جیسے بعض مچھلیوں کے دانت۔

**villosity,** n. روئیں داری ؛ روئیں دار سطح یا تہ ؛ بہت سے ملے ہوئے روئیں ؛ روؤں کا گچھا۔

**villous, villose,** a. (حیاتیات) روئیں دار ؛ مُودار ؛ مخملی ؛ باریک بالوں یا روؤں سے ڈھکی ہوئی سطح رکھنے والا ؛ بال دار ؛ پشم دار ؛ جھبرا۔

**villously,** adv. روئیں دار کی طرح سے ؛ پشم داری کے انداز سے۔

**villus,** n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) رُواں ؛ نرم مُو ؛ بعض جانوروں کی انتڑیوں کی جھلی پر بالوں جیسے باریک باریک روئیں جہاں وہ غذا جذب کرنے کا کام کرتے ہیں۔ (نباتیات) خملہ ؛ پھلوں ، پھولوں اوربعض دوسرے پودوں پر اُگنے والے نرم، لمبے اور سیدھے بالوں جیسے روئیں ؛ غدّہ خشخاشی۔

**vim,** n. زور ؛ توانائی ؛ رُوح ؛ طاقت ؛ قوت حیات ؛ برزور جوش ؛ طراری۔

**vimineous,** a. ٹہنیوں سے بنا ہوا یا ان پر مشتمل۔ (نباتیات) لمبی اور لچکیلی شاخوں اور ٹہنیوں کا یا ان سے مشابہ ؛ کثیر قمچیہ ؛ قمچی دار ؛ ٹہنی دار۔

**vimpa,** n. (رومی کیتھولک کلیسا) ایک ریشمی پوشش جو عصا اور اسقفی کلاہ لیے ہوئے گرجا کا خادم پاپائی عشائے ربانی کی رسم کے دوران کندھے پر ڈال لیتا ہے۔

**vina,** n. [اردو ، ہندی] وینا ؛ برصغیر کا ایک ساز جس میں سات‌تار ، دوتونبوں پر قائم لمبے بانس کے گھنڈی دار تختے پر کھنچے ہوتے ہیں۔

**vinaceous,** a. انگوری ؛ انگوروں یا انگوری شراب سے تعلق رکھنے والا ؛ سرخ شرابی رنگ کا۔

**vinaigrette, vinegarette,** n. لخلخہ ؛ خوشبودار سرکے یا سونگھنے والے نمکیات رکھنے کی شیشی یا چھوٹا سا ڈبا ؛ کافوری سرکے کی شیشی۔ (صفت) سرکے کی چٹنی کے ساتھ کھائے جانے والا (کھانا)۔

**vinaigrette sauce,** n. سرکے ، تیل اور دوسرے مسالوں سے بنی ہوئی چٹنی جو ٹھنڈی مچھلی اور گوشت کے ساتھ پیش کی جاتی ہے۔

**vinca,** n. (نباتیات) ونکا ؛ گل تلگرافی۔ (حیوانیات) ایک قسم کا گھونگا۔

**Vincentian,** a. (رومی کیتھولک کلیسا) ونسنٹی ؛ سینٹ ونسنٹ ڈی پال یا کانگری گیشن آف دی مشن سے متعلق جو فرانس میں ۱۶۲۵ء میں قائم کیا گیا تھا۔ (اسم) اس تنظیم کا کوئی رکن۔ نیز : Lazarist۔

**Vincent's angina,**
**Vincent infection, trench mouth,** n. (امراضیات) ونسنٹ درد گلو ؛ حلقوم کے غدودوں ، منھ کے فرش اور خاص طور سے مسوڑھوں کی سخت سوجن اور سرخی جس میں جلن ، ورم ، بخار اور بخار کی دوسری علامات شامل ہوتی ہیں ، جن سے اکثر مسوڑھے خراب ہو جاتے ہیں اور دانت گر جاتے ہیں۔

**vincible,** a. تسخیر پذیر ؛ مفتوح یا مغلوب ہونے کے قابل ؛ قابل تسخیر ؛ قابل فتح۔

**vincibility, vincibleness,** n. تسخیر پذیری ؛ مفتوح ہونے کی حالت ؛ تسخیر ؛ فتح۔

**vinculum,** n. وتری بند ؛ اتحادی تعلق ؛ میل۔ (ریاضی) دو یا دو سے زیادہ مقداروں پر کھینچا جانے والا خط جو ان کو ملا کر ایک بنا دیتا ہے جیسے الف + ب ؛ خط اشتراک ؛ خط وحدتی ؛ خط ترازی۔

**vindicate,** v.t. الزامات سے بری کرنا یا شبہات یا گناہ سے پاک کر دینا ؛ صحیح ثابت کرنا یا تائید کرنا ، جیسے کوئی قانونی اقدام ؛ صحیح یا جائز ثابت کرنا ، جیسے کوئی دعویٰ ؛ انکار ؛ ملامت یا اعتراضات کے خلاف حمایت کرنا ، درست قرار دینا یا دفاع کرنا ؛ بول بالا کرنا ؛ لاج رکھنا ؛ منوا لینا ؛ بے داغ ثابت کرنا۔ (متروک) بدلہ دینا ، چھوڑ دینا یا آزاد کر دینا۔

**vindicable,** a. قابل حمایت ؛ قابل تائید۔

**vindication,** n. برأت ؛ ثبوت ؛ حمایت ؛ بریت۔

**vindicator,** n. حمایت کار ؛ حمایتی ؛ ثابت کرنے والا۔

**vindicatory, vindicative,** a. حمایتی ؛ حمایت کا ؛ بریت کا ؛ ثابت کنندہ ؛ تائید کنندہ ؛ بریت ثابت کرنے والا ؛ تعزیری۔

**vindictive, vindicative,** a. کینہ پرور ؛ انتقامی ؛ بدلہ لینے والا ؛ کینہ ورانہ ؛ انتقام جو ؛ کینہ ور ؛ کینہ باز ؛ کینہ پرورانہ۔

**vindictively,** adv. کینہ وری سے ؛ کینہ پروری سے ؛ انتقاماً۔

**vindictiveness,** n. انتقام جوئی ؛ کینہ پروری ؛ بغض ؛ کینہ وری ۔

**vine,** n. رز ؛ بیل ؛ تاک ؛ لمبے اور نازک تنے کا کوئی پودا جو زمین پر پھیل جاتا ہے یا کسی کھمبے وغیرہ کے گرد لپٹ کر یا اپنے ریشوں اور تانتوں سے اسے مضبوطی کے ساتھ پکڑ کر اوپر چڑھتا ہے ؛ ایسے پودے کا تنا ؛ انگور کی بیل خصوصاً عام یورپی نسل (Vitis vinifera) کی جو عام طور سے شرابی انگور کے نام سے مشہور ہے ۔

**vinedresser,** n. مالی ؛ وہ شخص جو بیل کو چھانٹتا ، صاف رکھتا ، قلم کرتا یا اگاتا ہے ، خصوصاً انگور کی بیلوں کو ۔

**vinegar,** n. سرکہ ؛ پھلوں کو سڑا کر حاصل ہونے والا خوردنی تیزاب ۔ (طب) ہلکا ایسٹک ایسڈ ؛ مزاج کی ترشی ؛ کڑوا پن ۔ (عوامی) جوش حیات ؛ توانائی ۔

**vinegareel, vinegar worm,** n. خیطہ سرکہ ؛ کرم سرکہ ؛ ایک ننھا سا خیطیہ جو سرکے اور ایسے ہی تخمیری مادے میں پایا جاتا ہے ۔

**vinegaroon, vinegerone,** n. سرکہ بچھو ؛ ایک بڑا جھینٹے والا بچھو جو جنوبی امریکا اور میکسیکو میں پایا جاتا ہے اور خطرے کے وقت سرکے کی سی بُو چھوڑتا ہے ۔

**vinegary, vinegarish,** a. سرکا سا ؛ ترش ؛ سرکے کی سی کیفیت کا یا سرکے سے مشابہ ؛ مزاج یا اطوار کے لحاظ سے سرکے کی طرح ترش ؛ ترش خو ؛ بدمزاج ۔

**vinery,** n. تاک خانہ ؛ تاک گھر ؛ ایک قسم کا پودخانہ ، جہاں بیلیں،خصوصاً انگوری بیلیں مصنوعی گرمی سے اگائی جاتی ہیں ؛ بیلیں ۔

**vineyard,** n. باغ انگور ؛ تاکستان ؛ انگور کی بیلوں کا باغ خصوصاً شرابی انگور کی بیلوں کے اگانے کی جگہ ۔ (مجازاً) مذہبی تبلیغی جماعت کے کام یا کسی ایسے ہی روحانی کام کا میدان ۔

**vineyardist,** n. تاک پرور ؛ وہ شخص جو انگوری باغ سے متعلق ہو ۔

**vingt-et-un,** n. (تاش) اکیسی ؛ ایک کھیل جس میں ہر کھلاڑی کوشش کرتا ہے کہ بانٹنے والے سے اتنے پتے حاصل کرے جن کی بندیاں مل کر اکیس ہوں ۔

**vinic,** a. شراب کا ؛ شراب سے متعلق یا شراب میں پایا جانے والا یا شراب سے نکلا ہوا ۔

**viniculture, viticulture,** n. تاک پروری ؛ بیلوں خصوصاً انگور کی بیلوں کی کاشت (شراب کی کشید کے لیے) ؛ شراب سازی ۔

**vinicultural,** a. تاک پرورانہ ۔

**viniculturist,** n. تاک پرور ؛ شراب ساز ۔

**viniferous,** a. قابل کشید ؛ لائق شراب سازی ۔

**vino,** n. (بول چال) شراب ۔

**vinous,** a. شراب کا یا اس سے مشابہ ؛ الکوحلی ؛ شراب کی خاصیت رکھنے والا ؛ شراب سے متعلق یا شراب جیسا ؛ مے نوشی سے پیدا شدہ ؛ مے نوشی ظاہر کرنے والا یا مے نوشی کا عادی ؛ شراب رنگ ؛ خصوصاً سرخی کی مختلف رنگتیں ؛ انگوری شراب کا ؛ عنابی رنگ کا ۔

**vinosity,** n. الکوحلیت ؛ شراب سے مشابہ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

**vintage,** n. فصل انگور ؛ قطاف ؛ ایک فصل میں پیدا ہونے والے انگوروں کی مجموعی مقدار یا شراب ؛ کسی اعلیٰ فصل کی پیداوار سے حاصل ہونے والی اعلیٰ درجے کی شراب ؛ انگوروں کی فصل کی جمع آوری ؛ عہد ماضی کے کسی مشہور شخص یا شے کی کوئی قسم (جیسے : a dance of jazz-age vintage) ۔

**vintage,** a. شراب ، خاص طور پر کسی مخصوص شراب سے متعلق یا شراب سازی کے کسی موسم سے متعلق ۔ (مجازاً) کسی عہد ، زمانے یا ساخت وغیرہ سے متعلق (جیسے : a vintage automobile) ۔

**vintager,** n. انگور کی فصل توڑنے والا ۔

**vintage year,** n. کسی خاص شراب سازی کا سال ؛ نمایاں کامیابی کا کوئی سال ۔

**vintner,** n. (زیادہ تر برطانوی) مے فروش ؛ شراب کا سوداگر ۔

**viny,** a. تاکی ؛ انگور کی بیل سے مشابہ یا متعلق یا انگور کی بیلوں کی خاصیت رکھنے والا (جیسے : a viny area) ؛ انگور کی بیلوں کا (علاقہ) ۔

**vinyl,** n. (کیمیا) بہت سے نامیاتی مرکبات میں شامل یک گرفتی بنیادی اصلیہ (جیسے : the vinyl resin) ؛ ان رالوں سے بننے والا ایک قسم کا پلاسٹک ۔

**vinylidene,** n. (کیمیا) ایک دو گرفتی بنیادی جزو جو ایتھیلین سے حاصل ہوتا ہے ؛ وینی لیڈین ؛ وینی لیڈین رال ۔

**vinylidene resin, Vinylite,** n. وینی لائٹ ؛حر ملائم رالوں کے گروہ کا کوئی ایک رکن جو دو گرفتی اصلیے کی کثیر ترکیبی سے حاصل ہوتا ہے اور ڈھالی جانے والی اشیا میں استعمال ہوتا ہے ۔

**vinyl resin,** n. وینائل رال ؛ ایک حر ملائم رال جو خاص طور سے کثیر ترکیبی وینائل مرکبات سے حاصل ہوتا ہے ۔

**viol,** n. سارنگی ؛ رباب ؛ قرون وسطیٰ کا عموماً پانچ سے سات تاروں والا ساز جس سے جدید وائلن بنایا گیا ہے ۔

**viola,** n. [اطالوی] ایک ساز یا باجا جو بیلے سے مشابہ ہوتا ہے لیکن اس سے قدرے بڑا ہوتا ہے جس کے تاروں سے گنجیلی آواز نکلتی ہے ؛ ایک قسم کی بڑی ولایتی سارنگی جس سے تاروں جیسے سُر نکلتے ہیں ؛ وایولا ۔

**violist,** n. قدیم بیلا بجانے والا ؛ وایولانواز ۔

**viola,** n. وایولا نسل کا پودا ، جس میں بنفشہ بھی شامل ہے ، خاص طور پر چھوٹے اور رنگ برنگ پھولوں والا پودا جس کی کاشت کی جاتی ہے ۔

**violable,** a. قابل فسخ ؛ فسخ پذیر ؛ جو توڑا جا سکے ۔

**violability, violableness,** n. فسخ پذیری ۔

**violably,** adv. حالت فسخ ؛ فسخ کرتے ہوئے ۔

**violaceous,** a. (نباتیات) بنفشے کی قسم سے متعلق ؛ بنفشئی ۔

**viola da braccio,** n. وایول کی قسم کا قدیم ساز جو کندھے پر رکھ کر بجایا جاتا تھا اور جس کی جگہ جدید وایولا نے لے لی ہے ۔

**viola da gamba,** n. وایول کی قسم کا ایک قدیم باجا جو گھٹنوں پر یا گھٹنوں کے درمیان رکھ کر بجایا جاتا تھا اور جس کی جگہ جدید وائلن چیلو نے لے لی ہے ؛ پیتل کی ایک سارنگی ؛ وایولاڈا گیمبا سے مشابہ آواز والا کوئی ساز ۔

**viola d'amore,** n. ایک وایول جس میں گز پھیرنے والے خمیدہ تاروں کے نیچے ذیلی تار ہوتے ہیں ، جن سے مدھم سروں کا سب سے

اونچا سر نکلتا ہے۔

**violate,** v.t. خلاف ورزی کرنا ؛ زبردستی دخل دینا ؛ خلل ڈالنا ؛ ہتک حرمت کرنا ؛ بے ادبی کرنا ؛ عصمت دری کرنا ؛ زنا یا زنا بالجبر کرنا ؛ نقصان پہنچانا ؛ ناجائز دست درازی کرنا ؛ توڑنا۔

**violative,** a. خلاف ورزی کرنے والا ؛ توڑنے والا۔

**violator,** n. خلاف ورزی کرنے والا۔

**violation,** n. خلاف ورزی ؛ خلاف ورزی کرنے یا توڑنے کا عمل ؛ توڑے جانے کی حالت ؛ ہتک حرمت یا بے ادبی ؛ خلل اندازی یا بے جا مداخلت ؛ زنا بالجبر ؛ عصمت دری۔

**violence,** n. تشدد ؛ شدت ؛ تندی ؛ تشدد یا نقصان دہ برتاؤ ؛ قوت یا طاقت کا ناجائز استعمال ؛ تشدد کا عمل ؛ بیان و جذبات کی غیر معیاری شدت ؛ مواد ، معنی یا منشا کی تحریف یا غلط نمائی۔

**violent,** a. تند ؛ تیز ؛ شدید ؛ شدید جسمانی قوت سے متعلق ؛ سخت تباہ کن قوت رکھنے والا یا اس سے پیدا شدہ ؛ قوت یا تاثیر کی شدت رکھنے والا (جیسے : a violent cough ) ؛ سخت جذباتی یا ذہنی قوت سے پیدا ہونے والا یا اس سے متعلق ؛ ناگہانی شدید قوت (جیسے : a violent rush ) ؛ غلط ترجمانی یا توڑ مروڑ کرنے والا۔

**violently,** adv. شدت سے ؛ تندی سے ؛ تشدد سے ؛ نہایت زور سے ؛ بہ سختی۔

**violet,** n. بنفشہ ؛ بنفشئ رنگ ؛ وایولا کی قسم کی ایک بوٹی جو خاص طور پر نیچی اور تنے کے بغیر ہوتی ہے اور جس میں نیلے، ارغوانی، زرد، سفید اور رنگ برنگے پھول لگتے ہیں ؛ ایک عام خوشبودار قسم کاپھول :ترنگا پینزی ، جس کے پھول اکثر رنگ برنگے ہوتے ہیں ؛ نیلاہٹ لیے ہوئے ارغوانی رنگ۔ (صفت) بنفشئ رنگ کا ؛ نیلاہٹ لیے ہوئے۔

**violet ray,** n. بصری طیف کی خرد ترین کرن جس سے بنفشی رنگ پیدا ہوتا ہے ؛ بنفشی شعاع۔

**violin,** n. وائلن ؛ بیلا ؛ ولایتی سارنگی ؛ لکڑی کا ایک تہرا ساز جس کے کھوکھلے جسم پر ایک کھونٹی کے ذریعے چار تار کسے ہوتے ہیں اور جو ٹھوڑی کے نیچے اور کندھے پر رکھ کر ایک گز سے بجایا جاتا ہے۔

**violinist,** n. وائلن نواز ؛ بیلا نواز۔

**violoncello,** n. وائلن چیلو ؛ ایک قسم کا بیلا جسے گھٹنوں میں دبا کر بجاتے ہیں۔

**violoncellist,** n. وائلن چیلو نواز۔

**viosterol,** n. حیاتین 'د' کا مرکب جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے اور تیل میں اشعاع شدہ ارگوسٹرول حل کر کے تیار کیا جاتا ہے۔

**viper,** n. ناگ ؛ افعی ؛ قدیم دنیا کا کوئی سا زہریلا سانپ خاص طور سے عام افعی ؛ کوئی سا زہریلا سانپ یا کوئی سانپ جو زہریلا مشہور ہو ؛ ایک بدباطن یا کینہ پرور شخص ؛ مرد موذی۔

**viperine, viperish, viperous,** a. افعی جیسا ؛ افعی صورت ؛ افعی کا ؛ موذی ؛ خبیث ؛ دغا باز ؛ افعی سیرت ؛ کینہ توز ؛ ظالم۔

**viperously,** adv. افعی کے انداز میں ؛ کینہ توزی سے۔

**viper's bugloss, blueweed,** n. سپستان ؛ نیلی جھاڑی ؛ ایک کٹیلا پودا جس میں ہلکی گلابی رنگ کی کلیاں اور شوخ نیلے پھول کھلتے ہیں۔

**virago,** n. شیر زن ؛ مرد صفت عورت ؛ دلیر مردانی عورت ؛ لڑاکا عورت ؛ چڑچڑی عورت۔ (قدیم) ایک غیر معمولی طور پر بڑی عورت جس میں طاقت اور ہمت ہوتی ہے۔

**viral,** a. زہریلے مادے کا ؛ زہریلے مادے سے متعلق یا سمی مادے کا یا اس کے زیر اثر ؛ سم آلود ؛ وائرس سے متعلق۔

**virely, virelai,** n. ایک قسم کی قدیم فرانسیسی مختصر نظم جس کے ہر بند میں صرف دو مصرعے ہم قافیہ ہوں اور جس کے دو ابتدائی مصرعے وقفے وقفے سے دہرائے جائیں ؛ بہت سی ایسی ہی یا دوسری شکل کی نظموں میں سے کوئی ایک نظم۔

**vireo, greenlet,** n. سبز سہرہ ؛ سبز چڑیا ؛ امریکا کا ایک چھوٹا کرم خور پرندہ جس کے پروبال کم و بیش زیتونی اور ہرے رنگ کے ہوتے ہیں ؛ ویریو۔

**vireonine,** a., n. ویریونائن ؛ ویریوکا ؛ ویریو سے متعلق ؛ ویریو سے مشابہ پرند ؛ سبز رنگا۔

**virescence,** n. ہرا پن ؛ سبزی پن ؛ سبزی مائل ہونے کا عمل یا حالت۔ (نباتیات) پودوں کے ان حصوں کا ہرا پن جو عام طور پر ہرے نہیں ہوتے لیکن کلوروفل کی موجودگی سے،جو عام طور پر ان میں نہیں ہوتی، یہ ہرے ہو جاتے ہیں ؛ غیر طبعی سبزی۔

**virescent,** a. سبزی مائل ؛ دھانی ؛ غیر طبعی طور پر ہرا ہو جانے والا ؛ غیر معمولی سبز۔

**virga,** n. (موسمیات) بادلوں سے تقاطر کی دھاریاں جو زمین تک پہنچنے سے پہلے ہی بھاپ بن کر اڑ جاتی ہیں۔

**virgate,** a. راست ؛ چھڑیلا ؛ ڈنڈے یا عصا کی شکل کا ؛ سیدھا اور پتلا۔ (نباتیات) بے شمار چھوٹی چھوٹی ٹہنیوں والا۔

**virgate,** n. زمین کی پیمایش کی ایک قدیم انگریزی اکائی جو رقبے میں تقریباً تیس ایکڑ کے برابر ہوتی تھی۔

**virgin,** n. عفیفہ ؛ دوشیزہ ؛ عذرا ؛ کنیا ؛ باکرہ ؛ لڑکی یا جوان عورت جس سے ابھی تک مباشرت نہ کی گئی ہو ؛ اچھوتی عورت ؛ کنواری ؛ ناکتخدا ؛ مادہ جانور جس سے ابھی جفتی نہ کی گئی ہو۔ (حشریات) مادہ کیڑا جو نر کی جفتی کے بغیر انڈے دے۔ (نجوم ، فلکیات) سنبلہ ؛ کنیا ؛ منطقة البروج کے چھٹے برج کا نام۔ (کلیسیات) کنواری ؛ غیر شادی شدہ ؛ مذہبی عورت جس نے کنواری رہنے کا عہد کیا ہو۔ (بڑے V سے) (کلیسیات) حضرت عیسیٰ کی والدہ جناب مریم جن کے نام سے پہلے عموماً the برائے اسم معرفہ لگایا جاتا ہے۔ نیز : Blessed Virgin, Virgin Mary ۔ (صفت) کنواری سے متعلق ؛ کنواریوں کا سا ؛ کنواریوں پر مشتمل ؛ دوشیزگانہ ؛ کورا ؛ اچھوتا ؛ بے داغ ؛ خالص یا اصلی و فطری حالت میں ؛ غیر مستعمل یا بے جُتا ؛ غیر عمل شدہ ؛ پہلی بار وقوع پذیر (جیسے : his virgin speech ) ؛ پہلی داب میں نکلا ہوا جیسے زیتون کا تیل ؛ گرمی کی مدد کے بغیر ؛ براہ راست کان سے نکلا ہوا ؛ پگھلاؤ سے پہلے۔

**virginal,** a. کنواری کا ؛ کنوار پنے کا ؛ باکرانہ ؛ دوشیزگانہ۔

**virginally,** adv. کنواریوں کی طرح سے۔

**virginal,** n. (اکثر جمع) ایک طرح کا بے پایوں کا مضراب سے بجنے والا ساز جو میز پر رکھ کر بجایا جاتا تھا اور جس کا

سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں بہت رواج تھا ۔

**virgin birth, n.** (الٰہیات) یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ کا ان کی کنواری ماں حضرت مریم کو معجزاتی طور پر حمل رہ گیا اور وہ عام ولادت کے برعکس پیدا ہوئے ؛ باکرہ زائی ؛ عقیدہ معصومیت مریم ۔ (حیوانیات) خود زائی ؛ نر اور مادہ کے بغیر پیدائش ۔

**Virginia cowslip, Virginia bluebell, n.** ورجینی نیلی جرس ؛ ایک سدا بہار بوٹی جو شمالی امریکا کے مشرقی حصے میں پائی جاتی ہے اور جس میں نیلے آرایشی پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

**Virginia creeper, American ivy, woodbine, n.** ورجینی بیل ؛ شمالی امریکا کی بڑے پتوں کی ایک انگوری بیل جو آرایش کے لیے لگائی جاتی ہے ؛ ورجینیا بیل ، جس کے ہتھیلی نما پتوں میں پانچ چھوٹی چھوٹی پتیاں ہوتی ہیں اور جس میں گہرے اودے رنگ کی بیریاں لگتی ہیں ۔

**Virginia fence, Virginia railfence, wormfence, n.** سانپ روک جنگلا ؛ سانپ نما جنگلا ؛ ورجینی جنگلا ۔

**Virginia reel, n.** امریکا کا ایک دیہاتی رقص جس کے شرکا دو قطاروں میں ایک دوسرے کے بالمقابل ہو کر ، نگران کی ہدایت کے مطابق ، کئی طرح کا رقص کرتے ہیں ۔

**virginity, n.** بکارت ؛ دوشیزگی ؛ کنوار پن ؛ کنوار پت ؛ خالص ، غیرمستعمل ، اچھوتی وغیرہ ہونے کی حالت ۔

**virginium, n.** (کیمیا) ورجینیم ؛ ایک عنصر کا قدیم نام جو آج کل فرنیشیم (Francium) کے نام سے مشہور ہے ۔

**Virgin Mary, n.** مریم عذرا ؛ حضرت عیسیٰ کی والدہ حضرت مریم جن کے نام سے پہلے عموماً انگریزی کا لفظ the لکھا جاتا ہے ۔

**virgin's-bower, n.** تلسی کی مختلف بیلوں میں سے کوئی ایک بیل جس میں چھوٹے چھوٹے سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

**virgin wool, n.** غیر معمولہ ، غیر عمل شدہ اون ؛ وہ اون جو ابھی تیار کیا جانے والا ہو ؛ کچّا اون ۔

**virgulate, a.** ساق نما ؛ چھڑیلا ؛ ڈنڈے کی شکل کا ؛ ورگیٹ ؛ سیدھا اور کھڑا ۔

**virgule, n.** ترچھی لکیر ؛ ایک ترچھی لکیر جو دو متبادل ظاہر کرے (جیسے : and/or) ؛ لفظ ''فی'' (per) کی جگہ جیسے (۵۰ سینٹ/پونڈ) ؛ کسر یا تاریخ کے اظہار کے لیے یا نظم کی تقطیع کے لیے ۔

**viricide, virucide, n.** ورسی کُش ؛ سمیات کُش ؛ سمّی مادے کے اثرات رفع کرنے والا ۔

**viricidal, a.** قاطع سمیات ۔

**virid, a.** سبز ؛ شوخ سبز خاص طور سے نباتات کا سبز (رنگ) ۔

**viridescent, a.** قدرے سبز ؛ سبزی مائل ۔

**viridescence, n.** شادابی ؛ تازگی ؛ سرسبزی ؛ ہراپن ؛ سبزی ۔

**viridian, n.** فیروزی رنگ ؛ نیلگوں سبز رنگ جو آبی کرومیم آکسائڈ پر مشتمل ہوتا ہے ۔

**viridity, n.** ہرا پن ؛ ہریالی ؛ سرسبزی ؛ شادابی ؛ سبزی ؛ ہریاول ۔

**virile, a.** مردانہ ؛ مرد کی خصوصیت یا اس سے متعلق ؛ مردانہ قوت یا رجولیت رکھنے یا ظاہر کرنے والا ؛ قوی رجولیت والا ؛ بچہ پیدا کرنے کے قابل ؛ تناسل سے متعلق ؛ قوی الباہ ؛ رجولیتی ۔

**virility, n.** قوت مردمی ؛ رجولیت ؛ مردانہ قوت رکھنے کی حالت ؛ مردانہ پن ؛ قوت تولید ؛ قوت باہ ؛ مردانگی ۔

**virilism, n.** مردیت زن ؛ نریت ؛ مادہ کے بڑھاپے میں نر کی بعض ثانوی خصوصیات جیسے چہرے پر بالوں کی پیدایش کی بیماری ؛ نر بننے کی بیماری ۔

**virion, n.** وائرین ؛ مکمل طور پر متعدّی وائرسی ذرّہ ۔

**virology, n.** سمیات ؛ سمی مادوں اور زہروں سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے متعلق علم کا شعبہ ۔

**virological, a.** سمیاتی ؛ سمی مادوں اور ان سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے شعبۂ علم سے متعلق ۔

**virologist, n.** ماہر سمیات ؛ سمی مادوں سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا ماہر ۔

**virosis, n.** سمیاتی مرض ؛ ورسی مرض ؛ کسی سمی مادے کی بنا پر پیدا ہونے والی بیماری ۔

**virtu, vertu, n.** عجائبات ؛ ذوق فنون ؛ فنی اشیا کی وہ خوبی جو فنون لطیفہ کا ذوق رکھنے والے اصحاب کو اپنی طرف مائل کرتی ہے (جیسے : articles of virtu) ؛ بطور مجموعی اس قسم کی جملہ اشیا ؛ ایسی اشیا کا علم یا ذوق ۔

**virtual, a.** معنوی ؛ واقعی ؛ فی الواقع ؛ اصلی ؛ نتیجے میں اصلی کے مساوی (جیسے : a virtual denial of a statement) ۔

**virtuality, n.** معنویت ؛ اصلیت ؛ واقعیت ؛ فی الواقع ہونے کی حالت ۔

**virtual focus, n.** (بصریات) مجازی ماسکہ ؛ وہ نکتہ جس سے روشنی کی کرنیں بکھرتی معلوم ہوتی ہیں ، جیسے کسی ہموار آئینے پر روشنی کے مرکز کا عکس ۔

**virtual image, n.** (بصریات) مجازی شبیہہ ؛ ان مجازی ماسکوں سے بننے والی شبیہہ جن سے انعکاسی یا انعطافی روشنی کی کرنیں باہر نکلتی ہوئی دکھائی دیں ، جیسے مسطح آئینے پر کسی چیز کا عکس ۔

**virtually, adv.** فی الواقع ؛ فی الحقیقت ؛ اصل میں ؛ معناً ؛ حقیقی طرح سے ؛ تقریباً مکمل طور پر (جیسے : The movie was virtually successful) ۔

**virtue, n.** نیکی ؛ اخلاقی امتیاز یا اچھائی ؛ عمل کی اخلاقی قوانین سے مطابقت ؛ راستبازی ؛ پرہیز گاری ؛ عصمت (خصوصاً عورتوں میں) ؛ عفت ؛ خصوصی اخلاقی امتیاز (جیسے : one of the cardinal or theological virtues) ؛ کوئی قابل تعریف صفت یا وصف ؛ کوئی خوبی ؛ قوت اثر یا تاثیر ؛ صلاحیت ۔ (جمع ، الٰہیات) فرشتوں کا ایک طبقہ ۔ (قدیم) مردانہ جوہر ؛ مردانگی ۔

**by virtue of, in virtue of,** قوت ، طاقت یا اختیار سے ؛ بموجب ؛ بہ سبب ؛ ازروئے ؛ بذریعہ ؛ بوجہ ۔

**make a virtue of necessitv.** مجبوری کو نیکی بنا لینا ؛ ایک ناخوشگوار فرض کو مجبوراً بجا لانا یہ سوچتے ہوئے کہ اس سے شاید کوئی اتفاقیہ فائدے حاصل ہوں ۔

**virtueless, a.** خوبی سے خالی ؛ بے تاثیر ؛ بے فیض ۔

**virtuosity,** فن شناسی ؛ فن شناس ہونے کی خوبی ؛ فنون لطیفہ کا ذوق ۔

**virtuoso,** n. اہل ہنر ؛ ماہر فن ؛ وہ شخص جو کسی شعبے میں خصوصی علم یا مہارت رکھتا ہو جیسے موسیقی میں ؛ وہ شخص جو موسیقی کے فن یا عمل میں امتیاز حاصل کر لیتا ہے ؛ وہ شخص جس نے کسی فن کے مظاہرے یا کسی فنی خوبی کو سراہنے اور اس سے لطف اندوز ہونے کا ذوق پیدا کر لیا ہو ؛ فن پارے ، نوادرات یا فنی اشیا جمع کرنے والا ـ (صفت) فن کا رسیا ؛ فن کا ذوق رکھنے والا ؛ صاحب ذوق ؛ فن کو سراہنے والا ـ

**virtuosic,** a. ماہر فن ؛ فن شناس ؛ فن کا ذوق رکھنے والا ـ

**virtuous,** a. پابند اخلاقیات ؛ نیک ؛ صالح ؛ نیکو کار ؛ بااخلاق ؛ پرہیز گار ؛ پارسا ؛ نیک طینت یا نیک خو ـ (قدیم) باصلاحیت ؛ موثر ـ

**virtuously,** adv. نیکی سے ؛ اخلاقاً ـ

**virtuousness,** n. نیک کرداری ؛ پاکدامنی کی حالت ؛ نیک ہونے کی حالت ؛ نیکو کاری ؛ نیک خوئی ؛ نیکی ـ

**virucide, viricide,** n سم ربا ؛ سم کش ؛ فاد زہر ؛ سمی مادوں کے اثرات زائل کرنے یا دور کرنے کا اہل ؛ زہریلے اثرات مٹانے والا کوئی عامل ؛ وائرس ختم کرنے والی کوئی دوا یا شے ؛ تریاق ؛ زہر مہرہ ـ

**virucidal, viricidal,** a. کسی فاد زہر سے متعلق ـ

**virulence, virulency,** n. سمیت ؛ زہریلے ہونے کی صفت ؛ زہریلی تاثیر ـ (جرثومیات) زہریلا پن ؛ بیماری پیدا کرنے کی جراثیمی صلاحیت ـ

**virulent,** a. سخت زہریلا ؛ سمی ؛ مضرت رساں یا مہلک (جیسے : a virulent snake bite ) ؛ زندگی کے لیے شدید طور پر مضر ؛ دشمنی میں شدید ـ (طب) شدید مضر صحت ؛ سخت زہریلا یا متعدی ـ (جرثومیات) بیماری پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ، جیسے کوئی جرثومہ ـ

**virulently,** adv. زہریلے پن کی حد تک ؛ زہریلے پن سے ؛ تلخی یا شدت سے ـ

**virus,** n. وائرس ؛ بس ؛ سمیہ ؛ وہ زیر خردبینی ، تقطیر پذیر ، مرض زا جرثومے جو زندگی کی تمام اشکال میں بیماریاں پیدا کرتے ہیں اور جانداروں کے زندہ خلیوں کی بدولت پروان چڑھتے اور اپنی نسل بڑھاتے ہیں ، جنھیں یا تو زندہ سمجھا جاتا ہے یا ایسی نواتی لحمیاتی اکائیاں سمجھا جاتا ہے جو عام طور پر باریک سے باریک چھلنیوں سے بھی گزر جاتے ہیں ؛ کوئی سمیاتی بیماری ؛ ویکسین کا آبِ زلال یا لمف جو متعدی چھالوں سے حاصل ہوتا ہے اور چیچک جیسی بیماریاں دور کرنے کے لیے ویکسین کے طور پر کام آتا ہے ؛ غیر صحیح طور پر کوئی ایسا مادہ جو چھوت کی بیماری پیدا کرنے والے کسی جاندار سے بنتا ہے ـ (شاذ) زہر ، جیسے کسی زہریلے سانپ کا ـ (مجازاً) ذہن ، روح یا اخلاق پر زہریلے اثرات مرتب کرنے والی شے ؛ زہر ؛ مہلک اثر ؛ سم ـ

**vis,** n. [لاطینی] قوت ؛ طاقت ؛ زور ؛ توانائی ؛ بل ؛ سختی ـ

**visa,** n. ویزا ؛ کسی ملک کو جانے والے شخص کے پروانۂ راہداری پر اس ملک کے نمائندہ افسر مجاز کی یہ تصدیق کہ پڑتال کے بعد اسے درست پایا اور اس شخص کو داخلے کی اجازت دے دی گئی ہے ؛ راہنامہ ـ (فعل متعدی) ویزا کی منظوری ظاہر کرنا ؛ ویزا کی تصدیق کرنا ، راہنامہ دینا ـ

**visage,** n. صورت ؛ بشرہ ؛ حلیہ ؛ چہرہ ، خصوصیت سے انسان کا اور عموماً شکل ، شباہت ، انداز وغیرہ کے تعلق سے ؛ چھب ؛ دید ؛ لقا ؛ وضع قطع ؛ روپ ؛ ہئیت کذائی ـ

**visaged,** a. صورت کا ؛ حلیے کا ؛ متعینہ قسم کا ، مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : grim visaged ) ـ

**vis-a-vis,** adv., a. روبرو ؛ آمنے سامنے ـ (حرف جار) کے تعلق سے ؛ کے مقابلے میں ؛ بالمقابل ـ (اسم) ایک دوسرے کے سامنے یا بالمقابل واقع ؛ متقابل ؛ وہ گاڑی جس میں لوگ آمنے سامنے بیٹھتے ہوں ؛ حرف S کی شکل میں ایک قسم کا صوفہ یا دہری کرسی جس پر دو آدمیوں کی نشستیں ہوتی ہیں جن پر وہ ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے باتیں کرتے ہیں ؛ دو نشستی صوفہ ـ

**Visayan, Bisayan,** a. ویزیان ؛ بی زیان ؛ فلپائن کے جزائر ویزیان میں رہنے والی سب سے بڑی مقامی نسل سے ، اس ملائی زبان سے جو وہ بولتے ہیں یا ان کی ثقافت سے متعلق ـ (اسم) اس نسل کا کوئی فرد ـ

**viscacha,** n. وسکاچا ؛ جنوبی امریکا کا ایک بڑے جثے کا کترنے والا جانور جو بل میں رہتا ہے ـ

**viscera,** n. (جمع) (تشریح الاعضا) احشا ؛ امعا ؛ رودہ ؛ انتیں ؛ جسم کے کھوکھلے حصے میں موجود نرم داخلی اعضا ، خصوصاً پیٹ اور چھاتی میں جن میں پھیپھڑے ، دل ، معدہ اور انتیں شامل ہیں ؛ انتڑیاں/رودے ـ

**visceral,** a. احشائی ؛ داخلی یا اندرونی اعضا سے متعلق ؛ اندرونی اعضا کو متاثر کرنے والا یا ان میں واقع ؛ اندرونی اعضا کا سا ؛ امعائی ؛ ذی حس ؛ ایسے احساس یا وجدان کے زیر اثر جو شدید اور گہرا ہو ـ

**viscerally,** adv. اندرونی اعضا کے لحاظ سے ؛ اندرونی طور پر ؛ احشائی طور پر ـ

**viscid,** a. لیس دار ؛ چپکنے والا ؛ چپچپا ؛ گاڑھا لیس دار ؛ لزوجی ـ (نباتیات) چپچپے مادے سے ڈھکا ہوا جیسے پتا ـ

**viscidity, viscidness,** n. چپچپاہٹ ؛ لیس داری ؛ چپک ـ

**viscidly,** adv. چپکتے ہوئے ؛ چپچپاہٹ سے ـ

**viscoelastic,** a. (طبیعیات) لیس دار ، چپچپاہٹ اور لچک رکھنے والے مادے سے متعلق ـ

**viscometer, viscosimeter,** n. لزوجت پیما ؛ سیال مادوں کا گاڑھا پن معلوم کرنے کا آلہ ـ

**viscose,** n. لزج مائع ؛ کاسٹک سوڈے اور کاربن ڈائی سلفائڈ کے سلولوز پر تعامل سے بننے والا لیس دار مادہ جس سے مصنوعی ریشم/سیلولائڈ بناتے ہیں اور کلف کاری یا دوسرے کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں ـ (صفت) وسکوز سے متعلق ؛ لزوجی ـ

**viscosimeter,** n. دیکھیے : Viscometer ـ

**viscosity,** n. لزوجت ؛ گاڑھی چپچپاہٹ ـ (طبیعیات) سیال مادے کی اپنے سالموں کی باہمی حرکت کے خلاف مزاحمت ؛ قوت کے زیر اثر ٹھوس مادے کے رفتہ رفتہ شکل بدلنے کی صلاحیت ؛ لعاب داری ـ

**viscount,** n. وائی کاؤنٹ ؛ ایک سردار جو ارل یا کاؤنٹ سے چھوٹا اور بیرن سے بڑا ہوتا ہے ـ (تاریخ) کاؤنٹ یا ارل کا نائب ؛ انگلستان کا شیرف ـ

**viscountcy, viscounty,** n. وائی کاؤنٹ کا رتبہ یا منصب ـ

**viscountess,** n. وائی کاؤنٹ کی بیوی ؛ وائی کاؤنٹ کے مرتبے کی کوئی عورت ـ

**viscous,** a لزج ؛ چپچپا ؛ لیس دار ؛ گاڑھا ؛ چپکنا ؛ چپک جانے یا جڑ جانے والا ؛ چپکاؤ ۔ (طبیعیات) ایسا گاڑھا پن جو مادے کے سالمات کی ترتیب کو تبدیل ہونے سے روکتا ہو ؛ لسلسہ ؛ لعاب دار ۔

**viscously,** adv. چپچپے پن سے ۔

**viscousness,** n. چپچپاہٹ ۔

**vise,(Brit.)vice,** n. شکنجہ ؛ دو جبڑوں یا داب والا کوئی آلہ جو کسی پیچ کی مدد سے کھولے اور بند کیے جا سکیں تا کہ وہ کسی ایسی چیز کو اپنے درمیان مضبوطی سے پکڑ سکیں جب اس پر کوئی کام کیا جا رہا ہو ۔ (فعل متعدی) پکڑنا ؛ دبانا یا بھینچنا جیسے کسی شکنجے میں ۔

**vise,** v.t., n. دیکھیے : visa ۔

**Vishnu,** n. [سنسکرت] وشنو ؛ ہندوؤں کا ایک دیوتا جو زندہ رکھنے والا اور پالن ہار سمجھا جاتا ہے ؛ تری مورتی کا ایک رکن جس میں برہما (پیدا کرنے والا) اور شو (مار ڈالنے والا) بھی شامل ہیں اور جس کے بہت سے اوتاروں میں کرشن بھی شمار کیے جاتے ہیں ۔

**Vishnuism,** n. وشنومت ۔

**Vishnuite,** n. وشنو کا پجاری ؛ وشنو کا پیرو/ماننے والا ۔

**visibility,** n. رویت ؛ ظہور ؛ نظر آنے کی حالت یا صفت ؛ وہ آسانی یا سہولت جس سے مختلف حالات میں فضا میں اشیا دیکھی جا سکتی ہیں ؛ بے روک دیدار کرانے کی صلاحیت ۔

**visible,** a. رویت پذیر ؛ مرئی ؛ دیکھے جانے کے قابل ؛ آنکھ سے محسوس ہونے والا ؛ مشاہدہ پذیر ؛ ذہن سے محسوس ہونے والا ؛ ظاہر ؛ واضح ؛ کھلا ؛ نمایاں ؛ نمودار ؛ صریح ؛ دیدنی ۔

**visibleness,** n. رویت ؛ دید ؛ دیدار ؛ کشف ؛ نموداری ؛ ظہور ۔

**visibly,** adv. ظاہراً ؛ صریحاً ؛ محسوس طور پر ؛ واضح طور پر ۔

**visible speech,** n. صوتیاتی حروف یا نشانات کا ایک نظام جس میں ہر ممکن تقریری آواز اپنے تلفظ کا اسلوب ظاہر کر دیتی ہے ؛ صوتی طیف نگار پر گفتگو کا اظہار ۔

**vision,** n. بصارت ؛ بینائی ؛ رویت ؛ کشف ؛ دیکھنے کا عمل قوت یا صلاحیت ؛ نظر ؛ نظارہ ؛ مستقبل کی تیاری یا تصور کی اہلیت (جیسے : He had a vision of things to come) ؛ پیش بینی ؛ مجرد اور غیر مرئی چیزوں کو اس طرح سمجھنے یا پہچاننے کی صلاحیت یا عمل جیسے وہ مرئی ہوں ؛ خواب یا مکاشفے کی طرح کا نظارہ خصوصاً جب وہ الہام متصور ہو ؛ رؤیا ؛ بالکل واضح تصور یا پیش بیں (جیسے : vision of wealth and glory) ؛ روحانی پیکر ؛ خیالی صورت ؛ سیاسی بصیرت ؛ تصویر ؛ نظارہ خصوصاً حسین اور خوبصورت ۔ (فعل متعدی) کشف دکھانا ؛ کشف دیکھنا ۔

**visional,** a. رویائی ؛ بصری ؛ نظری ؛ کشفی ؛ خیالی ؛ وہمی ۔

**visionally,** adv. خیالی طور پر ؛ کشفی طور پر ؛ تصور میں ۔

**visionless,** a. کشف کے بغیر ؛ بے کشف ۔

**visionary,** a. تخیلی ؛ خیالی ؛ غیر عملی خیالات یا منصوبوں والا ؛ خالص تخیل پرست یا وہمی ؛ مثالیت پسند ؛ سوچتے رہنے یا خواب دیکھنے کا عادی ؛ صاحب کشف ؛ غیر عملی ؛ غیر حقیقت پسند ؛ وہمی ؛ خبطی ؛ الہامی ؛ تصوری ۔ (اسم) صاحب کشف و الہام ؛ خیال پرست ؛ تصور پرست ۔

**visionariness,** n. خیال پرستی ؛ صاحب کشف ہونے کی حالت ؛ بے عملی ۔

**visit,** v.t. ملاقات کرنا ؛ دیکھنا ؛ دیکھتے جانا یا آنا جیسے کسی شخص یا مقام کو (دوستی ، رسم ، فرض منصبی ، کام وغیرہ کی غرض سے) ؛ قیام کرنا یا ٹھہرنا جیسے بطور مہمان ؛ سرکاری معائنے یا پڑتال کی غرض سے جانا ؛ تسلی دینے یا مدد کرنے کے لیے آنا ؛ حملہ کرنا یا نازل ہو جانا ؛ سزا دینا یا عذاب نازل کرنا ۔ (فعل لازم) ملاقات یا ملاقاتیں کرنا ۔ (بول چال) سرسری طور پر بات چیت کرنا ۔ (اسم) آمد ؛ ورود ؛ آنے جانے کا عمل ؛ کسی شخص سے ملنے یا مقام کو دیکھنے جانے کا عمل ۔ (بول چال) دوستانہ بات چیت ؛ بطور مہمان ٹھہرنے یا رکنے کا عمل ؛ سرکاری معائنے یا پڑتال کی غرض سے کسی مقام پر جانے کا عمل ؛ معائنہ ، جیسے کسی جنگ آزما قوم کی بحریہ کے کسی افسر کا غیر جانبدار ملک کے جہاز کا ؛ ملاقات ۔

**visitable,** a. قابل دید ؛ قابل ملاقات ؛ سرکاری معائنے کے لائق یا مناسب ؛ قابل معائنہ ۔

**visitant,** n. ملاقاتی یا مہمان ؛ عارضی رہنے والا ؛ کوئی روح جس کے بارے میں یہ عقیدہ ہو کہ وہ دوسری دنیا سے آئی ہے ؛ سیلانی پرند جو کسی علاقے میں عارضی طور پر رک جائے (جیسے : a summer visitant, a winter visitant) ۔ (صفت) آنے یا جانے والا ۔

**visitation,** n. معائنہ ؛ ملاقات ؛ معائنے کی غرض سے کسی افسر بالا کا رسمی دورہ ؛ کوئی خاص آسمانی فیصلہ ؛ رحمت الٰہی یا عذاب الٰہی ۔ (بڑے V سے) (کلیسیات) یوم ضیافت (۲ جولائی) کنواری مریم کے اپنی چچا زاد بہن الزبتھ کی ملاقات کو جانے کی یادگار ۔

**visitational,** a. ملاقات سے متعلق ۔

**visitatorial, visitorial,** a. معائنے کو آنے والے کسی سرکاری افسر سے متعلق یا سرکاری معائنے سے متعلق ؛ دورے کا اختیار رکھنے والا ؛ ملاقاتی سے متعلق ۔

**visiting,** a. آنے جانے والا ؛ مہمان ؛ ملاقاتی ؛ گھروں میں تھوڑے عرصے کے لیے خصوصی یا پیشہ ورانہ امداد دینے والا (جیسے : a visiting nurse) ۔

**visiting card,** n. ملاقاتی کارڈ ۔

**visiting fireman,** n. (بول چال) سرکاری مہمان ؛ کوئی بااثر سرکاری افسر یا کوئی بڑا اہم مہمان جو عموماً خصوصی دورے پر آتا ہے اور جس کی شاندار پذیرائی کی جاتی ہے ۔

**visiting nurse,** n. نجی نرس ؛ نرس جو کسی خدمتی ادارے یا شفاخانے میں اس لیے ملازم رکھی جاتی ہے کہ بیمار کی اس کے گھر میں جا کر خدمت کرے ۔

**visiting professor,** n. مہمان پروفیسر ؛ وہ پروفیسر جسے کوئی یونیورسٹی تھوڑے عرصے عموماً ایک سمیسٹر یا تعلیمی سال کے لیے اپنے عملۂ اساتذہ میں شامل ہونے کی دعوت دے اور وہ خود اپنی یونیورسٹی سے رخصت پر ہو ۔

**visiting teacher,** n. ملاقاتی استاد ؛ کسی پبلک اسکول کا استاد جو معذور یا بیمار طلبہ کو ان کے گھروں میں تعلیم دیتا ہے ۔

**visitor,** n. مشاہد ؛ ملاقاتی ؛ وہ شخص جو کاروباری ، سماجی یا دوسری اغراض کے لیے آتا جاتا یا دورہ کرتا رہتا ہے ۔

**visor, vizor,** n. چھجّا ؛ نقاب ؛ خود کا وہ سرکنے والا حصہ جو چہرے کی حفاظت کرتا ہے ؛ مغفر ؛ ٹوپی کا وہ چھجا جو آنکھوں کے اوپر رہتا ہے ؛ کار کے ہوا روک شیشے کے اوپر سرکنے والا چھجا جسے ڈرائیور کی آنکھوں کو چمک سے بچانے کے لیے نیچے کھینچ لیتے ہیں ؛ پہننے والے

**vitality, n.** روح ؛ جان ؛ حیویت ؛ حیات پذیری ؛ قوت حیات رکھنے کی حالت ؛ قوت حیات ؛ قوت لایموت (جیسے : full of vitality ) ؛ جوش حیات ؛ اصول حیات ؛ جانداری ؛ زندہ رہنے کی صلاحیت یا قائم رہنے کی اہلیت ؛ تسلسل ؛ قوت حیوانی ۔

**vitalize,(Brit.)vitalise, v.t.** روح پھونکنا ؛ جان ڈالنا ؛ قوت حیات پیدا کرنا ۔

**vitalization,(Brit.)vitalisation, n.** روح پھونکنے کا عمل ؛ جان ڈالنے کی کیفیت ؛ حیات کاری ۔

**Vitallium, n.** وٹالیم ؛ کرومیم ، کوبالٹ اور مولب ڈینیم کا غیر برق پذیر/غیر موصل بھرت جو خاص طور پر دندان سازی ، شعبہ جسمانی نقائص اور بعض اعضا کی نوتعمیری جراحی میں استعمال ہوتا ہے ۔(تجارتی نشان)۔

**vitals, n.** (جمع) اعضائے رئیسہ ؛ حیوانی جسموں کے وہ اندرونی حصے یا اعضا جو زندگی کے لیے ناگزیر ہیں ، جیسے دل اور پھیپھڑے ؛ مرکب کا کوئی ایسا حصہ جو کل کی زندگی ، وجود یا اس کی صحت مند حالت کے لیے ناگزیر ہو۔

**vital signs, n.** علاماتِ حیات ؛ بُنیادی تشخیصی عناصر مثلاً نبض کی رفتار ، تنفس کی شرح ، جسمانی حرارت ۔

**vital statistics, n.** (جمع) شماریات حیات ؛ انسان کُے انفرادی یا اجتماعی وجود کے نمایاں پہلوؤں جیسے ولادت ، وفات اور امراض سے متعلق حقائق اور اعداد و شمار ۔

**vitamer, n.** (حیاتی کیمیا) حیات ترکیبی ؛ متعدد مشابہ مرکبات میں سے ایک جو کوئی مخصوص حیاتینی وظیفہ انجام دے سکتے ہیں ۔

**vitameric, a.** حیات ترکیبی سے متعلق ۔

**vitamin, n.** (حیاتی کیمیا) حیاتین ؛ وٹامن ؛ قدرتی غذاؤں میں بہت کم مقدار میں پایا جانے والا نامیاتی مادہ جو انسان اور دوسرے جانداروں کے جسم میں مناسب استحالے کے لیے ضروری ہے اور جس کی کمی سے مختلف بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں ۔

**vitascope, n.** حیات نما ؛ گردش نما ؛ فلمی پروجیکٹر کی ایک قدیم قسم ۔

**vitascopic, a.** حیات نما سے متعلق ۔

**vitellin, n.** (حیاتی کیمیا) انڈے کی زردی میں پائی جانے والی حیاتین ؛ زردین ۔

**vitelline, a.** صفاری ؛ انڈے کی زردی سے متعلق ؛ انڈے کی زردی کا سا رنگ رکھنے والا ۔

**vitellus, n.** انڈے کی زردی ۔

**vitiate, v.t.** ناقص یا نامکمل بنانا ؛ نوعیت یا اصلیت بگاڑ دینا ؛ نقصان پہنچانا ؛ گندا یا فاسد کر دینا ؛ گھٹیا یا خراب کر دینا ؛ تہ و بالا کر دینا ؛ قانوناً فسخ یا بے اثر کر دینا ؛ باطل کر دینا ؛ بے ضابطہ قرار دینا ۔

**vitiation, n.** بگاڑ ؛ انفساخ ؛ خرابی ؛ فساد ؛ بطلان ۔

**vitiator, n.** خراب کرنے والا ؛ برباد کنندہ ؛ بگاڑنے والا ؛ فسادی ۔

**viticulture, n.** تاک پروری ؛ انگور کی کاشت ۔

**viticultural, a.** کاشت انگور سے متعلق ۔

**viticulturer, viticulturist, n.** تاک پرور ۔

**vitiligo, leukoderma, n.** (امراضیات) برص ؛ ایک بیماری جس میں قدرتی رنگ کی کمی کے باعث جسم کے مختلف حصوں پر چکنے سفید

کے چہرے کو ڈھانکنے یا اس کے بھیس بدلنے کی نقاب ؛ وائزر ۔ (فعل متعدی) وائزر سے ڈھانکنا یا حفاظت کرنا ۔

**visorless, a.** نقاب سے خالی ؛ بے وائزر ؛ نقاب کے بغیر ۔

**vista, n.** منظر باریک ؛ وسعت منظر ؛ دور کا منظر یا نظارہ جیسے درختوں کی دو رویہ قطاروں کے درمیان کا نظارہ ؛ راستے بنانے والے درخت یا خیالی منظر جو ایک طویل عرصے یا سلسلۂ واقعات کو محیط ہوتا ہے ۔

**vistaed, a.** مسلسل نظر رکھنے والا ۔

**visual, a.** بصری ؛ بصارت کا یا اس سے متعلق ؛ نظر سے محسوس ہونے والا ؛ مرئی ؛ ذہن سے سمجھ میں آنے والا یا ذہنی بصیرت کی قسم کا ؛ نظر آنے والا ؛ آنکھوں دیکھا ؛ رویتی ؛ نظری ۔

**visual acuity, n.** (امراضیات چشم) تیز نظری ؛ بصارت کی تیزی جو عموماً بیس فٹ کے فاصلے پر لگے ہوئے ایک چارٹ میں مطبوعہ تدریجی باریک حروف کو پڑھوا کر معلوم کی جاتی ہے ۔ مخفف : v ۔

**visual aid, n.** بصری اعانت ؛ بصری معاون ؛ مختلف آلات یا اشیا میں سے کوئی ایک جو بصری حس کے ذریعے اطلاع فراہم کرتی ہیں جیسے نقشے ، فلمیں یا فلم پٹی ؛ درس و تدریس میں بنیادی کتب کا اضافی حصہ ۔

**visualize, v.t.** نقشہ کھینچنا ؛ ذہن یا تخیل میں لانا ؛ ذہنی تصویر بنانا ؛ صورت دینا ۔ (فعل لازم) ذہنی تصاویر بنانا یا یاد کرنا ؛ تصور میں لانا ۔

**visualization, n.** استبصار ؛ تصور کا عمل ؛ ذہنی تصویر ؛ محاکات کاری ۔

**visualizer, n.** ذہنی تصویر بنانے والا ؛ تصور میں لانے والا ؛ تصورکار

**visually, adv.** بصری طور پر ؛ نظر کے لحاظ سے ۔

**visual purple, n.** (حیاتی کیمیا) ارغوانِ بصری ۔

**vita, n.** تعلیمی کوائف ۔

**vital, a.** حیاتی ؛ حیات بخش ؛ زندگی سے متعلق (جیسے : vital functions and processes ) ؛ زندگی سے بھرپور ؛ زندگی کا مرکز یا سرچشمہ (جیسے : the vital parts or organs ) ؛ زندگی کے لیے ناگزیر (جیسے : vital air ) ؛ کسی چیز کے وجود ، تسلسل یا صحت کے لیے ضروری (جیسے : vital necessity ) ؛ جس کے بغیر چارہ نہ ہو ؛ اہم ؛ کسی شے کے وجود ، بھلائی ، سچائی وغیرہ کو متاثر کرنے والا (جیسے : a vital error ) ؛ سخت اہمیت والا (جیسے : vital problem )؛ حیات یا قوت بخشنے والا ؛ روح پھونکنے یا جان ڈالنے والا (جیسے : vital sunlight )؛ زندگی پر اثر انداز ہونے والا ؛ قاطع زندگی (جیسے : vital wound ) ؛ مہلک ۔

**vitally, adv.** ناگزیر طور پر ؛ مہلک طور پر ۔

**vitalness, n.** حیات بخشی ؛ ناگزیریت ؛ انتہائی اہمیت ۔

**vitalism, n.** (حیاتیات ، فلسفہ) روحیت ؛ یہ نظریہ کہ جانداروں کی زندگی طبعی اور کیمیائی قوتوں سے کم لیکن ایک بنیادی جوہر سے زیادہ تعلق رکھتی ہے جسے روح حیوانی کہتے ہیں ؛ میکانیت کی ضد ؛ غریزیت ؛ حیویت ۔

**vitalist, n.** روحی ؛ روح حیوانی کا قائل ؛ معتقد روحیت ۔

**vitalistic, a.** روح حیوانی کے معتقدوں کا ؛ روحیت یا روحیوں کا ؛ حیوی ۔

دھبے پڑ جاتے ہیں ۔

**vitreous,** a. زجاجی ؛ شیشے سے متعلق یا حاصل شدہ ؛ شیشے کا ؛ شیشے کی طرح کا ؛ آنکھ کے زجاجی مادے سے متعلق ؛ شفاف ۔

**vitreously,** adv. زجاجیت کے لحاظ سے ۔

**vitreousness, vitreosity,** n. زجاجیت ؛ شیشہ پن ۔

**vitreous enamel,** n. زجاجی تہ ؛ دانتوں کی نازک اوپری تہ ۔

**vitreous humor, vitreous body,** n. (تشریح الاعضا) رطوبت زجاجیہ ؛ شفاف عدسے کے پیچھے آنکھ کے ڈھیلے میں بھرا ہوا شفاف جلاٹینی مادہ ۔

**vitrify,** v.t. پگھلانے یا گرمی کے عمل سے شیشے میں تبدیل کر دینا ؛ شیشہ بنانا ۔ (فعل لازم) شیشہ بن جانا ؛ شیشے میں تبدیل ہو جانا ؛ زجاج بننا ۔

**vitrifiable,** a. زجاج پذیر ؛ قابل شیشہ سازی ۔

**vitrification,** n. زجاج سازی ؛ شیشہ سازی ۔

**vitriol,** n. (کیمیا) زاج ؛ روح توتیا ؛ بعض دھاتوں کا چمکیلا تیزابی نمک جیسے تانبے ، لوہے یا جست کا ؛ گندھک کا تیزاب ۔ (مجازاً) سخت طنز آمیز یا شدید ، جیسے تنقید ۔ (فعل متعدی) تیزاب کے اثر میں رکھنا (خاص طور پر ہلکے تیزاب گندھک میں ڈبونا) ؛ توتیا یا گندھک کے تیزاب سے جلانا یا نقصان پہنچانا ۔

**vitriolic,** a. اکال ؛ توتیائی ؛ زاجی ؛ توتیا کی قسم کا ؛ گندھک کے تیزاب کا سا ؛ پرجوش ۔

**vitta,** n. (نباتیات) قنات روغن ؛ تیل نالی ؛ چھتر دار پودوں (جیسے گاجر) میں پائی جانے والی باریک باریک نالیوں میں سے کوئی ایک ، جن میں ہائیڈروکاربن جیسے روغنی مادے موجود ہوتے ہیں ۔ (حیاتیات) کوئی لکیر یا دھاری جیسے رنگ کی ؛ وِٹا ۔

**vittate,** a. وٹا دار ؛ کھڑی دھاریوں والا ؛ دھاری دار ۔

**vittle,** n. (بول چال) غذا ؛ سامان خورد و نوش ۔

**vituperate,** v.t., v.i. گندی زبان میں ملامت کرنا ؛ گالیاں دینا ؛ برا بھلا کہنا ؛ سخت سست کہنا ؛ زجروتوبیخ کرنا ۔

**vituperative,** a. گالیاں دینے والا ؛ گلیَر ؛ بدزبان ؛ دشنام آمیز ؛ ملامت امیز ؛ سرزنش آمیز ۔

**vituperatively,** adv. گالی گلوچ سے ؛ بدزبانی سے ۔

**vituperator,** n. گلیَر ؛ گالیاں دیتے ہوئے ؛ گالیاں دینے والا ؛ دشنام طراز ۔

**vituperation,** n. گالیاں دینے کا عمل ؛ گالی گلوچ ؛ دشنام طرازی ؛ سرزنش ؛ ملامت ۔

**viva,** interj. واہ واہ ؛ زندہ باد کا نعرہ ، عام طور پر کسی شخص کے لیے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : viva Romeo ) ؛ ایک نعرہ ، آفریں یا سلام ۔ (اسم) واہ واہ کی آواز ۔

**vivace,** a., adv. (موسیقی) جوشیلا ؛ بشاشت کا ؛ پُر جوش ؛ فنکار کی ہدایت کے طور پر مستعمل ۔

**vivacious,** a. بشاش ؛ سرگرم ؛ پرجوش ؛ مزاج یا عمل میں جوشیلا ؛ زندہ دلی کا ؛ ذی روح ؛ زندہ دل ؛ شگفتہ خاطر ؛ دل شاد ؛ ہنس مکھ ۔

**vivaciously,** adv. زندہ دلی سے ؛ جوش سے ۔

**vivaciousness,** n. جوش ؛ زندہ دلی ؛ بشاشت ۔

**vivacity,** n. بشاشت ؛ انداز یا کردار کی جولانی ؛ مزاج یا برتاؤ کی شگفتگی ؛ جوش ؛ جوشیلا پن ؛ گرما گرمی ؛ زندہ دلی ۔

**vivandiere,** n. [فرانسیسی] ایسی عورت جو پہلے فرانسیسی اور دوسری یورپی فوجوں کے ساتھ منسلک تھی اور اشیائے خورد نوش اور شراب وغیرہ بیچتی تھی ۔

**vivarium,** n. حیوان گھر ؛ جانوروں اور پودوں کو زندہ رکھنے کی غرض سے مصنوعی طور پر تیار کی ہوئی ایسی جگہ جوان کے فطری ماحول سے زیادہ سے زیادہ قریب ہو ؛ سبز خانہ ؛ پود گھر ؛ چڑیا گھر ۔

**viva voce,** adv. بول کر ؛ زبانی ۔ (اسم) (زیادہ تر برطانوی) بالمشافہ امتحان ؛ زبانی امتحان ۔ (صفت) زبانی ؛ تقریری ؛ لسانی ۔

**vive,** interj. [فرانسیسی] زندہ باد ، عموماً کسی خاص چیز یا شخص کے ساتھ مرکبات میں مستعمل (جیسے :vive Moliere) ۔

**viverrine,** a. زبادی ؛ گوشت خور میمل جانوروں سے متعلق ، جیسے مشک بلاؤ اور نیولے سے ۔ (اسم) ایسا کوئی جانور ۔

**vivid,** a. شوخ ؛ نہایت چمکیلا ؛ واضح ؛ تیز (جیسے : a dress of vivid red ) ؛ زوردار ؛ جوشیلا ؛ تروتازہ ؛ زندگی کا مظہر ؛ حواس سے شدت اور صفائی سے محسوس ہونے والا ؛ واضح اور شدید ذہنی شبیہیں بنانے والا (جیسے : His vivid descriptron of the accident ) ؛ صاف اور واضح ؛ محاکاتی ؛ زندہ دل ؛ چنچل ؛ شگفتہ ؛ بھڑکیلا ؛ روشن ؛ دل شاد ۔

**vividly,** adv. وضاحت سے ؛ صفائی سے ؛ شدت سے ؛ واضح طور پر ۔

**vividness,** n. چمک ؛ جِلا ؛ وضاحت ؛ صفائی ؛ شدت ؛ شوخی ۔

**vivify,** v.t. قوت حیات پیدا کرنا ؛ جان ڈالنا ؛ زیادہ ولولہ انگیز ، واضح یا جاندار بنانا جیسے کسی کہانی کو ۔

**vivification,** n. حیویت ؛ حیات بخشی ؛ جلا بخشی ؛ جان ڈالنے کا عمل ۔

**vivifier,** n. جان آفرین ؛ جان بخش ؛ جان ڈالنے والا ؛ روح پھونکنے والا ۔

**viviparous,** a. (حیوانیات) ولود ؛ بچہ زا ؛ زندہ بچہ جننے والا ، جیسے بہت سے میمل جانور جو انڈا دینے والے جانور سے مختلف ہوتے ہیں) ۔ (نباتیات) بصیلہ زا ، پودزا ؛ پودزا گانٹھ یا بیج پیدا کرنے والا (پودا) ۔

**viviparously,** adv. ولودی طور پر ؛ بچہ زا کے طور پر ۔

**viviparism,** n. ولودیت ؛ بچہ زائی کا طریقہ یا علم ۔

**viviparity, viviparousness,** n. ولودیت ؛ بچہ زائی ؛ پود زائی ۔

**vivisect,** v.t., v.i. تشریح جاندار کرنا ؛ کسی جانور کے زندہ جسم کو چیرنا پھاڑنا ۔

**vivisector,** n. تشریح کنندہ ؛ چیر پھاڑ کرنے والا ۔

**vivisection,** n. تشریح جاندار ؛ کسی زندہ جانور کی چیر پھاڑ یا اس پر چیز پھاڑ کے تجربے کا عمل ، خاص طور سے عضویات یا امراضیات کی کوئی حقیقت معلوم کرنے یا دکھانے کی غرض سے ؛ تقطیع زندہ ۔

**vivisectional,** a. چیر پھاڑ سے متعلق ۔

**vivisectionally,** adv. تشریحی طور پر ۔

**vivisectionalist,** n. ماہر تشریح الاعضا ۔

**vixen,** n. جھگڑالو ؛ بدمزاج ؛ بدطینت عورت ؛ لڑاکا ؛ لومڑی ؛ روباہ ۔

**vixenly,** adv., a. جھگڑالو پن سے ؛ بدمزاجی سے ۔

**vixenish,** a. جھگڑالو ؛ بدمزاج ؛ کینہ پرور ۔

**vixenishly,** adv. بدمزاجی سے ؛ کینہ پروری سے ۔

**vixenishness,** n. جھگڑالو پن ، کینہ پروری ۔

**vizard, visard,** n. نقاب یا مصنوعی چہرہ ؛ گھونگھٹ ؛ برقع ۔

**vizarded,** a. نقاب دار ؛ نقاب ڈالنے یا مصنوعی چہرہ لگانے والا ۔

**vizcacha,** n. دیکھیے : Viscacha ۔

**vizier, vizir,** n. [عربی ، ترکی ، اردو] وزیر ؛ ترکی کی سلطنت یا دوسرے مسلم ممالک کا اعلیٰ سیاسی منصب ۔

**vizierate, vizirate,** n. وزارت ۔

**viziership, vizirship,** n. وزیری ؛ وزیر کا منصب ۔

**vizierial, vizirial,** a. وزیر کا ؛ وزیر سے متعلق ۔

**vizor,** v.t., n. دیکھیے : Visor ۔

**V-mail,** n. خفیہ ڈاک : دوسری عالمگیر جنگ کے دوران میں امریکا سے باہر امریکی افواج کو بھیجی جانے والی ڈاک جسے پہلے خرد فلم کی صورت میں بنا لیا جاتا تھا اور پہنچنے پر تقسیم سے پہلے اسے بڑا کر لیا جاتا تھا ۔

**V neck,** n. وی گلا ؛ انگریزی حرف V کی شکل کی گردن کا لباس ، جیسے سویٹر ۔

**vocable,** n. لفظ بلا لحاظ معنی ؛ اصطلاح ؛ کلمہ ؛ نام ؛ بول ؛ قابل ادا لفظ یا حرف ؛ حرفوں یا آوازوں کا مجموعہ یا پیکر ۔ (صفت) قابل ادا ؛ بولے جانے والا ؛ تقریری ۔

**vocabulary,** n. ذخیرۂ الفاظ ؛ فرہنگ ؛ لغت ؛ مجموعۂ الفاظ ؛ کہے گئے الفاظ جو کوئی شخص یا بہت سے افراد یا کوئی خاص طبقہ استعمال کرتا ہے ؛ کسی زبان ، کتاب ، مصنف یا شعبہ علم کے الفاظ کی فہرست یا مجموعہ عموماً ابجدی ترتیب میں ؛ کسی زبان کے تمام الفاظ ؛ الفاظ کی کتاب ؛ کسی کی تشریحی مہارتوں کی وسعت یا مجموعہ جیسے فنون لطیفہ میں ۔

**vocabulary entry,** n. اندراج لغت ؛ لغوی اندراج ؛ کسی لغت میں لفظ ، فقرہ ، علامت ، اصطلاح ، مخفف یا نام وغیرہ جو ابجدی ترتیب سے درج کیا جائے اور جس کی تشریح ، تعریف ، معانی ، اشتقاق ، مشابہ یا متضاد معانی کے الفاظ سے کی جائے ۔

**vocal,** a. نُطقی ؛ صوتی ؛ آواز سے متعلق ؛ جو آواز سے ادا کیا جائے ؛ زبانی ؛ گانے کے مقصد سے بنا ہوا ، جیسے موسیقی ؛ صوت دار ؛ تقریر کے آزادانہ اسلوب کے ذریعے خود کو ظاہر کرنے والا ؛ آواز پیدا کرنے والا ، جیسے بول کر ؛ گفتاری ۔ (صوتیات) مصوِیت ؛ جہری ؛ مصوتے سے متعلق یا اس کی خاصیت والا ؛ مصوتی ؛ الحانی ۔ (اسم) بولنے کی آواز ؛ گلے کی آواز ؛ صوت ؛ مصوتہ ۔

**vocality,** n. صوتیت ؛ جہریت ۔

**vocally,** adv. صوتی طریقے سے ؛ الفاظ کے ذریعے سے ؛ گفتگو سے ؛ بہ تلفظ ؛ لفظاً ۔

**vocal chords,** n. (جمع) (تشریح الاعضا) حنجرہ ؛ وتر صوت ؛ حنجرے کے جوف میں بڑھی ہوئی دو جھلی دار رباط میں سے کوئی ایک جن کے کنارے پھیپھڑوں سے ہوا کے اخراج کے باعث باہم قریب آ جاتے ہیں اور مرتعش ہو کر آواز پیدا کرتے ہیں ۔

**vocalic,** a. مصوتی ؛ مصوتے کی خاصیت سے متعلق ؛ مصوتے پر مشتمل یا مصوتوں سے بنا ہوا ۔

**vocalically,** adv. مصوتوں کی خاصیت کے طور پر ؛ سریلے پن سے ۔

**vocalism,** n. مشقِ آواز ؛ تقریر یا گانے میں آواز کا استعمال ؛ مصوتے کی آواز نکالنے کا عمل ، خاص طور پر گانے کا عمل یا فن ۔ (صوتیات) کسی زبان میں استعمال ہونے والے مصوتی لہجے ؛ آواز کا سریلا پن ۔

**vocalist,** n. گویا ؛ گایک ؛ مغنی ؛ تربیت یافتہ گلوکار ۔

**vocalize,** v.t. آواز نکالنا ؛ زبان سے ادا کرنا ؛ گانا ؛ سنانا ۔ (صوتیات) سانس کے بجائے آواز سے ادا کرنا ، جیسے بول چال کی آوازیں ؛ بطور تان کے استعمال کرنا ؛ اعراب لگانا ، جیسے عربی ، اردو ، فارسی یا عبرانی کی عبارت میں ۔ (فعل لازم) آواز کا استعمال کرنا ، جیسے تقریر یا گانے میں ؛ صوتی ریاض کرنا ۔ (صوتیات) تان یا مصوتے میں بدل جانا ۔

**vocalization,** n. تشکیلِ صوت ؛ تان بندی ؛ ادا کرنے یا گانے کا طریقہ ؛ صدا یا تان لگانے کا کام ؛ تان سُر کا استعمال ؛ اعراب بندی ؛ الفاظ پر زیر ، زبر ، پیش لگانے کا کام ۔

**vocalizer,** n. صوت کار ؛ صدا کار ؛ تان لگانے والا شخص ۔

**vocation,** n. حرفہ ؛ پیشہ ؛ مشغلہ ؛ کسب ؛ روزگار ؛ دھندا ؛ شغل ؛ صلاحیت ؛ کسی خاص کام یا پیشے کی طلب ؛ خدا کی خدمت یا مسیحی زندگی کی طرف طلب یا دعوت ؛ وہ کام یا مقام جس کی جانب خدا دعوت دیتا ہے ؛ ندا ۔

**vocational,** a. حرفتی ؛ کسبی ؛ پیشہ ورانہ (جیسے : Vocational school ) ؛ مختلف پیشوں میں مطلوبہ مہارت اور ہنرمندی کو ترقی دینے کی تربیت یا رہنمائی سے متعلق (جیسے : a vocational guidance counselor ) ۔

**vocationally,** adv. حرفتی طور پر ؛ پیشہ ورانہ طور پر ۔

**vocative,** a. (گرامر) ندائی ؛ ندائیہ ؛ تصریفی زبانوں جیسے لاطینی میں اس حالت سے متعلق جو کسی ایسے شخص یا چیز کی نشاندہی کرتی ہے ، جسے ظاہر یا مخاطب کیا جاتا ہے ؛ پکارنے یا خطاب کرنے سے متعلق یا اس میں مستعمل ۔ (اسم ، گرامر) حالت ندا ؛ وہ لفظ جو اس شکل یا حالت میں ہو ۔

**vociferance,** n. شوروغل ؛ چیخ پکار ؛ ندا ؛ واویلا ۔

**vociferant,** a. واویلا کرتا ہوا ؛ غل مچاتا ہوا ؛ چیختا ہوا ۔ (اسم) شور مچاتا ہوا شخص ۔

**vociferate,** v.i., v.t. واویلا کرنا ؛ زور سے چلانا ؛ شور مچانا ؛ چیخنا ؛ چیخ کر بولنا ۔

**vociferator,** n. شور مچانے یا چلانے والا ؛ چیخ چیخ کر بولنے والا ؛ واویلا کرنے والا ۔

**vociferation,** n. شور مچانے کا عمل ؛ شوروغل ؛ چیخ پکار ؛

غل غپاڑا ؛ واویلا ۔

**vociferous,** a. پرآواز ؛ بلند صوت ؛ واویلا کناں ؛ ہنگامہ خیز ؛ پرشور ؛ کلہ دراز ؛ شور مچانے والا ؛ چیخنے والا ۔

**vociferously,** adv. شور مچاتے ہوئے ؛ غل مچا کر ؛ گلا پھاڑ کر ؛ چلا کر ۔

**vociferousness,** n. پرشوری ؛ ہنگامہ خیزی ؛ شور مچانے کی عادت یا حالت ۔

**vodka,** n. واڈکا ؛ آلوؤں یا مختلف دالوں سے کشید کی ہوئی نشہ آور روسی شراب ۔

**vogue,** n. رواج ؛ مقبولیت ؛ رائج الوقت طریقہ یا فیشن (اکثر in کے بعد) ؛ عام پسند ؛ قبول عام ؛ ڈھنگ ؛ دستور ؛ چلن ؛ طریق ۔

**voice,** n. صوت ؛ آواز ؛ صدا؛ زندہ جانداروں کے منہ سے نکلی ہوئی آواز یا آوازیں خاص طور پر انسانوں کی جبکہ وہ بولتے شور مچاتے یا گاتے ہوں ؛ کسی ایک آدمی کی گفتگو میں فطری طور پر ادا ہونے والی آوازیں ، اکثر اوقات بولنے والے سے مخصوص ؛ ایسی آوازیں اپنی نوعیت اور قسم کے لحاظ سے (جیسے : a manly voice)؛ بولنے یا گانے کے لیے آواز کی حالت (جیسے : She was in poor voice)؛ کلام سے مشابہ سنائی دینے والی کوئی سی آواز (جیسے : voice of the wind) ؛ گفتگو سے ملتی جلتی کوئی آواز (جیسے : the voice of nature)؛ منہ سے آوازیں نکالنے کی استعداد ، خصوصیت کے ساتھ بول چال کی آوازیں ۔ تقریر ؛ گفتگو ؛ تقریری یا تحریری بیان یا کسی اور ذریعے سے اظہار (جیسے : to give voice to one's disapproval by a letter) ؛ ظاہر کی ہوئی رائے یا پسند (جیسے : His voice was for compromise) ؛ رائے یا پسند ظاہر کرنے کا حق (جیسے : to have no voice in the matter) ؛ ظاہر کی ہوئی خواہش یا ہدایت (جیسے : obedient to the voice of God) ؛ کوئی آدمی یا کوئی اور ذریعہ جس سے کچھ ظاہر یا بیان کیا جاتا ہے ؛ گویا ؛ آواز کا ایک جزو ؛ حلق کی تاروں کے ارتعاش اور گلے اور منہ کی گونج سے نکلنے والی نغمے کی آواز ۔ (صوتیات) سانس کے اخراج کی بجائے حلقی تاروں کی گونج سے پیدا ہونے والی آواز ۔ (گرامر) فعل کی ایک واضح شکل جو فاعل اور فعل یا اس کی مختلف تراکیب کے عمل کا باہمی تعلق ظاہر کرتی ہے ؛ طور ، جیسے طور معروف یا طور مجہول ۔ (فعل متعدی) آواز نکالنا ؛ بولنا یا بیان کرنا ؛ اعلان کرنا یا شہرت دینا ۔ (موسیقی) سُر درست کرنا جیسے کسی باجے کی نلکیوں کی ؛ آواز کے حصے رقم کرنا ، جیسے موسیقی کے لیے ۔ (صوتیات) آواز یا باآواز بلند بولنا (سانس کی آواز سے ممیز) ۔

**in voice,** بولنے یا گانے کے لیے اچھی یا موزوں حالت میں ۔

**with one voice,** اتفاق رائے سے ، بیک آواز ۔

**voice box,** n. حنجرہ ؛ نرخرہ ۔

**voiced,** a. آواز یا آواز کی کسی قسم والا (جیسے : low-voiced) ؛ جہری ؛ آواز سے بیان یا ظاہر کردہ ۔ (صوتیات) آواز سے یا حلقی تاروں کے ارتعاش سے ادا شدہ ، جیسے ب ، د ، گ وغیرہ ؛ صوتہ ؛ صوت صحیح ؛ صوت علت ۔

**voicedness,** n. آواز داری ؛ جہریت ۔

**voiceful,** a. آواز دار ؛ پاٹ دار (آواز) ؛ پُر آواز ؛ گونجدار ؛ بلند آواز ۔

**voicefulness,** n. بلند آوازی ؛ پُرآوازی ۔

**voiceless,** a. بے آواز ؛ بے صدا ؛ بے زبان ؛ گونگا ؛ گم صُم ؛ چپ ؛ ساکت ؛ الفاظ کے بغیر ؛ گفتگو کے بغیر ؛ خاموش ؛ موسیقی کی آواز کے بغیر ؛ بے رائے ۔ (صوتیات) آواز یا سر کی آواز کے بغیر ادا ہونے والا ، جیسے پ ، ت ؛ صوتِ صحیح ۔

**voicelessly,** adv. بے آوازی سے ؛ سکتے میں ۔

**voicelessness,** n. بے آوازی ؛ بے زبانی ؛ سکتہ ؛ سناٹا ؛ حرف کے غیر مصِیت ہونے کی حالت ۔

**voice part,** n. (موسیقی) کسی ایک آواز یا ساز کے لیے ہم آہنگ ترکیب میں سروں کا سلسلہ یا نغمہ ۔

**voiceprint,** n. نقش صوت ؛ انسانی تکلم کی آوازوں کے اتار چڑھاؤ ، ہلکے بھاری پن اور امتداد کا طیف نگاری ریکارڈ جو خاص طور پر مجرموں کی شناخت کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ صوتی نقوش ۔

**voice vote,** n. صوتی رائے ؛ صدائی ووٹ ؛ نام یا افراد کی رائے شماری کی بجائے ہاں یا نہیں کی آواز کی بنیاد پر آرا کا تخمینہ ۔

**void,** a. (قانون) قانونی حمایت کے بغیر؛ کالعدم ؛ باطل ؛ معرا ؛ تہی ؛ خالی ؛ غیر اہم ؛ بے فائدہ ؛ قابض یا مالک کے بغیر ؛ غیر مقبوضہ ؛ محروم ؛ بے اثر (جیسے : void of learning) ؛ غیر موثر ؛ بے نتیجہ ؛ بے فائدہ ۔ (اسم) خالی جگہ ؛ خلا ۔ (فعل متعدی) خالی کرنا یا چھوڑنا ؛ کالعدم کردینا ؛ خارج کر دینا ؛ خارج کرنا ؛ نکالنا ۔

**voidable,** a. قابل بطلان ؛ قابل تردید ؛ قابل فسخ ؛ کالعدم پذیر ۔

**voidableness,** n. کالعدم پذیری ؛ انفساخ پذیری ۔

**voider,** n. خالی یا بے اثر کر دینے والا ؛ باطل قرار دینے والا ۔

**voidness,** n. خالی پن ؛ بے اثری ؛ بطلان ؛ عدم تاثیر ؛ انفساخ ۔

**voidance,** n. اخراج ؛ برطرفی ؛ خالی یا خارج کرنے کا عمل ؛ خالی جگہ ، جیسے کلیسائی وقت یا جاگیر کی ۔

**voided,** a. خالی ، کالعدم یا خارج کیا ہوا ۔ (نقابت) کناروں کے گرد صرف ڈھانچا چھوڑ کر بیچ میں کٹا ہوا ۔

**voile,** n. وائل ؛ ایک قسم کا ریان ، ریشم ، سوت یا اون کا نیم شفاف کپڑا جو پردوں اور زنانہ ملبوسات وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے ۔

**voir dire,** n. (قانون) مجوزہ گواہ یا جیوری کے رکن کا حلف جو جرح کے دوران اس کے سچ بولنے یا استعداد معلوم کرنے کے لیے اٹھوایا جاتا ہے ؛ جرح ۔

**voix cē leste, vox caelestis,** n. آرگن باجے کی ایک خاص روک ، جس میں ہر سُر کے لیے دو نلکیاں ہوتی ہیں اور ایک کی اوج قدرے تیز ہوتی ہے ۔

**volant,** a. طیار ؛ قابل پرواز ؛ پرّاں ؛ پھرتیلا ؛ تیز ۔ (نقابت) اڑتا ہوا ؛ پرواز کنندہ ۔

**volante,** a. (موسیقی) تیز اور ہلکا ، فنکار کی

رہنمائی کے طور پر مستعمل۔

**Volapuk,** n. وول پک ؛ عالمگیر استعمال کے لیے ایک گھڑی ہوئی زبان جس کی بنیاد خصوصیت سے انگریزی پر رکھی گئی تھی اور جو ۱۸۷۹ء کے لگ بھگ جرمنی کے جون شلیئر نے ایجاد کی تھی۔

**volar,** a. راحی ؛ کفی ؛ ہتھیلی یا تلوے سے متعلق ؛ ہتھیلی یا تلوے کا۔

**volar,** a. پرواز کا یا اڑان سے متعلق۔

**volatile,** a. پرّاں ؛ طیّار ،طیران پذیر ؛ اڑ جانے والا ؛ بخارات بن کر تیزی سے اڑ جانے والا ؛ ہوا میں آزادی سے بخارات بن جانے والا ؛ متلوّن ؛ سیماب وش ؛ شوخ ؛ بھک سے اڑ جانے والا ؛ کافور صفت۔

**volatileness, volatility,** n. پرّانی ؛ طیران پذیری ؛ سیماب وشی ؛ بھک سے اُڑ جانے کی صلاحیت یا خاصیت۔

**volatile oil,** n. پرّاں روغن ؛ وہ تیل جو تیزی سے اور مکمل طور پر اُڑ جاتا ہے اور اپنے پیچھے کوئی نشان بھی نہیں چھوڑتا ؛ اُڑ جانے والا تیل۔

**volatilize,** v.t. اڑانا ؛ بخارات بنا دینا۔ (فعل لازم) بخارات بن کر تیزی سے اڑ جانا ؛ متلوّن ہونا۔

**volatilization,** n. تبخر ؛ طیرانی ؛ اُڑ جانے کا عمل ؛ پرّانی۔

**vol-au-vent,** n. سموسہ ؛ آٹے میں گوشت یا مچھلی اور مسالہ وغیرہ بھر کر پکائی ہوئی پیسٹری۔

**volcanic,** a. برکانی ؛ آتش فشانی ؛ آتش فشاں پہاڑوں سے متعلق ؛ آتش فشاں پہاڑوں سے نکلا ہوا ؛ جوالا مکھی سے متعلق۔

**volcanically,** adv. آتش فشانی طور پر ؛ برکانی طور پر۔

**volcanic glass,** n. برکانی شیشہ ؛ وہ قدرتی شیشہ جو آتش فشاں کا لاوا فوری ٹھنڈا ہو جانے سے بن جاتا ہے ؛ شیشے جیسا آتش فشانی مادہ۔

**volcanic tuff,** n. دیکھیے : Tuff ۔

**volcanism, volcanicity,** n. برکانیت ؛ آتش فشاں پہاڑوں اور آتش فشانی عمل سے متعلق حالات اور قوتیں۔

**volcanist,** n. برکانیات دان ؛ ماہر برکانیات ؛ آتش فشانی پہاڑوں کے علم کا ماہر۔

**volcanize,** v.t. تیز گرمی پہنچانا ؛ گرمی پہنچا کر پگھلانا ؛ برکانا۔

**volcano,** n. برکان ؛ آتش فشاں ؛ جوالا مکھی ؛ زمین کے پرت کا ایک شگاف جس میں سے پگھلی ہوئی چٹانیں ، بھاپ ، راکھ وغیرہ باہر نکلتی ہیں ، جن کا ڈھیرے ڈھیرے ایک مخروطی ڈھیر یا پہاڑ بن جاتا ہے اور شگاف کے آس پاس عموماً ایک پیالہ نما خلا یا دہانہ نظر آنے لگتا ہے ؛ شگاف دار پہاڑ یا پہاڑی جس میں سے زمین کے اندرون کا پگھلا ہوا مادہ باہر نکلتا ہے۔

**volcanology, vulcanology,** n. برکانیات ؛ آتش فشاں پہاڑوں کے سائنسی مطالعے کا علم۔

**volcanologic,** a. برکانیاتی۔

**volcanologist,** n. ماہر برکانیات ؛ آتش فشاں پہاڑوں کی ماہیت کا عالم۔

**vole,** n. موش چراگاہ ؛ چوہوں سے مشابہ نسل کا ایک چھوٹا سا جانور ؛ جنگلی چوہا ؛ مرغزاری چوہا۔

**vole,** n. (تاش) تاش کے کھیلوں میں تمام بڑے پتوں کی جیت یا حصول ؛ خلال ؛ بڑا کوٹ ؛ بڑی مات۔

**go the vole,** (بول چال) سب پتے جیت لینا ؛ خلال دینا ؛ مکمل شکست دینا ؛ بڑا کوٹ کرنا۔

**volition,** n. ارادہ ؛ ارادے کا عمل ؛ ارادے کا استعمال ؛ ارادے کی قوت ؛ ارادے سے طے کیا ہوا یا چنا ہوا ؛ مرضی ؛ پسند۔

**volitional,** a. ارادی۔

**volitionally,** adv. ارادی طور پر۔

**volitive,** a. ارادتاً ؛ ارادے سے پیدا ہونے والا ؛ ارادے سے متعلق ؛ ارادی۔ (گرامر) کوئی خواہش یا اجازت ظاہر کرنے والا (جیسے : a volitive proposition )۔

**Vokslied,** n. [جرمن] ایک عوامی گیت۔

**volley,** n. باڑھ یا بوچھاڑ ، جیسے گولیوں یا تیروں کی ؛ بہت سی گولیوں کی بیک وقت مار ، جیسے چھوٹے ہتھیاروں سے ؛ بہت سی چیزوں کے بیک وقت پھینکے جانے کا عمل (جیسے : a volley of ideas ) ؛ کسی گیند کو اس سے پہلے کہ وہ زمین پر گرے ، واپس کر دینے یا لوٹا دینے کا عمل ، جیسے ٹینس ، فٹ بال ، والی بال وغیرہ میں۔ (کرکٹ) اس طرح پھینکی ہوئی گیند جو زمین پر گرنے سے پہلے سیدھی وکٹ کو لگے۔ (فعل متعدی) باڑھ مارنا ؛ باڑھ چلانا یا جیسے باڑھ کی طرح پھینکنا۔ (کھیل) زمین پر گرنے سے پہلے لوٹانا جیسے گیند کو۔ (فعل لازم) ایک دم پھینکا جانا یا باڑھ کی طرح پھینکا جانا ؛ زمین پر گرنے سے پہلے گیند کا لوٹایا جانا ، جیسے ٹینس یا فٹ بال میں۔

**volleyer,** n. باڑھ مارنے والا ؛ بوچھاڑ کرنے والا۔

**volleyball,** n. والی بال ؛ ایک کھیل جو عموماً جمنازیم میں دو ٹیموں کے مابین کھیلا جاتا ہے، جس میں ایک بڑی گیند ایک اونچے جال کے اوپر سے ایک ٹیم سے دوسری ٹیم کی طرف ہاتھ مار کر پر پھینکی جاتی ہے ؛ اس کھیل میں استعمال ہونے والی گیند۔

**volplane,** v.i. (ہوا بازی) ہوائی جہاز کا آہستہ آہستہ نیچے اترنا ؛ طیارے یا ہوائی جہاز کا انجن بند کرکے صرف جھوکے سے نیچے اترنا۔ (اسم) ایسی اتران جیسے کسی ہوائی جہاز کی۔

**Volscian,** a. والشی ؛ قدیم اٹلی میں روم کے جنوب مشرق میں بسنے والی ایک قوم والش یا اس کی زبان سے متعلق۔ (اسم) والشی قوم کا فرد یا والشی قوم کی زبان۔

**volt,** n. (برق) وولٹ ؛ برقی حرکت کی قوت کی اکائی۔

**volt,** n. (شہسواری) مرکزی نقطے کے گرد ایک طرف آڑے قدم رکھ کر چلنے کا عمل ؛ کاوا۔ (تیغ بازی) حریف کے وار سے بچنے کے لیے ایک جانب فوری حرکت یا چھلانگ۔

**voltage,** n. وولتاژ ؛ وولٹیج ؛ وولٹ میں ناپی جانے والی [illegible] قوت۔

**voltage divider,** n. (برق) وولتاژ [illegible] کار ؛ وولٹ کی تعداد ؛ آلہ مزاحمت یا مزاحم جس میں وولٹیج کی مقدار کو حسب ضرورت

کم کرنے کے لیے مختلف مقامات پر واصل نقطے موجود ہوں ۔

**voltaic, a.** (برق) وولٹائی ؛ کیمیائی حرکت سے پیدا ہونے والی بجلی سے متعلق جیسے کسی خود کار بیٹری میں ؛ گیلوانی ۔

**voltaic battery, galvanic battery, n.** (برق) وہ بیٹری جو وولٹائی یا بنیادی خانوں کے مجموعے پر مشتمل ہو ؛ وولٹائی بیٹری ۔

**voltaic cell, galvanic cell, n.** (برق) وولٹائی سیل ؛ وولٹائی برقی خانہ بنیادی سیل ۔

**voltaic couple, galvanic couple, n.** (برق) وولٹائی جوڑا ؛ عموماً دھات کی دو غیر مماثل پلیٹیں جو محلول تیزاب یا برق پاش میں رکھنے سے برقی رو پیدا کرتی ہیں ۔

**voltaic pile, volta's pile, n.** (برق) برقی انبار ؛ مختلف دھاتوں کی ایک پر ایک رکھی ہوئی تختیاں جن سے برقی رَو نکلتی ہے ۔

**voltaism, galvanism, n.** (برق) کیمیائی برق ؛ وولٹائیت ؛ کیمیائی عمل سے بجلی کی پیدایش ؛ گیلوانیت ۔

**voltameter, coulometer, n.** (برق) وولٹا پیما ؛ برقی رو کی قوت اور مقدار ناپنے کا کیمیائی برقی آلہ ؛ کیمیائی برق پیما ۔

**voltametric, a.** (برق) وولٹا پیما یا کیمیائی برق پیما سے متعلق ۔

**voltammeter, n.** (برق) وولٹ ایمپیئر پیما ؛ ایک آلہ جس سے وولٹ یا ایمپیئر ناپے جاتے ہیں ۔

**volt-ampere, n.** (برق) وولٹ ایمپیئر ؛ ایک برقی اکائی جو ایک وولٹ اور ایک ایمپیئر کی ضرب کے برابر ہوتی ہے جو راست رَو (D.C) کے ایک واٹ کے برابر ہوتی ہے اور بدلتی رو (A.C) کے نظام کی قوت کی اکائی ہوتی ہے ؛ وولٹ ایمپیئر ؛ واٹ ۔

**volte-face, n.** پلٹا ؛ پینترا ؛ پلٹ کر متضاد سمت میں رخ کر لینے کا عمل ، جیسے رائے یا حکمت عملی کا پلٹا ۔

**volt meter, n.** (برق) وولٹ پیما ؛ دو مختلف نقاط کے درمیان وولٹوں میں برقی قُوہ یا تفاوت قوہ ناپنے کا آلہ ۔

**voluble, a.** فصیح ؛ نہایت تیزی اور روانی سے بولنے والا ؛ باتونی ؛ طرار ؛ لسّان ؛ چرب زبان ؛ تقار ؛ بُرگو ۔ (نباتیات) پیچاں ؛ ان تنوں سے متعلق مستعمل جو دوسری چیزوں کے گرد لپٹتے اور بل کھا جاتے ہیں ۔

**volubly, adv.** بے حَد تیزی اور روانی سے ؛ طراری اور پرگوئی سے ۔

**volubility, volubleness, n.** ۔ پرگوئی ؛ تقاری ؛ طراری ؛ چرب زبانی

**volume, n.** حجم ؛ ضخامت ؛ جسامت ؛ مقدار ؛ جلد ؛ لکھے یا چھپے ہوئے صفحات کا مجموعہ جو یکجا بندھے ہوں اور کتاب کا ایک نسخہ کہلاتے ہوں ؛ کتاب کے کتنے ہی نسخوں میں سے ایک نسخہ ؛ کسی سہ ابعادی شے کا سائز ، تول ناپ (جیسے : The volume of a gas) ؛ مکعبی جسامت ؛ کل مقدار (جیسے : volume of travel on a railroad) ؛ ڈھیر یا تعداد خصوصاً کسی چیز کی زیادہ مقدار ۔ (تاریخ) کسی کتاب یا مخطوطے کی قدیم شکل ، عموماً پیرس یا چرمی کاغذوں کا پلندہ یا بنڈل ؛ آواز کی شدت یا زور ؛ حیطۂ صدا ؛ سعت ۔ (فعل متعدی) ڈھیروں بھیجنا یا نکالنا ۔ (صفت) ڈھیروں یا مقدار سے متعلق ۔

**volumeter, n.** حجم پیما ؛ حجم یا ڈھیر ناپنے کا کوئی آلہ جیسے گیسوں ، سیال یا ٹھوس اشیا کا ۔

**volumetric, a.** (کیمیا) معیاری محلول کی مقدار ناپنے سے متعلق ؛ حجمی ؛ حجم کی پیمایش سے متعلق ۔

**volumetrically, adv.** حجم کی پیمایش کے لحاظ سے ۔

**volumetric analysis, n.** (کیمیا) حجمی تجزیہ ؛ تجزیے کا ایک طریقہ جس سے کسی محلول میں موجود کسی مادے کی مقدار کا اندازہ اس معیاری محلول کی مقدار سے لگایا جاتا ہے جو کوئی خاص ردعمل پیدا کرنے کے لیے درکار ہوتی ہے ۔

**voluminous, a.** ضخیم ؛ حجیم ؛ وافر ؛ کثیر ؛ ایک بڑی جلد یا جلدیں بنانے یا لکھنے والا (جیسے : a voluminous literary work) ؛ ایک جلد یا جلدیں بھرنے کے لیے کافی (جیسے : a voluminous correspondence) ؛ بڑی مقدار ، حجم یا وسعت والا (جیسے : a voluminous flow of lava) ؛ بڑے سائز ، وسعت یا بھراؤ کا (جیسے : a voluminous robe) ۔ (قدیم) بہت سی کنڈلیوں ، لپٹیوں یا چکروں والا ۔

**voluminously, adv.** بہت کثرت سے ؛ بہت جلدوں میں ۔

**voluminosity, voluminousness, n.** ضخامت ؛ کثرت ؛ وسعت ؛ وفور ؛ طول کلامی ؛ طوالت ۔

**voluntarism, n.** (فلسفہ) ارادیت ؛ رضاکاریت ؛ وہ نظریہ جو عقل کی جگہ ارادے کو حقیقت کا بنیادی اصول سمجھتا ہے ۔

**voluntrist, n.** معتقد رضاکاری ؛ نظریہ ارادی کا ماننے والا ؛ ارادہ پرست ۔

**voluntristic, a.** ارادہ پرستی سے متعلق ۔

**voluntary, a.** ارادی ؛ عمداً ؛ قصداً ؛ اپنے ارادے یا خوشی سے کیا ، بنایا ہوا یا انجام دیا ہوا ؛ رضاکارانہ ؛ قوت ارادہ یا انتخاب والا (جیسے : a voluntary agent) ؛ رضاکارانہ عمل سے متعلق (جیسے : a voluntary school) ؛ طبیعت سے ؛ ازخود (جیسے : a voluntary burst of song) ۔ (فعلیات) ارادی یا ارادے کے ماتحت (جیسے : voluntary muscles) ۔ (قانون) بلاجبر و کراہ ؛ اراداتاً نہ کہ اتفاقاً انجام دیا ہوا ؛ لالچ کے بغیر کیا ہوا (جیسے : a voluntary conveyance or settlement) ؛ بلا جبر ومصالحت ۔(اسم) خوشی سے کیا ہوا کام ۔ (موسیقی) گرجا کی عبادت سے قبل ، درمیان یا بعد میں اکثر اوقات آرگن کا تنہا بجایا جانے والا نغمہ ۔

**voluntarily, adv.** رضاکارانہ طور پر ؛ خوشی سے ؛ ازخود ۔

**voluntariness, n.** ارادیت ؛ اختیار ؛ خوشی ؛ خود اختیاری ۔

**voluntaryism, n.** رضاکاریت ؛ رضاکارانہ نظام یا اصول جس کے تحت حکومت کی مدد کے بغیر ذاتی چندے یا رضاکارانہ امداد سے گرجا گھر یا اسکول چلائے جاتے ہیں ۔

**voluntaryist, n** رضاکارانہ طریقے کا حامی ۔

**volunteer, n.** رضا کار ؛ وہ شخص جو اپنی خوشی سے کوئی نوکری یا کام کرتا ہے ۔ (عسکری) وہ شخص جو کسی جبر یا قانون سے نہیں بلکہ اپنی خوشی سے مستقل طور پر ملازمت کی بجائے کسی خاص یا عارضی خدمت کے لیے فوج میں اپنی خدمات پیش کر دیتا ہے ۔ (زراعت) بیکار جڑی بوٹی کے علاوہ وہ پودا جو لگائے بغیر از خود اگ آتا ہے ؛ خود رو ۔ (قانون) وہ شخص جسے کسی معاوضے کے بغیر انتقال جائیداد کی جائے یا بلاجبر جس کے نام جائیداد ہبہ کر دی جائے ؛ غیر شخص جو کسی منافع کی امید کے بغیر کسی قانونی لین دین میں حصہ لیتا ہے ۔ (صفت) رضاکاروں کا یا رضاکاروں پر مشتمل ؛ کسی ملازمت میں رضاکارانہ داخلے سے متعلق ۔ (زراعت) ان فصلوں سے

متعلق جو از خود اگ آئیں یا خود اپنے بوئے ہوئے بیجوں سے پیدا ہو جائیں (جیسے : a volunteer growth ) ۔ (فعل لازم) اپنے آپ کو کسی کام یا ملازمت کے لیے پیش کرنا ؛ کسی ملازمت میں داخل ہونا یا رضاکار کے طور پر بھرتی ہونا ۔ (فعل متعدی) کسی ڈیوٹی یا مقصد کے لیے پیش کرنا ، جیسے اپنے آپ کو یا خدمات کو ؛ رضاکارانہ طور پر دینے، دکھانے یا شریک ہونے کی پیشکش کرنا ؛ تقریر یا مراسلت میں پیش کرنا (جیسے : to volunteer the explanation ) ۔

**voluptuary,** n. عیاش ؛ وہ شخص جو بنیادی طور پر عیش و عشرت میں دلچسپی لیتا ہے ؛ عشرت پسند ؛ عیش پسند ؛ نفس پرست ۔

**voluptuous,** a. شہوت انگیز ؛ شہوانی ؛ عیاش ؛ نفسانی خواہشات سے متعلق ؛ شہوت خیز جیسے عورت کا بھرا ہوا سڈول جسم ۔

**voluptuously,** adv. شہوانی طور پر ؛ عیاشی میں ؛ شہوت سے ۔

**voluptuousness,** n. عیاشی ؛ شہوانیت ؛ شہوت انگیزی ؛ عشرت پسندی ۔

**volute,** n. مرغولی ، بلدار (تعمیر یا شے) ۔ (فنِ تعمیر) آرایشی بیل جو آیونی اور کارنتھی تہذیب کی عمارات کی خصوصیت ہے ۔ (حیوانیات) بل دار گھونگھے کا چکر ؛ منطقہ معتدلہ کے سمندروں میں پائے جانے والے کنڈل کیڑوں کی جنس کے حیوانات ناعمہ جس میں سے بہت سی قسموں کے خول اپنی خوبصورتی کے لیے مشہور ہیں ؛ کنڈل گھونگا ؛ حلزون ؛ مرغول ۔ (صفت) مرغولی ؛ حلزونی ؛ لپٹا ہوا ؛ پیچاں ؛ گھونگا شکل ۔

**voluted,** a. مرغولے دار ؛ چکر دار ۔

**volution,** n. کنڈل ؛ مرغولہ ؛ پیچ ؛ لپیٹ ؛ چکر ؛ پھیر ۔

**volva,** n. (نباتیات) ایک جھلی جو بعض کھمبیوں اور ککرمتوں کو ڈھانکے رکھتی ہے ؛ کھمبی غلاف ۔

**volvate,** a. غلاف دار ؛ جھلی والی ؛ جھلی دار ۔

**volvox,** n. بستی باش ؛ تازہ پانی میں اگنے والے اسی نام و نسل کے لمبی ڈنٹھل والے پودے جو بہم پیوستہ ہو کر سبز کھوکھلے کروی جھنڈ بن جاتے ہیں اور عموماً وہ سبز کائی شمار ہوتے ہیں ۔

**volvulus,** n. (امراضیات) مروڑ ؛ فتلتہ الماء ؛ آنت کا مروڑ ؛ آنت کا بل جس سے آنت میں ر کاوٹ پیدا ہو جاتی ہے ۔

**vomer,** n. (تشریح الاعضا) بیشتر فقاری جانداروں میں کھوپڑی کی ایک ہڈی جو ناک کے بانسے کی درمیانی دیوار بناتی ہے ؛ ہیکعہ ؛ غنیہ ۔

**vomerine,** a. ہیکعی ؛ ناک کے بانسے کی درمیانی دیوار سے متعلق ۔

**vomit,** v.i. ابکائی آنا ؛ اوکنا ؛ قے ہونا ؛ زور یا شدت کے ساتھ نکل پڑنا ۔ (فعل متعدی) معدے کے مشمولات منہ سے نکالنا ؛ الٹی کرنا ، قے کرنا ؛ اگلنا جیسے قے میں ؛ زور یا شدت سے خارج کرنا ؛ قے کروانا ۔ (اسم) ابکائی ؛ قے میں خارج ہونے والا مواد ؛ قے آور دوا ۔

**vomiter,** n. قے کرنے والا ؛ ابکانے یا اوکنے والا شخص ۔

**vomitous,** a. قے آور ؛ ابکائی پیدا کرنے والا ۔

**vomitory,** a. مقی ، قے آور؛ ابکائی لانے والا ؛ قے کرنے سے متعلق ۔ (اسم) قے آور دوا ؛ وہ شگاف جس میں سے کوئی چیز نکلتی ہے ؛ تھیٹر یا ایمفی تھیٹر یا اسٹیڈیم میں ہجوم کے داخل ہونے یا اس سے نکلنے کا کوئی دروازہ ۔ نیز :vomitorium ۔

**vomiturition,** n. متواتر قے ؛ ابکائی ؛ قے کرنے کی ناکام کوشش ؛ تھوڑا سا مادہ خارج کرنے والی قے ؛ زور استفراغ ۔

**vomitus,** n. قے میں خارج ہونے والا مواد ۔

**voodoo,** n. ووڈو ؛ جادو ، منتر ، جھاڑ پھونک کی قسم کے پراسرار رسوم والا ایک افریقی مذہب جو جزائر غرب الہند کے حبشیوں میں رائج ہے ؛ ان رسوم پر عامل شخص ؛ سفلی جادو کا عقیدہ رکھنے والا ۔ (صفت) سفلی جادو کا یا جادو ٹونے سے متعلق ۔ (فعل متعدی) سفلی جادو کرنا ؛ ٹونے ٹوٹکے اور جھاڑ پھونک سے اثر ڈالنا ۔

**voodooism,** n. ووڈو ساحری ؛ سفلی جادو کا عقیدہ یا عمل ۔

**voodooist,** n. سفلی جادوگر ؛ ووڈو ساحر ۔

**voodooistic,** a. سفلی جادوگرانہ ؛ ووڈو ساحرانہ ۔

**voracious,** a. ندیدہ ؛ پیٹو ؛ بھکوسنے والا ؛ کھاؤ ؛ حریص ؛ خورندہ ۔

**voraciously,** adv. ندیدے پن سے ؛ پیٹو پن سے ۔

**voraciousness, voracity,** n. ندیدہ پن ؛ پیٹو پن ؛ مربُھکا پن ۔

**vorlage,** n. [جرمن] اسکی کرنے والے یعنی برف پر پھسلنے والے کا وہ انداز جس میں وہ آگے کی طرف جھکا ہوتا ہے لیکن اسکیوں پر ایڑیاں جمائے رکھتا ہے ۔

**vortex,** n. ورطہ ؛ پانی یا ہوا کا چکر ، جیسے گرداب یا بھنور یا گردباد ؛ بھنور جیسی صورت حال جیسے جوشیلی حرکت یا ناقابل مزاحمت زور ؛ کارٹیزی فلسفے میں مرکز کے گرد کائناتی مادے کی تیز گردش جسے اجسام فلکی کی پیدایش یا فضائی اجسام کے نظاموں کی پیدایش کا سبب سمجھا جاتا ہے ؛ بگولا ؛ دوّارہ ؛ مرغول ؛ گردش ۔

**vortical,** a. گردابی ؛ گرداب یا گردباد سے متعلق ؛ مرغولی ؛ گردبادی ؛دوّاری ؛ چکردار ؛ حلقوی ؛ چکر کی شکل کا ۔

**vortically,** adv. چکر کی شکل میں ؛ دواری طریقے سے ؛ گردابی انداز میں ۔

**vorticella,** n. جرسی حوینات ؛ اسی نسل کا گھنٹی نما خرد حشرہ جو ٹھہرے ہوئے پانی میں پایا جاتا ہے ۔

**vorticity,** n. (طبیعیات) کسی سیال کی مرغولی حرکت میں اِس کے چکر کی پیمایش ۔

**vorticose,** a. دوّارہ دار ؛ چکریلا ؛ چکر دار ؛ گردشی ؛ مرغولی ۔

**vortiginous,** a. بھنور سے مشابہ ؛ چکر کھاتا ہوا ؛دوّاری ؛ مرغولی ؛ گردابی ۔

**vortaress, votress,** n. عبیدہ ؛ کسی عقیدے ، عبادت یا طرز زندگی کی حامی عورت ۔

**votary,** n. عبید ؛ مرید مخلص ؛ فدوی ؛ وہ شخص جو کسی حلف سے وابستہ ہو یا کسی خاص طرز زندگی یا مذہب کا حلف اٹھایا ہو یا اس سے وابستہ ہو ؛ راہب ؛ عقیدت مند ؛ پرستار ؛پیرو؛ مداح ؛ بھگت ۔ نیز : votarist ۔ (صَفت) حلفاً ؛ حلف سے وابستہ ۔

**vote, n.** حق رائے ؛ ووٹ ؛ رائے ؛ کسی معاملے میں اپنی نیت ، خواہش یا چناؤ کا رسمی اظہار چاہے کسی فرد واحد کی طرف سے ہو یا افراد کے مجموعے یعنی پارٹی کی طرف سے ؛ وہ ذریعہ جس سے ایسا اظہار کیا جائے جیسے قرعہ اندازی یا ٹکٹ ؛ ایسے اظہار کا حق ؛ حق رائے دہی ؛ رائے دہی کے ذریعے سے کوئی فیصلہ ، جیسے ڈالے ہوئے ووٹوں کی کثرت سے ؛ مجموعی آرا (جیسے : the labor vote ) ـ (قدیم) حلف ؛ خواہش ؛ دعا ؛ ووٹ ـ (فعل لازم) ووٹ ڈالنا ؛ رائے دینا ـ (فعل متعدی) ووٹ کے ذریعے سے قانون بنانا ، مستحکم کرنا یا طے کرنا ؛ کسی کے ووٹ سے حمایت یا وکالت کرنا ـ (بول چال) عام رضامندی سے اعلان کرنا ـ

**vote down,** ووٹ سے نامنظور کرنا ، جیسے استصواب رائے میں ـ

**vote in,** منتخب کرنا ؛ چننا ـ

**voteless, a.** بے ووٹ ؛ جس کا کوئی ووٹ نہ ہو ، خصوصاً وہ شخص جو سیاسی چناؤ میں رائے دہی کا حق دار نہ ہو ـ

**voter, n.** رائے دہندہ ؛ ووٹر ؛ وہ شخص جو ووٹ یا رائے دیتا ہے ؛ جو رائے دہی کا حق رکھتا ہے ؛ چننے یا چناؤ کرنے والا ـ

**voting machine, n.** ووٹ مشین ؛ ایک مشین جو کسی انتخاب میں ، رائے دہندگان کے مسلسل چلانے سے ،ڈالے گئے ووٹوں کا میزان کرتی اور گوشوارہ مرتب کرتی ہے ـ

**votive, a.** نذری ؛ مَنت کا ؛ نذر کا ؛ جو کسی قَسم کے ساتھ مانا جائے (جیسے :a votive offering ) ؛ جو منت پوری ہونے پر کیا جائے یا چڑھایا جائے ؛ کسی خواہش یا تمنا کی قسم کا یا اس کا مظہر ـ (رومی کیتھولک کلیسا) اختیاری ؛ جو لازم نہ ہو (جیسے : a votive mass ) ـ

**votively, adv.** منت کے طور پر ـ

**votiveness, n.** نذر ؛ بھینٹ ؛ منت ؛ چڑھاوا ـ

**Votive Mass, n.** (رومی کیتھولک کلیسا) وہ عشائے ربانی جو دن کی فرض عبادت سے مطابقت نہ رکھتی ہو بلکہ پادری کی مرضی سے ادا کی جائے ـ

**vouch, v.i.** سچ ، یقینی یا معتبر یا درست ہونے کی تائید کرنا (عموماً لفظ for کے ساتھ ، جیسے : His grades vouch for his capabilities ) ؛ تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ اپنی ضمانت دینا ، بطور ضامن کے (عموماً لفظ for کے ساتھ ، جیسے : 'The judge would vouch for his character ) ـ (فعل متعدی) اجازت دینا ، تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ کسی عملی ثبوت یا مظاہرے سے تائید کرنا یا جیسا کچھ کہ وہ ثابت کرے ؛ تائید میں پیش یا نقل کرنا ، جیسے کسی کتاب یا مُصنف کے بیان سے اقتباسات ؛ صحیح ثابت کرنے کے لیے نقل کرنا ، بطور سند مثالیں یا حقائق ـ (قانون) طلب کرنا یا بلانا ، جیسے کسی شخص کو ، عدالت میں کسی حق کا جواز ثابت کرنے کو ـ (متروک) بلانا یا لینا گواہی میں ، جیسے کسی شخص کو ـ

**vouchee, n.** (قانون) وہ شخص جسے خاص طور پر عام وصولیوں سے متعلق حق کے اثبات یا دفاع کے لیے طلب کیا جائے ـ

**voucher, n.** شاہد ؛ وثیقہ ؛ وہ شخص یا چیز جو کسی کی تصدیق یا توثیق کرے ، جیسے کسی شے کے متعلق ؛ کوئی کتاب ، دستاویز یا اقرار نامہ وغیرہ جو کسی شے کی حقیقت یا سچائی ثابت کرنے کا کام دے سکے ؛ رسید یا کوئی اور تحریری گواہی ، جیسے رقم کی ادائی میں ؛ بیجک یا فرد حساب ؛ واؤچر ؛ تصدیق ادائی ـ

**vouchsafe, v.t., v.i.** عطا کرنا ، اکثر از راہ عنایت ؛ اجازت دینا ؛ عنایت کرنا ؛ از راہ نوازش دینا ؛ عزت افزائی کے طور پر کرنا ـ

**vouchsafement, n.** عنایت ؛ نوازش ؛ کرم ؛ فروتنی ؛ جھکاؤ ؛ تواضع ـ

**voussoir, n.** (فنِ تعمیر) فانہ ؛ پھانہ ؛ کٹی ہوئی پچر کی شکل کا کوئی پتھر کا ٹکڑا جس سے محراب بنتی ہے ـ

**vow, n.** منت ؛ عہد ؛ قَسم ؛ اقرار ؛ پکا وعدہ ؛ سنجیدگی سے قبول کی ہوئی ذمہ داری ؛ بعض شرائط پوری ہو جانے پر کسی کام کے کرنے کی ، خدا یا کسی دیوی ، دیوتا کے نام کی کھائی ہوئی قسم ؛ کسی راہ عمل کے اختیار کرنے یا اپنے آپ کو کسی کام یا خدمت کے لیے وقف کر دینے کا وعدہ ـ (فعل متعدی) اقرار صالح کرنا ؛ سنجیدگی سے وعدہ کرنا ؛ قسم کھا کر دے ڈالنا ؛ وقف کرنا یا نذر کرنا ، جیسے کسی الوہی قوت کو ؛ سنجیدگی سے یا قسم کھا کر دھمکانا (جیسے : I vow vengeance ) ـ (فعل لازم) عہد کرنا یا قسم کھانا ـ

**take vows,** کسی مذہبی نظام میں داخل ہونا ؛ حلف اٹھانا ـ

**vower, n.** حلف بردار ؛ عہد کرنے یا قسم کھانے والا ـ

**vowel, n.** حرف علت ؛ زبان کی کم و بیش کشادہ اور گنجیلی صوت جو اصوات صحیحہ کے ساتھ مل کر ارکان بناتی ہے ؛ صوت صحیح سے مختلف آواز ؛ صوت علت ؛ سُر ؛ اس آواز کو ظاہر کرنے والا حرف ، جیسے انگریزی کے u,o,i,e,a اور بعض اوقات y ـ (صفت) سُر کا ؛ سُر سے متعلق ؛ حرف علت سے متعلق ـ

**vowelize, v.t.** اعراب لگانا ؛ سر کے نشانات یا علامات لگانا جیسے اردو ، عربی ، فارسی اور عبرانی الفاظ میں ـ

**vowelization, n.** اعراب نگاری ـ

**vowel point, n.** نشان اعراب ؛ بعض زبانوں جیسے اردو ، عربی یا عبرانی میں سُروں کے ظاہر کرنے کے لیے حروف صحیحہ کے اوپر یا نیچے لگائے جانے والے بعض نشانات (اعراب) میں سے کوئی ایک نشان ـ

**vox angelica, n.** ملکوتی آواز ؛ ارگن باجے کا ایک پردہ یا روک (پپیا) جس سے ایسی نرم و نازک آواز نکلتی ہے جیسے کھونٹی دار ارگن سے ـ

**vox caelestis, n.** دیکھیے :Voix celeste ـ

**vox humana, n.** [لاطینی] انسانی آواز ؛ انسان کی سی آواز ؛ ارگن باجے کا ایک روک (پپیا) جس سے انسانی آواز سے ملتی جلتی ، آوازیں نکلتی ہیں ـ

**vox populi, n.** [لاطینی] رائے عامہ ؛ آوازۂ خلق ؛ زبان خلق ؛ عوامی رائے کا اظہار ـ

**voyage, n.** بحری سفر ؛ ایک مقام ، بندرگاہ یا ملک سے دوسرے مقام ، بندرگاہ یا ملک تک کا سمندری سفر خصوصاً کسی دور دراز مقام یا ملک کا بحری سفر ؛ ماضی میں پانی یا خشکی کا سفر ؛ فضائی گاڑی یا ہوائی جہاز کا سفر ؛ سفر کے بارے میں لکھا ہوا حال ؛ سفر نامہ ـ (فعل لازم) خشکی یا سمندر کا سفر کرنا ؛ بادبانی یا مشینی جہاز سے سمندری سفر کرنا ـ (فعل متعدی) سفر کرنا ؛ عبور کرنا ؛

گزرنا۔

**voyager, n.** بحری سفر کرنے والا ؛ سمندری مسافر ؛ دریائی مسافر ؛ جہازی مسافر۔

**voyageur, n.** سفر کارندہ ؛ کینیڈا میں لوگوں کے اس طبقے کا فرد ، جسے سمور کی تجارت کرنے والی کوئی کمپنی ، غیر آباد خطوں میں،خصوصاً ناؤ سے سفر کر کے لوگوں اور مال تجارت کو ادھر سے ادھر لانے لے جانے اور مختلف مقامات سے رابطے قائم رکھنے کے لیے ، ملازم رکھتی ہے۔

**voyeur, n.** شہوت نظر ؛ وہ شخص جو جنسی حرکات یا اعضا کے نظارے سے جنسی تسکین پاتا ہے۔

**voyeurism, n.** شہوت نظری ؛ جنسی حرکات و اعضا کے نظارے سے جنسی تسکین حاصل کرنے کا نظریہ۔

**voyeuristic, a.** شہوت نظری سے متعلق۔

**voyeuristically, adv.** شہوت نظری طور پر۔

**V-particle, n.** وی ذرات ؛ پروٹون یا نیوٹرون سے بڑی جسامت کے اساسی ذرے ہپرون کا قدیم نام۔

**vrouw, n.** [ولندیزی] بیوی ؛ عورت ؛ شادی شدہ عورت۔

**V sign,** نشان فتح ؛ فتح یا امن یا رضا مندی ظاہر کرنے والا اشارہ جو ہاتھ کی دو ابتدائی انگلیاں انگریزی کے حرف ''V'' کی شکل میں اٹھا کر کیا جاتا ہے۔

**vug, vugg, vugh, n.** (کان کنی) شگاف معدن ؛ ایک جوف یا کھوکھلا حصہ جس کی دیواروں پر معدنی قلمیں آویزاں ہوں۔

**vuggy, a.** شگاف معدن یا معدنی غار سے متعلق۔

**Vulcanian, a.** دھات کے کام اور آگ کے رومی دیوتا ولکن سے یا دھات کے کام سے متعلق۔ (چھوٹے V سے) (ارضیات) آتش فشانی ؛ کوہ آتش فشاں سے متعلق ؛ ولکانیت سے متعلق ؛ برکانی۔

**vulcanism, n.** دیکھیے : volcanism۔

**vulcanite, n.** ولکنائٹ ؛ سخت ربڑ ؛ آتش تپیدہ ربڑ ؛ اونچے درجہ حرارت پر بنایا ہوا ایک سخت قسم کا ربڑ جس میں گندھک کی ایک بڑی مقدار ملائی جاتی ہے اور جو کنگھیوں اور برقی غیر موصل آلات وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے ؛ آبنوس ؛ برکنائٹ۔

**vulcanizate, n.** ولکنایا ہوا ؛ برکایا ہوا ؛ گندھک ملا ربڑ یا اس سے بنی ہوئی کوئی چیز۔

**vulcanize, v.t.** ولکنانا ؛ گندھک یا گندھک کا کوئی مرکب ملانا جیسے ربڑ میں اور اسے درمیانی آنچ پر تپانا تاکہ اس کی سختی جاتی رہے اور لچک اور مضبوطی بڑھ جائے یا جب گندھک کی زیادہ مقدار ملا دی جائے اور زیادہ آنچ دی جائے تو وہ سخت ہو جائے ؛ اس طرح گندھک یا گندھک کے مرکبات ملانا جیسے ربڑ میں لیکن آنچ نہ دی جائے جس سے اس کے اثرات صرف سطحی اور بیرونی ہی رہیں ؛ ربڑ کے علاوہ دوسری اشیا کو سخت بنانے کے لیے اس سے ملتے جلتے عمل سے گزارنا ؛ بُرکانا۔

**vulcanization, n.** ولکاؤ ؛ بُرکاؤ ؛ ولکنانے کا عمل ؛ گندھک آمیزی۔

**vulcanizer, n.** ولکاؤ کار ؛ برکاؤ کار ؛ گندھک آمیزی کرنے والا۔

**vulcanized fiber, n.** ولکاؤ ریشہ ؛ ایک سخت لچکدار مادہ جو سیلولوس (خلوی مادے) پر جست کے کلورائیڈ کے عمل سے تیار ہوتا ہے اور خصوصیت سے کم وولٹیج کی غیر موصیلت میں استعمال ہوتا ہے ؛ برکاؤ ریشہ۔

**vulcanology, n.** بُرکانیات ؛ وہ عِلم جس میں آتش فشاں پہاڑوں کی ماہیت پر بحث کی جاتی ہے۔

**vulcanologist, n.** ماہرِ برکانیات ؛ آتش فشانی ماہیت کا عالم۔

**vulgar, a.** عامیانہ ؛ سوقیانہ ؛ بازاری ؛ پست ؛ تربیت یا شایستگی سے محروم ؛ قدرے بھدّا ؛ اُجڈ ؛ گنوار ؛ کندۂ ناتراش ؛ بے حیا یا بد لحاظ ؛ نیچ ؛ عوامی یا گروہی ؛ گنوارو ؛ عمومی یا مروّجہ ؛ جمہور کی زبان یا عام بول چال میں بیان کیا ہوا (جیسے : the vulgar tongue) ؛ معمولی یا کسی خصوصیت و امتیاز سے محروم ۔(اسم، قدیم ) عوام الناس یا عام لوگ ۔ (متروک) عام بول چال کی زبان ؛ ورناکیولر۔

**vulgarly, adv.** عوام کے نزدیک ؛ سفلے پن سے ؛ بیہودہ پن سے ؛ بھدّے پن سے ؛ بے سلیقگی سے ؛ گنوار بنے سے۔

**vulgarness, n.** بھدا پن ؛ گنوار پنا ؛ بے حیائی ؛ سفلگی ؛ بے سلیقگی ؛ سوقیت ؛ اوچھا پن ؛ کمینہ پن ؛ بازاری پن۔

**vulgarian, n., a.** گنوار ؛ بدسلیقہ ؛ پست ذوق شخص ؛ سِفلہ۔

**vulgarism, n.** بازاری پن ؛ سوقیانہ ؛ سوقیت ؛ عامیانہ پن ؛ بیہودگی ؛ سفلگی ؛ بول چال میں استعمال ہونے والا بھدّا فقرہ یا جملہ ؛ گنوارو ؛ سوقیت پسندی۔

**vulgarity, n** ناشایستگی ؛ گنوار پن ؛ سوقیت ؛ بھدا پن ؛ بھدا جملہ ، عادت یا عمل ؛ بے سلیقگی ؛ اوچھا پن ؛ کمینہ پن ؛ سفلہ پن ؛ بیہودگی۔

**vulgarize, v.t.** عامیانہ بنانا ؛ گنوارو بنانا ؛ بھدا کر دینا ؛ سوقیانہ پن پیدا کرنا ؛ بے سلیقہ کرنا۔

**vulgarization, n.** عامیانہ سازی ؛ عامیانہ بنانے کا عمل ؛ سوقیت کاری۔

**vulgarizer, n.** عامیانہ ساز ؛ سوقیت کار۔

**Vulgar Latin, n.** عوامی لاطینی ؛ مروجہ ادبی لاطینی سے مختلف ، وہ لاطینی زبان جسے قدیم روم کے لوگ بولتے تھے اور جس سے رومانی زبانیں نکلی ہیں ؛ انجیل کے لاطینی ترجمے سے متعلق۔

**vulgate, a.** عام یا عام استعمال میں (جیسے : a vulgate text) ۔ (اسم) (بڑے V سے) انجیل کا لاطینی ترجمہ جو جیروم نے چوتھی صدی عیسوی کے آخر میں کیا تھا اور جو رومی کیتھولک کلیسا کا مستند متن مانا گیا ؛ کوئی لاطینی متن یا عبارت ؛ پرانا ترجمہ۔

**vulgus, n.** عوام الناس ؛ لاطینی تحریر کی ایک مختصر مشق جو کبھی انگریزی پبلک اسکولوں میں طلبہ سے کرائی جاتی تھی۔

**vulnerable, a.** زد پذیر ؛ گھائل ہونے کے لائق ؛ چوٹ یا تنقید کا شکار ؛ غیر محفوظ یا جو حملے کی زد میں ہو (جیسے : a vulnerable nation) ۔ (برج) اس ٹیم سے متعلق جس نے ربر کا ایک کھیل جیت لیا ہے اور جسے فوائد یا جرمانوں میں اضافہ مل سکتا ہے۔

**vulnerability, vulnerableness, n.** زد پذیری ؛ ضرب پذیری ؛ حملے یا اعتراض کی زد میں ہونے کی حالت ؛ عدم تحفظ۔

**vulnerably, adv.** زد پذیری کے طور پر ؛ حملے یا اعتراض کی زد میں ہونے سے ؛ عدم تحفظ کے طور پر۔

**vulnary, n.** شافیِ زخم ؛ اندمالی ؛ زخم کو اچھا کرنے یا بھرنے والا ؛ زخموں کے علاج میں مستعمل ۔ (اسم) وہ شے جو زخم